اَمْ (حرف عطف) بالعموم دو متبادلوں کے درمیان معادلہ کے لئے استعمال ہوتا ہے اور دوسرے متبادل کے شروع میں لکھا جاتا ہے-جبکہ پہلے متبادل سے پہلے حرف استفہام "اَ" بمعنی خواہ آتا ہے-

سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ (۶:۲)

تم انہیں نصیحت کرو یا نہ کرو، ان کے لئے برابر ہے-

اٰمِّیْنَ باب ن (اسم فاعل-جمع مذکر منصوب) قصد کرنے والے، رخ کرنے والے-

اَمَّ یَؤُمُّ اَمًّا قصد کرنا، رخ کرنا-

وَلَآ اٰمِّیْنَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ (۲:۵)

اور نہ ان لوگوں کی (بےحرمتی) کرنا جو عزت کے گھر (یعنی بیت اللہ) کو جا رہے ہوں-

اَمَّا (ف) (حرف شرط و جواب شرط) البتہ-مگر-

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰی (۶،۵:۸۰)

البتہ وہ جو پرواہ نہیں کرتا، تو اس کی طرف تو تم توجہ کرتے ہو-

اِمَّا حرف یا، خواہ-یا تو

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً (۴:۴۷)

پھر اس کے بعد یا تو احسان رکھ کر چھوڑ دینا چاہئے یا کچھ مال لے کر-

اِمَامٌ (اسم) رہنما-قرآن-قائد

اَئِمَّۃٌ (اسم جمع) پیشوا-قائدین-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أَمَامَ (ظرف مکان) سامنے-آگے-

أُمَّةٌ (اسم)(۱)-قوم-ملت'امت

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً (۲:۲۱۳)

(پہلے تو سب) لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا-

(۲) مدت-وقفہ-عرصہ-

وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ (۱۲:۴۵)

اور اسے مدت کے بعد وہ بات یاد آئی-

(۳) ایک (معین) راستہ، مسلک، طریقہ، مذہب-

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ (۴۳:۲۲)

ہم نے باپ دادا کو ایک راہ پر پایا-

۴-اسلوب-طریقہ-(مثال، قابل تقلید نمونہ، دیندار اور پرہیزگاری کے لحاظ سے)

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا (۱۶:۱۲۰)

بے شک! حضرت ابراہیم (علیہ السلام) لوگوں کے امام (اور) خدا کے فرمانبردار تھے جو ایک طرف ہو کے رہے تھے-

نوٹ: امام راغب کے قول کے مطابق اس آیت میں " امۃ" قوم اور گروہ کے معنوں میں آیا ہے-

اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنی ذات میں ایسی صفات کا مرقع بتایا گیا ہے جن صفات کی لوگوں کو ان سے توقع ہے-گویا وہ اپنی صفات میں ایک پوری قوم اور معاشرہ ہیں-

نوٹ: امام راغبؒ نے کسی غیر معروف اور غیر ثقہ مفسر کا یہ نقطۂ نظر بیان کیا ہے کہ اُمّی اُم القریٰ (مکہ) کی صفت نسبتی ہے یعنی اُمّی سے مراد مکہ کا رہنے والا ہے-یہ نقطۂ نظر ایک اندازہ اور تخمینہ ہی کہا جا سکتا ہے-قواعد زبان اس کی تائید نہیں کرتے-قرآن کریم نے ایک دوسری جگہ (۲:۷۸) میں اس لفظ کی یہ وضاحت کی ہے کہ "اُمِّيُّوْنَ"، اُمّی کی جمع ہے یعنی ناخواندہ لوگ-

اُمِّيُّوْنَ اُمّی کی جمع

ان پڑھ/ ناخواندہ لوگ-

الْاُمِّيّٖنَ اَلْاُمِّيُّ کی جمع) ان پڑھ لوگ/ ناخواندہ لوگ-

وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ (۲:۷۸)

اور بعض ان پڑھ ہیں کہ اپنے خیالات باطل کے سوا (خدا کی) کتاب سے واقف ہی نہیں-

اُمَمٌ (اسم-جمع) گروہ' قومیں' ملتیں-

اَمَّنْ (اَمْ + مَنْ) سے مرکب حرف استفہام-

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ (۳۹:۹)

بھلا (مشرک اچھا ہے یا) وہ جو راتوں کے اوقات میں عبادت کرتا ہے؟

ا م ن ☆

اَمِنَ (مہموز) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) محفوظ ہو گیا-اپنے آپ کو محفوظ سمجھا-کسی کو کوئی امانت سپرد کی-

اَمِنَ يَاْمَنُ اَمْنًا وَ اَمَانًا وَ اَمَانَةً

امن میں آنا-امانت رکھنا-کسی کو محفوظ جاننا-

فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا (۲:۲۸۳)

اور اگر کوئی کسی کو امین سمجھے (یعنی رہن کے بغیر) قرض دے-

اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا (۷:۹۸)

کیا بستیوں کے رہنے والے اس سے بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا (رات کو) واقع ہو-

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ (۲:۲۳۹)

پھر جب امن (و اطمینان) ہو جائے تو ...... خدا کو یاد کرو-

اَمِنُوْا (فعل ماضی-جمع مذکر غائب) وہ امان میں ہیں-

اَمِنْتُمْ (فعل ماضی-جمع مذکر حاضر) تم امان میں ہو-

اَمِنْتُ (فعل ماضی-واحد متکلم) میں نے اعتبار کیا-امانت سپرد کی-

اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ (۱۲:۶۴)

مگر میں ویسا ہی...... جیسا اعتبار میں نے اس کے بھائی کے بارے میں کیا تھا-

يَاْمَنُ (فعل مضارع، واحد مذکر غائب) وہ محفوظ محسوس کرتا ہے-

فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ (۷:۹۹)

پس خدا کے داؤ سے وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو خسارہ پانے والے ہیں-

يَاْمَنُوْا (فعل مضارع-جمع مذکر غائب) وہ اعتبار کرتے ہیں-

تَاْمَنُ (فعل مضارع' واحد مذکر حاضر) تو اعتبار کرتا ہے-

آمَنُ (فعل مضارع-واحد متکلم) میں اعتبار کروں گا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ (۱۲:۶۴)
کیا میں اس بارے میں تم پر اعتبار کروں؟

آمَنَ باب افعال (فعل ماضی، واحد مذکر غائب) وہ ایمان لایا۔

آمَنَ یُؤْمِنُ اِیْمَاناً ایمان لانا یقین کرنا۔

آمَنَتْ باب افعال (فعل ماضی ،واحد مؤنث غائب) وہ ایمان لائی۔

آمَنْتُ باب افعال (فعل ماضی واحد متکلم) میں ایمان لایا۔

آمَنُوْا (فعل ماضی۔جمع مذکر غائب) وہ ایمان لائے۔

آمَنْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم ایمان لائے۔

آمَنَّا (فعل ماضی۔جمع متکلم) ہم ایمان لائے۔

یُؤْمِنُ (فعل مضارع۔واحد مذکر غائب) وہ ایمان لاتا ہے/لائے گا۔

تُؤْمِنُوْا (فعل مضارع/جمع مذکر حاضر) تم ایمان لاتے ہو۔

یُؤْمِنُوْنَ (فعل مضارع۔جمع مذکر غائب) وہ ایمان لاتے ہیں۔

تُؤْمِنُوا منصوب تُؤْمِنُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم ایمان لاتے ہو۔

نُؤْمِنُ (فعل مضارع۔جمع متکلم) ہم ایمان لاتے ہیں۔

یُؤْمِنَنَّ (فعل مضارع مؤکد بہ نون ثقیلہ واحد مذکر غائب) یقیناً وہ ایمان لاتا ہے/لائے گا۔

تُؤْمِنَنَّ (فعل مضارع موکد بہ نون ثقیلہ واحد مذکر حاضر۔تو یقیناً ایمان لائے گا۔

نُؤْمِنَنَّ فعل مضارع مؤکد بہ نون ثقیلہ جمع متکلم ہم یقیناً ایمان لائیں گے

الْاَمْنُ (اسم) امن۔تحفظ

آمِنٌ مذکر۔ آمِنَةٌ۔مؤنث

(اسم فاعل واحد مذکر) مذکر۔ آمِنَةٌ مؤنث پرامن امان یافتہ، مطمئن۔

آمِنِيْنَ منصوب اٰمِنُوْنَ (اسم) مرفوع (اسم فاعل۔جمع مذکر) امان یافتہ، پرامن مطمئن اور محفوظ

اَمِيْنٌ (اسم صفت بروزن فعیل) امانت دار، قابل اعتبار)

اَمَنَةً (اسم) تحفظ۔امن۔ اطمینان تسلی

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً (۳:۱۵۴)
پھر خدا نے رنج و غم کے بعد تسلی نازل فرمائی۔

اَلْاَمَانَةُ (اسم) امانت

الْاَمَانَاتُ (اسم جمع) امانتیں۔

اِيْمَانٌ (اسم) ایمان۔اعتقاد۔یقین

مُؤْمِنٌ باب افعال (اسم فاعل واحد مذکر) ایمان دار۔مؤمن۔

مُؤْمِنِيْنَ منصوب مُؤْمِنُوْنَ مرفوع۔(اسم فاعل جمع مذکر) ایمان دار لوگ۔

مُؤْمِنَةٌ (واحد) مُؤْمِنَاتٌ۔ (جمع) (اسم فاعل واحد مؤنث و جمع مؤنث) ایمان دار عورت۔ ایماندار عورتیں۔

مَاْمَنٌ ظرف مکان جائے امن۔جائے امان۔

مَاْمُوْنٌ (اسم مفعول) محفوظ۔ امان میں

غَيْرُ مَاْمُوْنٍ (غیر محفوظ)

ا م و ☆

اَمَةٌ (اسم) لونڈی۔باندی۔

اِمَاءٌ (اسم جمع) لونڈیاں۔باندیاں

نوٹ: قرآن کریم کے غیر مسلم ترجموں نے امۃ کا ترجمہ لاعلمی کے باعث قیدی عورت کیا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆

اَنَا (ضمیر، واحد متکلم) میں خود

اَنْ (حرف ناصب (۱) یہ حرف اپنے ماقبل حرف لمّا کی تاکید کے لئے آتا ہے۔ مثلاً

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ (۱۲:۹۶)
تب جب خوشخبری دینے والا آیا۔

(۲)۔شرح کے لئے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ (۳۸:۶)
تو ان میں سے معزز لوگ چل کھڑے ہوئے (اور بولے) کہ اپنے معبودوں (کی پوجا) پر قائم رہو۔

اِنْ حرف شرط جازم

حسب ذیل صورتوں میں شرط کا مفہوم ادا کرنے کے لئے آتا ہے۔

(۱)۔شرط:

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ (۵:۱۱۸)
اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں

(۲)۔انّہٗ کی جگہ:۔وہ ہے یا وہ تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا (۲۵:۴۲)
......تو یہ ضرور ہم کو اپنے معبودوں سے بہکا دیتا۔
(۳)۔حرف نفی۔اس صورت میں ان کے بعد الاّ آنا چاہئے۔مثلاً۔
اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (۲۵:۷۴)
(پھر بولا) یہ خدا کا کلام نہیں ہے بلکہ) بشر کا کلام ہے۔
اَنَّ (حرف تحقیق ناصب)
کہ، بے شک، یقیناً (یہ حرف کسی بیان تعارف کے لئے آتا ہے)۔
وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (۲:۲۶۰)
اور جان رکھو کہ خدا غالب اور حکمت والا ہے۔
اِنَّ حرف ناصب۔استئناف
فقرہ یا جملہ کے لئے آتا ہے۔مثلاً
اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ (۳۳:۵۶)
خدا اور فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔

نوٹ: یہ حروف اَنَّ اور اِنَّ کبھی ضمیر متصل سے پہلے آتے ہیں۔یوں اِنَّا اور اَنَّا کا مطلب وکہ میں، یقیناً میں، وغیرہ ہوتا ہے۔اسی طرح یہ حروف دوسری متصل ضمیروں کے پہلے بھی آتے ہیں۔مثلاً ھا۔ھما اور ھم وغیرہ سے پہلے۔
اِنَّمَا (حرف) یقیناً۔ہے مگر۔
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (۱۸:۱۱۰)
کہہ دو کہ میں یقیناً تمہاری طرح ایک بشر ہوں۔
اَنَّمَا (حرف)(بیان) کہ

يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (۱۸:۱۱۰)
(البتہ) میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے۔

ا ن ث ☆

اُنْثٰى (اسم مؤنث) عورت۔
اَلْاُنْثَيَيْنِ (اسم مثنیٰ مؤنث) دو عورتیں۔
اِنَاثٌ (ا: جمع مؤنث) عورتیں۔

ا ن س ☆

اِنْسٌ (اسم) آدمی
اِنْسَانٌ (اسم)(عام) آدمی
اِنْسِيٌّ (اسم)(عام) آدمی
اَنَاسٌ (اسم جمع) لوگ
نَاسٌ (اسم جمع) لوگ
اَنَاسِيُّ (اِلْنسِيٌّ کی جمع) لوگ
آنَسَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) محسوس ہوئی/دکھائی دی۔
آنَسَ يُؤْنِسُ اِيْنَاساً محسوس ہونا/دکھائی دینا۔
اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا (۲۸:۲۹)
(موسیٰ کو) کوہِ طور کی طرف سے آگ دکھائی دی۔
آنَسْتُ باب افعال (فعل ماضی واحد متکلم) مجھے دکھائی دیا۔
آنَسْتُمْ باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تمہیں دکھائی دیا۔
فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا (۴:۶)

اگر تم ان میں عقل کی پختگی دیکھو۔
تَسْتَاْنِسُوْا (فعل مضارع، جمع مذکر حاضر) تم اجازت مانگو۔
اَنِسَ یعنی اسْتَأْنَسَ ۔ اسْتِيْنَاسًا۔
باب استفعال۔شناسائی کرانا۔
مُسْتَأْنِسِيْنَ۔(اسم فاعل باب استفعال جمع مذکر) شناسائی کرانے والے۔
وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ (۳۳:۵۳)
اور باتوں میں جی لگا کر نہ بیٹھ رہو۔

ا ن ف ☆

اَنْفٌ (اسم) ناک۔
وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ (۵:۴۵)
اور ناک کے بدلے ناک۔
آنِفًا (اسم) ابھی ابھی
مَاذَا قَالَ اٰنِفًا (۴۷:۱۶)
انہوں نے ابھی کیا کہا تھا؟

ا ن م ☆

اَنَامٌ (اسم) مخلوقات۔لوگ۔

ا ن ی ☆

يَأْنِيْ (مہموز)(فعل مضارع واحد مذکر غائب) وقت آتا ہے۔
اَنٰى يَأْنِيْ اِنَاءٌ (ض) وقت آنا۔
اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (۵۷:۱۶)
کیا ابھی تک مومنوں کے لئے اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وقت نہیں آیا؟

آناءٌ (اسم-جمع) اوقات-گھڑیاں

آنٍ (اسم فاعل واحد مذکر) . إنیۃ سے مشتق

(۱) ابلتا ہوا-

آنیۃ اسم فاعل واحد مونث إنیۃ ابلنا

یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَ بَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ (۵۵:۴۴)

وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان پھریں گے-

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ (۸۸:۵)

ایک کھولتے ہوئے چشمے کا پانی ان کو پلایا جائے گا-

آنیۃ (اسم) (۲) برتن-

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ (۷۶:۱۵)

(خدام) چاندی کے برتن لئے ہوئے ان کے اردگرد پھریں گے-

إناہٗ (اسم+ضمیرہ) اس کے پکنے کا وقت

أنّٰی (حرف استعجاب) کہاں سے- کیونکر

أنّٰی لَکِ هٰذَا (۳:۳۷)

تمہارے پاس یہ کھانا کہاں سے آتا ہے؟

ا ہ ل ☆

أهْلٌ (اسم) (۱)-لوگ-اہل

وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (۳:۱۱۰)

اور اگر اہلِ کتاب بھی ایمان لاتے تو ان کے لئے بھی بہت اچھا ہوتا-

(۲)-لائق-آقا-مالک-مستحق-

هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (۷۴:۵۶)

وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کا مالک ہے-

(۳)-اہلِ خانہ (مثلاً بیٹا، بھائی، بیویاں اور رشتہ دار)

رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ (۱۱:۴۵)

میرے پروردگار! میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں ہے-

(۴)-ذمہ دار لوگ خاندان کے بڑے لوگ-

فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ (۴:۲۵)

تو ان لونڈیوں کے ساتھ ان کے مالکوں سے اجازت حاصل کر کے نکاح کر لو-

أهْلِیْنَ منصوب- أهْلُوْنَ مرفوع

أهْلٌ کی جمع-خاندان-افراد کنبہ-

ا و ب ☆

أوِّبِیْ (فعل امر واحد مونث حاضر) دھراؤ، بازگشت کرو-

آبَ إیَابًا وَمَآبًا لوٹنا-

أوَّبَ (تفعیل) أیَّبَ صدائے بازگشت پیدا کرنا-لانا-دھرانا-(راغب لسان)

یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ (۳۴:۱۰)

اے پہاڑو! ان کے ساتھ تسبیح کرو-

إیَابٌ (مصدر) واپس آنا (اپنے ارادے سے واپس لوٹنا-راغب)

مَآبٌ ظرف مکان، مصدر میمی پناہ-منزل مقصود-ہدف-واپسی

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ (۳:۱۴)

اور خدا کے پاس بہت اچھا ٹھکانہ ہے-

أوَّابٌ (اسم مبالغہ) بہت زیادہ رجوع کرنے والا-

أوَّابِیْنَ (اسم مبالغہ، جمع) بہت زیادہ رجوع کرنے والے-

أ و د ☆

یَؤُدُ (فعل مضارع-واحد مذکر غائب) تھکاتا ہے-

باب (ن) آدَ یَؤُدُ أوْدًا تھکا دینا-

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا (۲:۲۵۵)

اور اسے (اللہ کو) ان (زمین و آسمان) کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں-

أوِدَ یَأوَدُ أوَدًا ٹیڑھا ہونا

أ و ل ☆

تَأوِیْلٌ (مصدر باب تفعیل) ا: تفسیر و تعبیر

هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَایَ مِنْ قَبْلُ (۱۲:۱۰۰)

یہ میرے خواب کی تعبیر ہے- جو میں نے بچپن میں دیکھا تھا-

(۲) نتیجہ-مآل-خاتمہ

ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا (۴:۵۹)

یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے

(۳)-ایفائے عہد-نتیجہ

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ (۷:۵۳)

کیا یہ لوگ اس کے آخری وعدۂ عذاب کے منتظر ہیں-

أوَّلٌ (اسم عدد ترتیبی) پہلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ (۵۷:۳)
وہ سب سے پہلا ہے اور سب سے آخر ہے-
(عبدالماجد دریا آبادی حواشی ۲۷، ۴۲۷)

أُوْلٰی (عدد ترتیبی مونث) پہلی
یہ لفظ آخرت کی ضد ہے
فَلِلّٰہِ الْاٰخِرَۃُ وَالْاُوْلٰی (۵۳:۲۵)
آخرت اور دنیا تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے-

أُولٰئِکَ / أُولَاءِ / أُولِیْ دیکھئے ا ل و

أَوْلٰی افسوس!-
اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی (۷۵:۳۴)
افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے-

نوٹ:- اوّل کے صیغہ مونث اُوْلٰی اور اَوْلٰی بمعنی افسوس میں تلفظ اور معنی ہر دو لحاظ سے فرق ہے-

أ و ہ ☆

أَوَّاہ (اسم مبالغہ واحد) بہت زیادہ اظہار دکھ یا ماتم کرنے والا - طویل عرصہ کا بیمار
(آہَ یَؤُہُ أَوْھًا وَتَاَوُّہ) (ن)
آہ بھرنا - درد محسوس کرنا - ماتم کرنا-

أ و ی ☆

أَوٰی (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پناہ لی
أَوَوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پناہ لی-
أَوَیْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پناہ لی-

آوٰی (باب افعال، فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پناہ دی ٹھکانہ، پناہ
آوٰی یُؤْوِیْ اِیْوَاءً پناہ دینا-
آوَوْا باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پناہ دی
تُؤْوِیْ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو پناہ دیتا ہے
الْمَاْوٰی (اسم ظرف مکان) پناہ- گھر ٹھکانہ-

☆ ☆ ☆ ☆

اِیْ (حرف ایجاب) ہاں - جی ہاں
اِیْ وَرَبِّیْ اِنَّہٗ لَحَقٌّ (۱۰:۵۳)
ہاں خدا کی قسم! وہ سچ ہے-

www.KitaboSunnat.com

أ ی د ☆

أَیْدِیْ یَدٌ کی جمع دیکھئے ی د و
أَیَّدَ باب تفعیل (فعل ماضی- واحد مذکر غائب)- اس نے تائید کی
أَیَّدَ یُؤَیِّدُ تَاْیِیْدًا تائید کرنا- مضبوط کرنا
أَیَّدْتُ باب تفعیل (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے تائید کی
أَیَّدْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے تائید کی-
نُؤَیِّدُ باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم تائید کرتے ہیں
الْاَیْدُ (اسم) قوت، طاقت
وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ (۵۱:۴۷)
اور آسمانوں کو ہم نے ہی ہاتھوں (طاقت) سے بنایا

أ ی ک ☆

الْاَیْکَۃُ گھنا جنگل - مَدْیَن کا دوسرا نام

نوٹ:- ایکہ کے معنی گھنا جنگل یا باہم مربوط درختوں کے جھنڈ ہیں- نولڈیکے اہل مدین کو اصحابِ ایکہ بتایا ہے مسلم مفسرین مثلاً امام رازیؒ اور ابن کثیرؒ کے قول کے مطابق ایکہ سے مراد وہ ممتاز قبیلے ہیں اگرچہ وہ ایک دوسرے کے قریبی حلیف تھے-

آل اسم - لوگ - پیروکار-

انتباہ:- امام راغب کے قول کے مطابق، آل لفظ ''ھل'' سے مشتق ہے- اھل کی (ہ) الف میں بدل گئی اور اھل آل ہو گیا- اسم تصغیر کی صورت میں اھل اُھَیل بن گیا- اھل اور آل میں فرق یہ ہے کہ آل کا لفظ صرف آدمی کے لئے استعمال ہوتا ہے جب کہ اہل آدمی، وقت، اور خیال وغیرہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے- مثال کے طور پر اھل النار (دوزخی) تو کہا جا سکتا ہے لیکن آل النار کہنا درست نہ ہوگا-

لفظ ''آل'' بنیادی طور پر قبیلہ لوگ، قوم کے لئے استعمال ہوتا ہے لیکن حضرت محمد ﷺ کے لئے بعض معاملات میں آل محمد ﷺ سے آپ ﷺ کے قرابت دار مراد ہیں- ایک اور رائے کے مطابق آل بالعموم پوری امت کے لئے بولا جاتا ہے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أ ی م ☆

الأَيَامىٰ بے شوہر عورتیں (یعنی غیر شادی شدہ' طلاق یافتہ' یا بیوہ)
أَيِّمٌ کی جمع ہے
أَيْمَانٌ دیکھئے يَمِيْنٌ

☆ ☆ ☆ ☆

أَيْنَ (حرف استفہام) کہاں
أَيْنَمَا (حرف) جہاں کہیں
أَيَّانَ (حرف استفہام) کب (وقت کے بارے میں سوال)
أَيَّمَا حرف جو کوئی - کوئی بھی-
إِيَّا (متعلق فعل) صرف
یہ حرف ہمیشہ ضمیر منصوب سے پہلے استعمال ہوتا ہے مثلاً: إِيَّاكَ وَ إِيَّاهُ
إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (۱:۵)
اے پروردگار! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں-
آيَةٌ (اسم) نشان - آیت
آيَاتٌ (اسم جمع) نشانات - آیتیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ب ☆ ☆ ☆

غیر منفصل حرف کی شکل میں حسب ذیل معانی میں استعمال ہوتا ہے:-

(۱)-ساتھ سے
خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ (۲:۶۳)
جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے' اس کو زور سے پکڑے رکھو-

(۲) دوران-میں
وَمِنَ الَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ (۱۷:۷۹)
اور بعض حصہ شب میں بیدار ہوا کرو اور تہجد کی نماز پڑھا کرو-

(۳) سے
اُدْخُلُوْھَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِیْنَ (۱۵-۴۶)
اس میں سلامتی (اور خاطر جمعی) سے داخل ہو جاؤ-

(۴) بدلے
اَلْاَنْفَ بِالْاَنْفِ (۵:۴۵)
ناک کے بدلے ناک-

(۵) قسم
قَالَ فَبِعِزَّتِکَ لَاُغْوِیَنَّھُمْ اَجْمَعِیْنَ (۳۸:۸۲)
کہنے لگا: مجھے تیری عزت کی قسم میں ان سب کو بہکاتا رہوں گا-

(۶) سے از
عَیْنًا یَّشْرَبُ بِھَا عِبَادُ اللّٰہِ (۷۶:۶)
یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے خدا کے بندے پیئں گے

(۷) یہ حرف فعل متعدی کے مفعول کو بھی ظاہر کرتا ہے مثلاً
وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا (۲۵:۷۲)
جب ان کو بیہودہ چیزوں کے پاس سے گزرنے کا اتفاق ہو تو بزرگانہ انداز سے گزر جاتے ہیں-

(۸) فاعل کی تائید و تاکید کے لئے آتا ہے اسے ب زائدہ کہتے ہیں یعنی اضافی ب (راغب) مثلاً
وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ کُنَّا صٰدِقِیْنَ (۱۲:۱۷)
اور آپ ہماری بات کو' اگر ہم سچ ہی کہتے ہوں' باور نہیں کریں گے-

بَالٌ دیکھئے ب و ل
بَابٌ دیکھئے ب و ب

ب ء ر ☆

بِئْرٌ (اسم) کنواں

ب ء س ☆

بِئْسَ (واحد مذکر) (فعل ماضی) جامد للذّم) بدتر' بہت برا-
بِئْسَ الشَّرَابُ (۱۸:۲۹)
(ان کے پینے کا) پانی بھی برا
لَبِئْسَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (۵:۶۳)
بے شک یہ جو کچھ کرتے ہیں برا کرتے ہیں-

لَاتَبْتَئِسْ (فعل نہی باب افتعال واحد مذکر حاضر)-غم نہ کھا-

بَأْسٌ (اسم) (۱) عذاب' سزا
فَجَآءَھَا بَاْسُنَا بَیَاتًا اَوْھُمْ قَآئِلُوْنَ (۷:۴)
جن پر ہمارا عذاب یا تو رات کو آتا جب کہ وہ سوئے ہوتے تھے یا (دن کو) جب قیلولہ کرتے تھے-

(۲)-طاقت-تشدد
وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْہِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ (۵۷:۲۵)
اور ہم نے لوہا پیدا کیا' اس میں (اسلحہ جنگ کے لحاظ سے) سخت خطرہ بھی ہے-
نوٹ:-لوہا نازل کرنے سے مراد دھات کی ابتدائی شکل کے لئے عمدہ استعارہ ہے- یعنی بھٹیوں میں تیار شدہ صورت میں حاصل کرنے سے پہلے اس کی خام صورت (عبدالماجد دریا آبادی حواشی ۲۷- ۵۲۷ الف)

(۳) بدحالی' ناچاقی
بَاْسُھُمْ بَیْنَھُمْ شَدِیْدٌ (۵۹:۱۴)-
ان کی آپس میں سخت ناچاقی ہے

(۴) متصادم-جنگ-
وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ (۲:۱۷۷)
اور سختی و تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں-

اَلْبَأْسَاءُ (اسم) بدحالی-مفلسی
(بدحالی کی وہ صورت جو مال و اسباب سے تعلق رکھتی ہو مثلاً مفلسی اور غربت (دیکھیں LL)
ض' ر' ر' دیکھئے ضَرَّاءُ

اَلْبَائِسُ (اسم فاعل واحد مذکر) مفلس و محتاج
بَئِیْسٌ (صفت بروزن فعیل واحد مذکر خوفناک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ب ت ر ☆

أَبْتَرُ (صفت مشبہ بروزن افعل مخصوص بہ رنگ وعیب) دُم بُریدہ یعنی مستقبل کی تمام آرزوؤں اور امیدوں سے مایوس ومحروم

بَتَرَ يَبْتُرُ بَتْرًا (ن) کم کرنا، قطع کرنا عضو بریدہ کرنا

ب ت ک ☆

لَيُبَتِّكُنَّ باب تفعیل (فعل مضارع مؤکد بہ لام تاکید ونون ثقیلہ۔ وہ یقیناً (جانوروں کے کان) چیریں گے۔

بَتَکَ يَبْتُکُ بَتْکًا وَ بَتَّکَ (کان) چیرنا۔

ب ت ل ☆

تَبَتَّلْ باب تفعل۔ فعل امر واحد مذکر حاضر۔ وقف ہوجانا۔ دنیا سے منقطع ہو

بَتَّلَ باب تفعل۔ تَبَتَّلَ علائق دنیوی سے منقطع ہوکر اللہ کے لئے وقف ہونا

تَبْتِيْلًا (مصدر) وقف کرنا/ہونا

تَبَتَّلَ إِلَى اللّٰهِ سے مراد علائق دنیوی سے منقطع ہوکر اللہ کی عبادت کے لئے وقف ہونا ہے۔ (عبدالماجد دریا آبادی بحوالہ حواشی ۲۹-۳۶۰)

ب ث ث ☆

بَثَّ (فعل ماضی واحد مذکر غائب (فعل مضاعف) اس نے پھیلایا

بَثَّ يَبُثُّ بَثًّا (ن) پھیلانا

يَبُثُّ (فعل مضارع مضاعف واحد مذکر غائب) پھیلاتا ہے

بَثٌّ (اسم مصدر) غم واندوہ اور دکھ

إِنَّمَآ أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ إِلَى اللّٰهِ (۱۲:۸۶)

میں تو اپنے غم واندوہ کا اظہار خدا سے کرتا ہوں۔

اَلْمَبْثُوْثُ (اسم مفعول واحد مذکر بکھرا ہوا۔

مَبْثُوْثَةٌ (اسم مفعول واحد مونث) بکھری ہوئی۔

مُنْبَثٌّ (مُنْبَثًّا) (باب انفعال اسم مفعول) بکھرا ہوا۔

ب ج س ☆

اِنْبَجَسَتْ باب انفعال (فعل ماضی واحد مونث غائب اُبل پڑنا۔

بَجَسَ يَبْجُسُ بَجْسًا (ن) کھولنا

ب ح ث ☆

يَبْحَثُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ کریدتا ہے، کھودتا ہے۔

بَحَثَ يَبْحَثُ بَحْثًا (ن) کھودنا۔ کریدنا

ب ح ر ☆

بَحْرٌ (اسم) سمندر

بَحْرَانِ مرفوع بَحْرَيْنِ منصوب (اسم مثنی) دو سمندر

بِحَارٌ/أَبْحُرٌ (اسم جمع) سمندر بصیغہ جمع

بَحِيْرَةٌ (اسم) بحیرہ (یعنی وہ اونٹنی جس کا دودھ عرب بتوں کے نام نذر کرتے تھے)

ب خ س ☆

يَبْخَسُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کم دیتا۔ بے انصافی کرتا ہے

بَخَسَ يَبْخَسُ بَخْسًا (ف) کم دینا۔ بے انصافی کرنا

لَا تَبْخَسُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم کم نہ دو

يَبْخَسُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ کم دیتے ہیں

بَخْسٌ (اسم) کم قیمت۔

ب خ ع ☆

بَاخِعٌ (اسم فاعل واحد مذکر) وہ شخص جو دکھ کے مارے اپنے آپ کو مار دے بَخَعَ يَبْخَعُ بَخْعًا خودکشی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ب خ ل ☆

بَخِلَ (فعل ماضی-واحد مذکر غائب) اس نے بخل کیا-
بَخِلَ يَبْخَلُ بُخلاً (س) بخل کرنا
بَخِلُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے بخل کیا
يَبْخَلُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)-وہ بخل کرتا ہے
تَبْخَلُوْا منصوب تَبْخَلُوْنَ مرفوع فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم بخل کرو
اَلْبُخلُ (اسم) بُخل

ب د ء ☆

بَدَأَ (مہموز) (فعل ماضی-واحد مذکر غائب) (۱) اُس نے شروع کیا
بَدَأَ يَبْدَأُ بَدْءًا (ف) شروع کرنا-نافذ کرنا-ازسرنو پیدا کرنا (خدا کی طرف سے)
فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ (۱۲:۷۶)
پھر یوسفؑ نے (اپنے بھائی کے شتیلے سے پہلے) ان کے شتیلوں کو دیکھنا شروع کیا-
(۲) ازسرنو پیدا کرنا
فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ (۲۹:۲۰)
پس دیکھو کہ اس نے کس طرح خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کیا ہے-
بَدَاُوْا (فعل ماضی، جمع مذکر غائب) انہوں نے شروع کیا-
بَدَاْنَا (فعل ماضی، جمع متکلم) ہم نے شروع کیا
يَبْدَأُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ شروع کرتا ہے
يُبْدِئُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) (۱)- وہ پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے-
يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ (۱۹:۱۲)-
اللہ (کس طرح) خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے-
(۲)-ظاہر کرنا' دکھانا
وَمَايُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَايُعِيْدُ (۳۴:۴۹)
اور (معبود باطل) نہ تو پہلی بار پیدا کرسکتا ہے اور نہ دوبارہ پیدا کرے گا-
نوٹ:-یہاں "ما" نافیہ ہوسکتا ہے یا مفعول بہ منصوب کا قائم مقام بمعنی ای شيء-

ب د ر ☆

بَدْرٌ (اسم)
مدینہ شریف سے ۱۵۰ کلومیٹر کے فاصلے پر ایک مقام کا نام ہے- یہ پڑاؤ کی جگہ اور منڈی تھی پانی کی بہتات کے لئے مشہور تھی- یہ جگہ مدینہ سے آنے والے مشرک اور شام سے مکہ آنے والے قافلوں کے راستے کا سنگم تھا-
بِدَارًا (مصدر باب مفاعلہ منصوب جلد بازی میں-
بَدَرَ بَادَرَ بِدَارًا جلدی/جلد بازی کرنا-

ب د ع ☆

بَدَعَ (فعل ماضی-واحد مذکر غائب)-اس نے ازسرنو پیدا کیا/ایجاد کیا
بَدَعَ يَبْدَعُ بَدْعًا ازسرنو پیدا کرنا-ایجاد کرنا-
بِدْعًا منصوب (اسم) نئی چیز/شخص
بَدِيْعٌ (صفت بروزن فعیل) ایجاد کرنے والا
اِبْتَدَعُوْا باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے ایجاد کیا
اِبْتَدَعَ باب افتعال
اِبْتِدَاعًا ایجاد/اختراع کرنا

ب د ل ☆

بَدَّلَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب-اس نے تبدیل کیا/بدلا
بَـدَلَ يَبْـدُلُ بَـدْلاً (ن) باہم بدلنا-تبدیلی کرنا
بَدَّلُوْا باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے بدلا/تبدیلی کی
بَدَّلْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم)-ہم نے بدلا/تبدیل کیا-
اُبَدِّلَ باب افعال (فعل مضارع واحد متکلم) میں بدلتا ہوں-
تَبَدَّلَ باب تفعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ بدلا/تبدیل ہوا-
تَبَدَّلَ تَبَدُّلاً باہم بدلنا/تبدیل ہونا-
يَتَبَدَّلُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب)- وہ بدل جاتا ہے/تبدیل ہوتا ہے-
لاَ تَتَبَدَّلُوْا باب تفعل (فعل امرنہی جمع مذکر حاضر) ادل بدل نہ کرو- باہم تبدیل نہ کرو-
يُبْدِلُ باب افعال (فعل مضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مذکر غائب) وہ بدلتا ہے-
أَبْدَلَ : يُبْدِلُ إِبْدَالاً بدلنا/تبدیل کرنا
يَسْتَبْدِلُ باب استفعال وہ
(ایک چیز سے دوسری چیز بدل لیتا ہے
وَ يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ (۹:۳۹)
اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کرے گا-
يَسْتَبْدِلُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ایک چیز سے دوسری چیز بدل لیتے ہیں-
بَدَلَ (مجرد مصدر)
بَدَلاً تبادلہ
تَبْدِيْلاً منصوب تبدیل مصدر باب تفعیل تبدیلی/تبدیل کرنا
اِسْتِبْدَالٌ (باب استفعال) دوسری چیز بدل لینا
مُبَدِّلٌ (باب تفعیل اسم فاعل) بدلنے والا تبدیلی کرنے والا

ب د ن ☆

بَدَنٌ (اسم) جسم
بَدَنٌ دوران حج قربانی کے اونٹ

ب د و ☆

بَدَا (مہموز) (فعل ماضی واحد مذکر غائب)- ظاہر ہوا
بَدَا يَبْدُوْ بَدْواً وَ بَدَاوَةً
ظاہر ہونا' نمایاں ہونا واضح ہونا- (۲) دل میں آنا (۳) صحرا میں بسنا
بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ (۶:۲۸)

ہاں! یہ جو پہلے چھپایا کرتے تھے (آج ان پر ظاہر ہو گیا- (۲)- دل میں آنا
ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ (۱۲:۳۵)
پھر باوجود اس کے کہ وہ نشان دیکھ چکے تھے ان کی رائے یہی ٹھہری کہ کچھ عرصے کے لئے ان کو قید ہی کر دیں-
بَدَتْ (فعل ماضی واحد مونث غائب)
يُبْدِيْ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب)
أَبْدَىٰ إِبْدَاءً ظاہر کرنا ہموار کرنا نمایاں کرنا-
لِيُبْدِيَ (فعل امر غائب) اسے چاہئے کہ ظاہر کرے- (امر کی صورت میں ی حذف ہوگی) مترجم-
تُبْدِيْ باب افعال (فعل مضارع واحد مونث غائب) وہ ظاہر کرتی ہے-
اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْ لَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا (۲۸:۱۰)
اگر ہم ان کے دل کو مضبوط نہ کر دیتے تو قریب تھا کہ وہ اس قصے کو ظاہر کر دیں-
يُبْدُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ظاہر کرتے ہیں-
يُبْدِيْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مونث غائب) وہ عورتیں ظاہر کرتی ہیں-
تُبْدُوْا منصوب تُبْدُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم ظاہر کر دو-
(لَمْ) يُبْدِ (ساکن بحذف الیا) (فعل مضارع جحد بہ لم واحد مذکر غائب) اس نے ظاہر نہیں کیا-
فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ (۱۲:۷۷)

پس یوسفؑ نے اس بات کو اپنے دل میں مخفی رکھا اور ان پر ظاہر نہ ہونے دیا-
تُبْدَ (باب افعال (فعل مضارع مجہول واحد مونث (کہ) اسے ظاہر کیا جائے-
اَلْبَدْوُ (اسم) صحرا- گاؤں-
وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ (۱۲:۱۰۰)
آپ کو گاؤں سے یہاں لایا-
اَلْبَادِ (اسم فاعل) صحرائی- بدوی
نوٹ:- ال لگنے کے بعد آخری یا حذف نہیں ہوتی-
سَوَآءَ نِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ (۲۲:۲۵)
خواہ وہ وہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے-
بَادُوْنَ (اسم فاعل جمع) صحرانشین بادیہ نشین
يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ (۳۳:۲۰)
تو تمنا کریں کہ (کاش) خانہ بدوش عربوں میں جا رہیں- (عبدالماجد دریا آبادی)
بَادِيَ (اسم فاعل واحد مذکر ناقص' ناپختہ
بَادِيَ الرَّأْيِ ناپختہ رائے والے (نظر بظاہر: مترجم)
مُبْدِيْ باب افعال- (اسم فاعل واحد مذکر) ظاہر کرنے والا-
بَدَأَ يَبْدَأُ مُبْدِئٌ أَبْدَىٰ يُبْدِيْ
انتباہ:- مُبْدِئٌ مہموز الآخر از باب بدا يبدأ کے معنی شروع کرنے والا اور مُبْدِيْ بغیر ہمزہ از باب افعال: اَبْدٰى يُبْدِيْ کے معنی ظاہر کرنے والا یا واضح کرنے والا ہوں گے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ب ذ ر ☆

لَاتُبَذِّرْ (باب تفعیل فعل نہی واحد مذکر حاضر) تو اسراف مت کر

بَذَّرَ یُبَذِّرُ باب تفعیل تَبْذِیْراً - فضول خرچ کرنا - اسراف کرنا

تَبْذِیْر باب تفعیل فضول خرچی اسراف

مُبَذِّرِیْنَ (اسم فاعل' جمع مذکر) منصوب فضول خرچی کرنے والے

ب ر ر ☆

تَبَرُّوْا منصوب تَبَرُّوْنَ باب تفعل مضاعف (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم نیک کام کرو

بَرَّ یَبَرُّ بَرّاً اچھا کام کرنا خدا' والدین کے لئے نیکوکار ہونا پرہیزگار ہونا' سچا ہونا - شرافت سے پیش آنا - (۱) - پرہیزگاری

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ عُرْضَۃً لِّاَیْمَانِکُمْ (۲۲۴:۲)

اور خدا (کے نام) کو اس بات کا حیلہ نہ بنانا کہ (اس کی) قسمیں کھا کھا کر نیک سلوک کرنے اور پرہیزگاری سے رک جاؤ -

(۲) حسن سلوک -

لَا یَنْھٰکُمُ اللّٰہُ عَنِ الَّذِیْنَ لَمْ یُقَاتِلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ وَلَمْ یُخْرِجُوْکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ اَنْ تَبَرُّوْھُمْ (۸:۶۰)

جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور نہ تم کو تمہارے گھروں سے نکالا' ان کے ساتھ بھلائی اور حسن سلوک کرنے سے خدا تم کو منع نہیں کرتا -

اَلْبَرُّ (اسم) (۱) احسان کرنے والا -

ھُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ (۲۸:۵۲)

وہ احسان کرنے والا اور مہربان ہے -

(۳) نیک سلوک کرنے والا

وَّ بَرًّا بِوَالِدَیْہِ (۱۴:۱۹)

اور اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا - (۳) خشکی - زمین

حُرِّمَ عَلَیْکُمْ صَیْدُ الْبَرِّ (۹۶:۵) -

اور خشکی کا شکار جب تک تم احرام میں ہو تم پر حرام ہے -

اَلْبِرُّ (اسم) پرہیزگاری - نیکی

اَبْرَار (اسم جمع) پرہیزگار لوگ

بَرَرَۃ (اسم جمع) نیک لوگ

بَارٌّ: مفرد:

ب ر ء ☆

نَبْرَاَ (مہموز) (فعل مضارع' جمع متکلم) ہم پیدا کرتے ہیں - وجود میں لاتے ہیں - بَرَاَ یَبْرَاُ بَرَاءَۃً (ف) پیدا کرنا

تُبْرِئُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو اچھا کرتا ہے -

بَرِاَ یَبْرَاُ بَرَاءَۃً (ف) بری ہونا - چھٹکارا پانا

اَبْرَاَ یُبْرِئُ اِبْرَاءً اچھا کرنا - آزاد کر دینا

اُبْرِئُ باب افعال (فعل مضارع واحد متکلم) میں اچھا کرتا ہوں -

نُبْرِئُ باب افعال (فعل مضارع - جمع متکلم) ہم اچھا کرتے ہیں -

بَرَّاَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) بے گناہ / بری قرار دیا - بے عیب ثابت کیا -

فَبَرَّاَہُ اللّٰہُ (۶۹:۳۳)

تو خدا نے ان کو بے عیب ثابت کیا

تَبَرَّاَ باب تفعّل صلہ من (فعل ماضی واحد مذکر غائب) - اس نے اظہار بے زاری کیا -

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا (۱۶۶:۲)

اس دن کفر کے پیشوا اپنے پیروؤں سے بیزاری ظاہر کریں گے -

تَبَرَّءُوْا باب تفعّل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے برأت کی / اظہار بیزاری کیا -

تَبَرَّاْنَا (فعل ماضی - جمع متکلم) ہم نے براءت کی

نَتَبَرَّاُ (فعل مضارع - جمع متکلم) ہم برأت کرتے ہیں

بَرِیْءٌ (اسم فاعل) الزام سے بری - بے گناہ

اَنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ (۳:۹)

خدا مشرکوں سے بیزار ہے

اِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِکُوْنَ (۱۹:۶)

جن کو تم شریک بناتے ہو میں ان سے بیزار ہوں -

بُرَآءُ (اسم) بے گناہ - معصوم

بَرَاءَۃ (اسم) - بری الذمہ ہونا

بَرِیَّۃ (اسم) خلقت' مخلوق

اَلْبَارِئُ (اسم فاعل - واحد مذکر) خالق - پیدا کرنے والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مُبَرَّأً (اسم مفعول) بری الذمہ یا الزام یا کسی بھی قسم کے عیب سے پاک۔

ب ر ج ☆

لَاتَبَرَّجْنَ (فعل نہی۔جمع مونث) تم عورتیں بناؤ سنگار کی نمائش مت کرو۔
تَبَرُّجْ (مصدر) بناؤ سنگار و آرائش کی نمائش
مُتَبَرِّجَاتٌ (اسم فاعل۔جمع مونث) حسن وزیبائش کی نمائش کرنے والی عورتیں
بُرُوْجٌ (اسم جمع) مینار
بُرْجٌ: مفرد

ب ر ح ☆

لَا/لَنْ اَبْرَحَ (فعل مضارع منفی بہ لنْ واحد متکلم) میں ہرگز (یہاں سے) نہیں ہٹوں گا۔
بَرِحَ يَبْرَحُ بَرْحًا وَ بَرَاحًا (ف) جگہ سے ہٹنا
لَنْ نَبْرَحَ (فعل مضارع منفی بہ لن جمع متکلم) ہم ہرگز جگہ سے نہیں ہٹیں گے۔

ب ر د ☆

بَرْدٌ (مصدر)۔ٹھنڈک
بَارِدٌ (اسم فاعل) ٹھنڈا

ب ر ز ☆

بَرَزَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ آگے بڑھا/ظاہر ہوا
بَرَزَ يَبْرُزُ بُرُوْزًا - باہر نکلنا' ظاہر ہونا۔ روپوش ہونے کے بعد اپنے آپ کو ظاہر کرنا۔
قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ (۳:۱۵۴)
کہہ دو اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکل آتے۔
بَرَزُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) (۱) وہ مقابلے پر نکل آئے۔
وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ (۲:۲۵۰)
اور جب وہ لوگ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلے میں نکل آئے۔
(۲) آگے آنا
وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا (۱۴:۲۱)
اور (قیامت کے دن) سب لوگ خدا کے سامنے کھڑے ہوں گے۔
بُرِّزَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مونث غائب) وہ باہر نکال کر رکھی گئی۔
بَارِزُوْنَ (اسم فاعل۔جمع مذکر) نمایاں سربرآوردہ لوگ
بَارِزَةٌ (اسم فاعل واحد مونث) سامنے ظاہر۔

ب ر ز خ

بَرْزَخٌ (اسم) لفظی ترجمہ:۔ کوئی ایسی چیز جو دو چیزوں کے درمیان مداخلت کرے/آن کھڑی ہو۔
(قرآنی مفہوم کے مطابق برزخ موجودہ زندگی اور آئندہ زندگی کے درمیان ایک وقفہ ہے۔مرنے والا اسی برزخ میں داخل ہوتا ہے۔

ب ر ص ☆

الْأَبْرَصُ (اسم) کوڑھی

ب ر ق ☆

بَرِقَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) ہکا بکا ہو کر رہ گیا
اَلْبَرْقُ (اسم) بجلی

☆ ☆ ☆ ☆

اَبَارِيْقُ دیکھئے اِبْرِيْقٌ

ب ر ک ☆

بَارَكَ باب مفاعلہ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے برکت دی
بُوْرِكَ باب مفاعلہ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے برکت دی گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تَبَارَكَ باب تفاعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ بابرکت ہے۔
بَرَكَاتٌ (اسم۔جمع) بَرَكَةٌ (اسم مفرد) برکتیں
مُبَارَكٌ (اسم مفعول واحد مذکر) برکت والا۔بابرکت
مُبَارَكَةٌ (اسم مفعول واحد مونث) بابرکت۔برکت والی

ب ر م ☆

أَبْرَمُوْا باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے طے کیا۔
مُبْرِمُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) طے کرنے والے۔

ب ر ہ ن

بُرْهَانٌ (اسم)۔ثبوت۔دلیل
بُرْهَانَانِ (اسم۔مثنی) دو دلیلیں

ب ز غ ☆

بَازِغٌ (اسم فاعل واحد مذکر) طلوع ہونے والا (چاند)
بَازِغَةٌ (اسم فاعل واحد مونث) طلوع ہونے والا (سورج)
(عربی زبان میں سورج مؤنث ہے (مترجم)

ب س ر ☆

بَسَرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) منہ بسورا۔بگاڑا
بَاسِرَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) اُداس

ب س س ☆

بُسَّتْ باب ن۔مضاعف (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ پیس ڈالی گئی۔
بَسٌّ (مصدر) بَسًّا (منصوب) پیس ڈالنا

ب س ط ☆

بَسَطَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پھیلایا/ بڑھایا
الرِّزْقَ اس نے روزی بڑھائی
الْيَدَ اس نے ہاتھ بڑھایا
بَسَطْتَّ (فعل ماضی۔واحد مذکر حاضر) تو نے بڑھایا
يَبْسُطُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پھیلاتا ہے/ بڑھاتا ہے
يَبْسُطُوْا (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بڑھاتے ہیں۔
تَبْسُطْ (فعل مضارع۔واحد مذکر حاضر) تو بڑھاتا ہے۔
لَاتَبْسُطْ (فعل نہی واحد مذکر حاضر) تو مت بڑھا۔

اَلْبَسْطُ (مصدر) بڑھانا/ پھیلانا
بِسَاطٌ (اسم) وسعت/ پھیلاؤ
بَسْطَةٌ (اسم) کشائش۔وافر مقدار
بَاسِطٌ (اسم فاعل واحد مذکر) پھیلانے والا
بَاسِطُوْا (مضاف بحذف ن)
بَاسِطُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) پھیلانے والے
مَبْسُوْطَتَانِ (اسم مفعول مثنی مؤنث) دو پھیلائے ہوئے/ پھیلے ہوئے

ب س ق ☆

بَاسِقَاتٌ (اسم فاعل جمع مؤنث) پُروقار بلند (درخت)
بَسَقَ يَبْسُقُ بَسْقًا (ن) (درخت کا) بلند ہونا

ب س ل ☆

تُبْسَلُ باب افعال (مضارع مجہول واحد مؤنث غائب) ہلاکت میں ڈالی جائے گی۔
أَبْسَلَ يُبْسِلُ إِبْسَالاً روکنا/انعام سے محروم کرنا (راغب)
وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ (٦:٧٠)
ہاں! اس قرآن کے ذریعے نصیحت کرتے رہو تاکہ (قیامت کے دن) کوئی اپنے اعمال کی پاداش میں ہلاکت میں نہ ڈالا جائے۔
أُبْسِلُوْا باب افعال (فعل ماضی

www.kitabosunnat.com

مجہول جمع مذکر غائب) وہ ہلاکت میں ڈالے گئے۔

ب س م ☆

تَبَسَّمَ باب تفعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مسکرایا۔
بَسَمَ وَ تَبَسَّمَ مسکرانا

ب ش ر ☆

بَشَّرُوْا باب تفعل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے خوشخبری دی۔
بَشَّرَ تَبْشِيْرًا خوشخبری دینا۔
بَشَّرْتُمْ باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے خوشخبری دی۔
بَشَّرْنَا باب تفعیل (فعل ماضی۔ جمع متکلم) ہم نے خوشخبری دی
يُبَشِّرُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ خوشخبری دیتا ہے۔
تُبَشِّرُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو خوشخبری دیتا ہے
تُبَشِّرُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم خوشخبری دیتے ہو۔
نُبَشِّرُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم خوشخبری دیتے ہیں۔
بَشِّرْ باب تفعیل۔ فعل امر واحد مذکر حاضر) تو خوشخبری دے
أَبْشِرُوْا باب افعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تمہیں خوشخبری ہو
أَبْشَرَ يُبْشِرُ إِبْشَارًا خوشخبری ہونا
بَاشِرُوْا باب مفاعلہ فعل امر جمع مذکر حاضر۔ تم مباشرت کرو/ زندگی گزارو
بَاشَرَ مُبَاشَرَةً زندگی گزارنا، مباشرت کرنا
لَاتُبَاشِرُوْا باب مفاعلہ (فعل نہی جمع مذکر حاضر) مباشرت نہ کرو
يَسْتَبْشِرُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ خوشخبریاں پاتے ہیں۔
إِسْتَبْشَرَ اِسْتِبْشَارًا خوشخبری پانا
إِسْتَبْشِرُوْا باب استفعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم خوشخبری پاؤ۔
مُسْتَبْشِرَةٌ باب استفعال (اسم فاعل واحد مؤنث) خوشخبری پانے والی
بَشَرٌ (اسم) آدمی انسان
بُشْرٌ (مصدر) بُشْرًا منصوب خوشخبری والا
بُشْرٰى (اسم) خوشخبری۔
بَشِيْرٌ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) خوشخبری دینے والا
مُبَشِّرَاتٌ باب تفعیل (اسم فاعل جمع مؤنث) خوشخبری دینے والیاں

ب ص ر ☆

بَصُرَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے دیکھا
بَصُرْتُ (فعل ماضی، واحد متکلم) میں نے دیکھا
لَمْ يَبْصُرُوْا (ساکن بحذف ن)
يَبْصُرُوْنَ (فعل مضارع جحد بہ لم جمع مذکر غائب) انہوں نے نہیں دیکھا
يُبَصَّرُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) انہیں دکھایا جاتا ہے۔
أَبْصَرَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے دیکھا/ ملاحظہ کیا
أَبْصَرْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے دیکھا۔
يُبْصِرُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ دیکھتا ہے/ ملاحظہ کرتا ہے
تُبْصِرُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو دیکھتا ہے۔ ملاحظہ کرتا ہے۔
يُبْصِرُوْنَ باب افعال فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ وہ دیکھتے ہیں ملاحظہ کرتے ہیں۔
تُبْصِرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم دیکھتے ہو/ ملاحظہ کرتے ہو۔
أَبْصِرْ (بِهٖ) (فعل تعجب) وہ کس قدر تیز نظر ہے۔
نوٹ:۔ عربی زبان میں اظہار تعجب کے لئے ایک خاص اسلوب ہے جسے اصطلاحاً افعال تعجب کہتے ہیں مثلاً:۔
مَآ أَحْسَنَهٗ وہ کتنا اچھا ہے! اسی طرح أَبْصِرْ بِهٖ کے معنی ہوں گے اس کی نظر کتنی تیز ہے!
أَبْصِرْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) دیکھو۔
اَلْبَصَرُ (اسم) نظر۔ بینائی۔ نگاہ
أَبْصَارٌ (اسم جمع) نظریں۔ نگاہیں
اَلْبَصِيْرُ اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر۔ وہ جسے اچھی طرح نظر آتا ہو۔
مُبْصِرٌ باب افعال (اسم فاعل) صاف، واضح
مُبْصِرَةٌ باب افعال (اسم فاعل واحد مؤنث) کھلے بندوں نظر آنے والی۔ (اسم مفعول کے معنوں میں)
مُبْصِرُوْنَ (ا) صاف نظر آنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

والے صاحب بصیرت-
فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ (۷:۲۰۱)
تو چونک پڑتے ہیں اور (دل کی آنکھیں کھول کر دیکھنے لگتے ہیں)
مُسْتَبْصِرِيْنَ باب استفعال (اسم فاعل جمع مذکر) صاف دیکھنے والے-
اَلْبَصِيْرَةُ اسم صفت بروزن فعیل (واحد مؤنث)
(۱)-گواہ-
بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ (۷۵:۱۴)-
بلکہ انسان آپ اپنا گواہ ہے-
(۲) بصیرت یقین
اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ (۱۲:۱۰۸)
میں از روئے یقین و برہان اللہ کی طرف بلاتا ہوں-
بَصَائِرُ (اسم جمع) واضح دلائل
تَبْصِرَةٌ (مصدر) تبصرہ-برہان-دلیل

ب ص ل ☆

بَصَلٌ (اسم) پیاز

ب ض ع ☆

بِضْعٌ (اسم عدد) کچھ (تین تا نو)
بِضَاعَةٌ (اسم) سامان تجارت

ب ط ء ☆

لَيُبَطِّئَنَّ باب تفعیل (فعل مضارع مؤکد بہ لام تاکید و نون ثقیلہ) وہ یقیناً دیر کرے گا اور تاخیر کرے گا (راغب)
بَطُؤَ يَبْطُؤُ بُطْأً وَ بِطَاءً (ک) آہستہ چلنا-تاخیر کرنا-
بَطَّأَ باب تفعیل-روک دیا-دیر کردی-

ب ط ر ☆

بَطِرَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) (خوشحالی پر) اترائی
بَطِرَ يَبْطَرُ بَطَرًا خوشی سے پھولے نہ سمانا-خوش بختی پر اترانا-خوشحالی پرست ہونا
بَطَرًا منصوب (مصدر) اترانا

ب ط ش ☆

بَطَشْتُمْ (فعل ماضی، جمع مذکر حاضر) تم نے بہ جبر پکڑ لیا
بَطَشَ يَبْطِشُ بَطْشًا بہ جبر پکڑنا-
يَبْطِشُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بہ جبر پکڑتا ہے-
يَبْطِشُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ بہ جبر پکڑتے ہیں
نَبْطِشُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم بہ جبر پکڑتے ہیں
اَلْبَطْشُ (مصدر) بہ جبر پکڑنا-گرفت کرنا-
اَلْبَطْشَةُ (اسم) گرفت، پکڑ

ب ط ل ☆

بَطَلَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ بیکار ہو گیا-ضائع ہو گیا-مٹ گیا-
بَطَلَ يَبْطُلُ بُطْلَانًا وَ بُطْلًا بیکار ہونا، جھوٹا کسی کام نہ آنا" بے فائدہ-مٹ جانا
يُبْطِلُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ باطل کرتا ہے-
تُبْطِلُوْا باب افعال منصوب تُبْطِلُوْنَ-تم مٹاتے ہو/ضائع کرتے ہو-
بَاطِلٌ (اسم فاعل-واحد مذکر) جھوٹ غلط-
مُبْطِلُوْنَ اسم فاعل جمع مذکر-جھوٹ اور باطل کے پجاری اور پرستار

ب ط ن ☆

بَطَنَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ چھپ رہا-
بَطَنَ يَبْطُنُ بَطْنًا وَ بُطُوْنًا-چھپ رہنا-پوشیدہ رہنا-راز
وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ (۶:۱۵۱)
اور بے حیائی کے کام ظاہر ہوں یا پوشیدہ ان کے پاس نہ پھٹکنا
اَلْبَاطِنُ (اسم فاعل واحد مذکر) پوشیدہ-ضد: الظَّاهِرُ نمایاں-ظاہر-
اَلْبَاطِنَةُ (اسم فاعل واحد مؤنث) پوشیدہ-مخفی-ضد: ظَاهِرَةٌ ظاہر-نمایاں-
بَطَائِنُ (اسم جمع) استر، جھاڑ/جھاڑ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بِطَانَةٌ رازدار بے تکلف دوست

بِطَانَةٌ (اسم) بے تکلف دوست۔

بَطْنٌ (اسم)(۱) مرکز شہر/وادی

وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ (۴۸:۲۴)

سرحد مکہ میں اور تمہارے ہاتھ ان سے روک لئے۔

(۲) رحم۔

رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا (۳:۳۵)

اے پروردگار! جو (بچہ) میرے پیٹ میں ہے اس کو تیری نذر کرتی ہوں۔

(۳) پیٹ

لَلَبِثَ فِیْ بَطْنِهٖۤ اِلٰی يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (۳۷:۱۴۴)

تو اس روز تک کہ لوگ دوبارہ زندہ کئے جائیں اسی کے پیٹ میں رہتے۔

بُطُوْنٌ (اسم جمع)(۱) رحم بصیغہ جمع

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ (۱۶:۷۸)

اور خدا ہی نے تمہیں تمہاری ماؤں کے شکموں سے پیدا کیا۔

(۲) پیٹ

كَالْمُهْلِ يَغْلِیْ فِی الْبُطُوْنِ (۴۴:۴۵)

جیسے پگھلا ہوا تانبہ پیٹوں میں (اس طرح) کھولے گا جس طرح......

ب ع ث ☆

بَعَثَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) بھیجا۔اٹھایا

بَعَثَ يَبْعَثُ بَعْثًا بھیجنا۔موت کے بعد اٹھانا/بیدار کرنا۔

بَعَثْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے بھیجا/اٹھایا

يَبْعَثُ (فعل مضارع۔واحد مذکر غائب) وہ اٹھاتا ہے/بھیجتا ہے۔

لَيَبْعَثَنَّ (فعل مضارع مؤکد بہ لام تاکید ونون ثقیلہ) وہ یقیناً اٹھائے گا۔

نَبْعَثُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم اٹھائیں گے۔

حَتّٰی نَبْعَثَ (فعل مضارع منصوب) تاوقتیکہ ہم اٹھائیں۔

اِبْعَثْ (فعل امر واحد مذکر) تو اُٹھا/بھیج

يُبْعَثُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) وہ اٹھایا جاتا ہے۔

يُبْعَثُوْنَ (فعل مضارع۔جمع مذکر غائب)۔وہ اٹھائے جاتے ہیں

تُبْعَثُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر)۔تو اُٹھایا جاتا ہے۔

لَتُبْعَثُنَّ (فعل مضارع مؤکد بہ لام تاکید ونون ثقیلہ تم یقیناً اٹھائے جاؤ گے۔

تُبْعَثُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تم اُٹھائے جاؤ گے۔

اِنْبَعَثَ باب انفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔وہ اُٹھ کھڑا ہوا۔

اَلْبَعْثُ (اسم) ۱۔مرنے کے بعد جی اُٹھنا

اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ (۲۲:۵)

اگر تم کو مرنے کے بعد جی اُٹھنے میں کچھ شک ہو (۲)۔جلا اُٹھنا۔اُٹھ کھڑا ہونا۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ (۳۱:۲۸)

(خدا کو) تمہارا پیدا کرنا اور جلا اُٹھانا ایک شخص (کے جلا اُٹھانے اور پیدا کرنے) کے برابر ہے۔

اِنْبِعَاثٌ (باب انفعال، مصدر) جلا اُٹھنا۔آگے جانا

مَبْعُوْثِيْنَ منصوب مَبْعُوْثُوْنَ مرفوع (اسم مفعول۔جمع مذکر) جلائے اُٹھائے گئے لوگ۔

ب ع ث ر

بُعْثِرَ (رباعی)(فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ باہر نکالا گیا۔

بَعْثَرَ بَعْثَرَةً سامنے ہونا۔اُوپر دھرنا۔الٹانا۔الٹنا۔باہر پھینک دینا۔

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ (۱۰۰:۹)

کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو مُردے قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لئے جائیں گے۔

بُعْثِرَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) اکھیڑی جائے گی۔

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ (۸۲:۴)

اور جب قبریں اکھیڑی جائیں گی۔

ب ع د ☆

بَعِدَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) دور ہٹادی گئی

بَعِدَ يَبْعَدُ بَعْدًا (س)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دور ہٹا دینا-تباہ کر دینا-پھٹکارنا
اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ کَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ (۱۱:۹۵)-
سُن رکھو کہ مدین پر (ویسی ہی) پھٹکار ہے جیسی ثمود پر پڑی تھی-
بَعِدَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) دور ہوگئی-
بَعُدَ یَبْعُدُ بُعْدًا (ک) دور ہو جانا
وَلٰکِنْ بَعُدَتْ عَلَیْهِمُ الشُّقَّةُ (۹:۴۲)
لیکن مسافت ان کو دور دراز نظر آئی-
بُعْدًا (مصدر) دور پھینکنا- پھٹکارنا-
بَعِیْدٌ (اسم فاعل بروزن فعیل) دور دراز
بَاعِدْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) دور کر دے-فاصلے ڈال دے
بَعْدُ (اسم) بعد میں-پیچھے
مُبْعَدُوْنَ (اسم مفعول جمع مذکر) دور رکھے گئے/ کیے گئے

ب ع ر ☆

بَعِیْرٌ (اسم) اُونٹ

ب ع ل ☆

بَعْلٌ (اسم) خاوند-نر
بُعُوْلٌ (اسم جمع) خاوند نر- بصیغہ جمع

☆ ☆ ☆ ☆

بَعُوْضَةٌ (اسم) مچھر

ب غ ت ☆

بَغْتَةً (متعلق فعل حال) اچانک

ب غ ض ☆

بَغْضَآءُ (اسم) نفرت-سخت نفرت

ب غ ل ☆

اَلْبِغَالُ (اسم جمع) خچریں

ب غ ی ☆

بَغٰی (فعل ماضی واحد مذکر غائب)
(۱) علی ظلم کیا-قہر کیا/ زیادتی کی
بَغٰی یَبْغِیْ بَغْیًا وَ بُغْیَةً (ض)
تلاش کرنا- چاہنا- خواہش کرنا- بے انصافی کرنا-ظلم کرنا-زیادتی کرنا-
بَغَتْ (علی) (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے بے انصافی کی/ظلم وزیادتی کی-
بَغَوْا (علی) (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے بے انصافی کی/ظلم و زیادتی کی-
یَبْغِیْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اُس نے ظلم وزیادتی کی-
لَیَبْغِیْ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ (۳۸:۲۴)
ایک دوسرے پر زیادتی ہی کیا کرتے تھے-
فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰهُمَا عَلَی الْاُخْرٰی فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ (۴۹:۹)
اور ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والوں سے لڑو-
(۲) رُکاوٹ یا آڑ کو پار کرنا
یَبْغِیَانِ (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) دو چیزیں رکاوٹ توڑتی ہیں
بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ (۵۵:۲۰)
دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے) تجاوز نہیں کر سکتے-
تَبْغِ ساکن تَبْغِیْ-مرفوع (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو تلاش کرتا ہے-تو چاہتا ہے-
نَبْغِ (ساکن) نَبْغِیْ مرفوع (فعل مضارع جمع متکلم) ہم تلاش کرتے ہیں
(۳) تلاش کرنا/ چاہنا
یَبْغُوْنَ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ تلاش کرتے ہیں/ وہ طالب ہیں-
اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ؟ (۳:۸۳)
کیا یہ (کافر) اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں؟
تَبْغُوْا منصوب تَبْغُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم چاہتے ہو/طلب کرتے ہو-
اَبْغِیْ (فعل مضارع واحد متکلم) میں طلب کرتا ہوں-
نَبْغِ نَبْغِیْ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم طلب کرتے ہیں-
لَاتَبْغِ (فعل نہی-واحد مذکر حاضر)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَاتَبْغُوْا (فعل نہی۔جمع مذکر حاضر) طلب مت کرو۔
بُغِیَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اس پر زیادتی کی گئی۔
یَنْبَغِیْ (فعل مضارع لازم باب انفعال واحد مذکر غائب) چاہیے/ سزاوار ہے/ شایانِ شان ہے۔
وَمَا یَنْبَغِیْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا (۱۹:۹۲)
اور خدا کو شایاں نہیں کہ کسی کو بیٹا بنالے۔
اِبْتَغٰی باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تلاش کیا۔
فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِکَ (۲۳:۷)
اور جو ان کے سوا اوروں کے طالب ہوں۔
اِبْتَغَیْتَ باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) تو نے چاہا/ خواہش کی۔
وَتُـْٔوِیْٓ اِلَیْکَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَیْتَ (۳۳:۵۱)
اور جسے چاہو اپنے پاس رکھو۔
اِبْتَغَوْا باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے طلب کیا/ چاہا
اِبْتَغُوْا باب افتعال (فعل امر۔جمع مذکر حاضر) تم طلب کرو/ خواہش کرو
یَبْتَغِ باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ طلب کرتا ہے/ چاہتا ہے
یَبْتَغُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تم طلب کرتے ہو/ چاہتے ہو۔
تَبْتَغُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تَبْتَغُـوْنَ مرفوع۔ کہ تم طلب کرو/ چاہو۔
اَبْتَغِ ساکن اَبْتَغِیْ مرفوع (فعل مضارع واحد متکلم) میں طلب کروں/ چاہوں۔
نَبْتَغِیْ باب افتعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم چاہتے ہیں/ طلب کرتے ہیں۔
اِبْتِغَاءً باب افتعال مصدر (تلاش کرنا/ چاہنا۔خواہش کرنا۔
اَلْبَغْیُ/ بَغْیًا منصوب (مصدر) ظلم و زیادتی کرنا۔
بَاغٍ (اسم فاعل واحد مذکر) خواہش مند
اَلْبِغَاءُ بدکاری' زنا
بَغِیٌّ (بَغِیًّا) بدکار عورت' زانیہ

ب ق ر ☆

بَقَرَۃٌ (اسم) گائے
بَقَرٌ (اسم) گائے کی جنس
بَقَرَاتٌ (اسم جمع) گائیں

ب ق ی ☆

بَقِیَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) باقی رہا۔
یَبْقٰی (فعل مضارع واحد مذکر غائب) رہتا ہے/ رہے گا/ باقی رہتا ہے/ رہے۔
وَذَرُوْا مَابَقِیَ مِنَ الرِّبٰوٓا (۲:۲۷۸)
اور جتنا سود باقی رہ گیا ہے' اسے چھوڑ دو۔
وَیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ (۵۵:۲۷)
اور تمہارے پروردگار کی ذات ہی باقی رہے گی۔
اَبْقٰی (اسم تفضیل) زیادہ پائیدار
وَاللّٰہُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی
اور خدا بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔
اَبْقٰی باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) باقی چھوڑ دیا۔
اَبْقٰی یُبْقِیْ اِبْقَاءً باقی چھوڑنا
تُبْقِیْ باب افعال (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ چھوڑ دیتی ہے۔
لَاتُبْقِیْ وَلَاتَذَرُ (۷۴:۲۸)
(وہ آگ ہے) نہ باقی رکھے گی اور نہ چھوڑے گی۔
بَاقٍ (اسم فاعل واحد مذکر) باقی رہنے والا۔
وَمَاعِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ (۱۶:۹۶)
اور جو خدا کے پاس ہے' وہ باقی ہے۔
اَلْبَاقِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) باقی ماندہ لوگ۔ (اسم فاعل کی آخری "ی" معتل افعال قواعد کے مطابق گر جاتی ہے۔
ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِیْنَ (۲۶:۱۲۰)
پھر اس کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو ڈبو دیا۔
بَاقِیَۃٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) باقی رہنے والی۔
فَھَلْ تَرٰی لَھُمْ مِّنْ بَاقِیَۃٍ (۶۹:۸)
بھلا تو ان میں سے کسی کو بھی باقی دیکھتا ہے۔
بَاقِیَاتٌ (اسم فاعل جمع مؤنث) باقی رہنے والیاں۔
بَقِیَّۃٌ (اسم) (۱) باقی ماندہ دیا ہوا
بَقِیَّتُ اللّٰہِ خَیْرٌ لَّکُمْ (۱۱:۸۶)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

خدا کا دیا ہوا نفع ہی تمہارے لئے بہتر ہے-
لفظ بقیہ سے مراد خدا کی طرف سے عائد شرعی صدقات کے بعد جو باقی رہ گیا ہے یا اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لئے جائز اور حلال کر دی ہیں-(۲): عقل و فراست

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ (۱۱۶:۱۱)

تو جو امتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں ان میں ایسے ہوش مند کیوں نہ ہوئے-

بَقِيَّةُ بَقِيَةُ القوم اُولُوا لبقية

لفظ اُولُو بقیۃ سے مراد صاحب کمال شخص ہے مثلاً بقیۃ القوم سے مراد قوم کا چیدہ بہترین شخص ہوگا- یوں اولوا بقیۃ سے وہ لوگ مراد ہیں جو صاحب کمال ہوں یا صائب الرائے اور صاحب فطانت ہوں یا پھر وہ لوگ جو صاحب دین و ایمان اور صاحب کمال ہوں-۳: تبرک

وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ (۲۴۸:۲)

اور کچھ تبرکات (چیزیں) بھی ہوں گی جو موسیٰ اور ہارونؑ چھوڑ گئے تھے جن کو فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے-

☆ ☆ ☆ ☆

بُقْعَةٌ (اسم) قطعہ زمین

بَقْلٌ سبزی ترکاری

ب ک ر ☆

بِكْرٌ (اسم) نوجوان-
ضد: فَارِضٌ بوڑھا

اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ (۶۸:۲)

وہ بیل نہ تو بوڑھا ہو اور نہ بچھڑا

اَبْكَارٌ (اسم جمع) کنوارے (لفظ بکر سے مراد کنوارا ہے)- مفرد: بِكْرٌ

بُكْرَةٌ (اسم) صبح تڑکے

اَبْكَارٌ (اسم جمع) صبحیں
مفرد: بُكْرَةٌ

ب ک ک ☆

بَكَّةُ (اسم علم) بَكَّةُ مَكَّة

(Makka) کا دوسرا نام ہے
لفظ Makka کا جدید جغرافیہ دانوں نے غلط تلفظ Mecca لکھا ہے- بائبل (مناجات ۸۴:۶) میں- بکہ نامی ایک وادی کا ذکر موجود ہے- بائیبل کے قدیم مترجموں نے اور مفسروں نے اس کا مطلب رونا بتایا ہے- لیکن اب اس کا بہتر مفہوم سامنے آیا ہے بائبل کے جدید علماء نے اس لفظ کا ترجمہ وادیٔ بے آب بتایا ہے- بظاہر صاحب مناجات کے ذہن میں ایک خاص وادی کا تصور موجود ہے جس کے قدرتی محل وقوع کے باعث اس نے یہ نام اختیار کیا ہے- اب یہ بے آب و گیاہ وادی اپنے قدرتی محلِ وقوع کے اعتبار سے با آسانی وادی مکہ قرار پاتی ہے-
(عبدالماجد دریا آبادی ۴ حاشیہ ۱۹)-

ب ک م ☆

اَبْكَمُ (صفت مشبہ' عیب اور رنگ گونگا-

بَكِمَ يَبْكَمُ وَبَكُمَ يَبْكُمُ بَكَمًا وَ بَكَامَةً (س'ک)
گونگا ہونا-

بُكْمًا منصوب بُكْمٌ مرفوع (صفت مشبہ جمع - گونگے لوگ (بطور استعارہ یعنی بولنے سے معذور انسان)

فُعْلٌ بُكْمٌ جمع اَفْعَلُ اَبْكَمُ

صفت مشبہ کا یہ وزن رنگ اور عیب کی صفات کے لئے مخصوص ہے-

ب ک ی ☆

بَكَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ روئی' چیخی

بَكَى يَبْكِي بُكَاءً (ض) رونا/ چیخنا

يَبْكُوْنَ (فعل مضارع- جمع مذکر غائب) وہ روتے ہیں-

لِيَبْكُوْا (فعل مضارع ساکن مع لام امر' جمع مذکر غائب) انہیں رونا چاہئے

اَبْكٰى باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے رلایا-

اَبْكٰى يُبْكِي باب افعال اِبْكَاءً مصدر رلانا

☆ ☆ ☆ ☆

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بَلْ (حرف عطف سالب الحکم السابق) بلکہ

ب ل د ☆

بَلَدٌ (اسم) علاقہ - ملک
بِلَادٌ (اسم جمع) علاقے، ممالک
بَلْدَةٌ (اسم) شہر، قصبہ
هَذَا الْبَلَدُ شہر مکہ

ب ل س ☆

يُبْلِسُ باب افعال (فعل مضارع، واحد مذکر غائب) وہ مایوس/ دل گرفتہ ہوتا ہے۔
أَبْلَسَ يُبْلِسُ إِبْلَاسًا: مایوس ہونا دکھ کے مارے چپ ہونا۔
مُبْلِسِيْنَ منصوب مُبْلِسُوْنَ مرفوع (اسم فاعل جمع مذکر) دکھ کے مارے چپ لوگ

ب ل ع ☆

اِبْلَعِيْ (فعل امر واحد مؤنث) نگل جا بَلَعَ يَبْلَعُ بَلْعًا نگلنا

ب ل غ ☆

بَلَغَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ پہنچ گیا۔
بَلَغَ يَبْلُغُ بُلُوْغًا (ن) پہنچنا - سن بلوغت کو پہنچنا - معیار کو پہنچنا - علم میں
لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْۢ بَلَغَ (۱۹:۶)
اور جس شخص تک پہنچ سکے اس کو آگاہ کردوں۔
بَلَغَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ پہنچ گئی۔
بَلَغْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو پہنچ گیا۔
بَلَغْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں پہنچ گیا۔
بَلَغَا (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب) وہ دو پہنچے۔
بَلَغُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ پہنچ گئے
بَلَغْنَ (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) وہ پہنچیں
بَلَغْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم پہنچے۔
بَلَغَنِیْ مجھے پہنچا - آن پہنچا۔
بَلَغَ آن پہنچا + مجھے)
وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ (۳:۴۰)
میں تو بڈھا ہوگیا ہوں مجھ تک بڑھاپا آن پہنچا۔
يَبْلُغُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) پہنچتا ہے۔
حَتّٰى يَبْلُغَ منصوب - تا آنکہ پہنچے۔
لِيَبْلُغَ منصوب - تاکہ وہ پہنچے
يَبْلُغَنَّ (فعل مضارع مؤکد بہ نون ثقیلہ) وہ یقینا بلوغت کو پہنچے گا۔
أَبْلُغَ منصوب (فعل مضارع واحد متکلم) میں پہنچوں۔
تَبْلُغَ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر حاضر - تو پہنچ جائے۔
لَنْ تَبْلُغَ (فعل مضارع منفی بہ لن - تم ہرگز نہیں پہنچو گے۔
يَبْلُغَا: منصوب يَبْلُغَانِ مرفوع فعل مضارع - تثنیہ مذکر غائب) وہ دو پہنچیں۔
يَبْلُغُوْا منصوب يَبْلُغُوْنَ مرفوع - (فعل مضارع منصوب بحذف ن) کہ وہ پہنچیں۔
تَبْلُغُوْا منصوب تَبْلُغُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم پہنچو
بَلَّغْتَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے پہنچادیا/ تو نے تبلیغ کی
بَلَّغَ تَبْلِيْغًا پہنچانا/ تبلیغ کرنا۔
مَابَلَّغْتَ تو نے حق تبلیغ ادا نہیں کیا۔
يُبَلِّغُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تبلیغ کرتے ہیں
خَلَا يَخْلُوْ خُلُوًّا وَ خَلَاءً (ن)
تنہا ہونا (وقت) گزرنا بری ہونا- خالی ہونا-
وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ (۷۶:۲)
اور جس وقت آپس میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں
(۲) گزر گیا-
وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ (۲۴:۳۵)
کوئی امت نہیں مگر اس میں ہدایت کرنے والا گزر چکا ہے-
خَلَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) گزر گئی-
خَلَوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) کسی کے ساتھ تنہا ہونا/ الگ ہونا-
وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ (۱۴:۲)
جب الگ ہوکر وہ اپنے شیطانوں میں جاتے ہیں-
(۲) وہ گزر گئے-
سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ (۳۸:۳۳)
اور جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں' ان میں بھی خدا کا یہی دستور رہا ہے-
يَخْلُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) الگ ہوگا- خالی ہوگا-
اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ (۹:۱۲)
تو یوسف کو (یا تو جان سے) مار ڈالو یا کسی ملک میں پھینک آؤ پھر ابا کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے گی-
خَلُّوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) چھوڑ دو-
فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ (۵:۹)
پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان کی راہ چھوڑ دو-
تَخَلَّتْ باب تفعل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) خالی ہوگئی
اَلْخَالِيَةُ (اسم فاعل واحد مؤنث) گزشتہ- گزری ہوئی-

خ م د ☆

خَامِدُوْنَ مرفوع خَامِدِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) بجھے ہوئے
خَمِدَ يَخْمَدُ خَمْدًا وَ خُمُوْدًا (س) بجھ جانا

خ م ر ☆

خَمْرٌ (اسم) شراب
خَمِرَ يَخْمِرُ خَمْرًا وَ خَمَرًا (س-ح)
پردہ ڈالنا- ڈھانپنا- چھپانا
خُمُرٌ (اسم جمع) اوڑھنی (خِمَارٌ کی جمع) سر پر اوڑھنے والی چادر-

خ م س ☆

خَمْسَةٌ (اسم عدد) پانچ
خُمُسٌ (کسر) پانچواں حصہ ۱/۵
اَلْخَامِسَةُ عدد ترتیبی پانچواں
خَمْسِيْنَ منصوب (اسم عدد) پچاس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

خ م ص ☆

مَخْمَصَةٌ (مصدر میمی) بھوک
خَمِصَ يَخْمَصُ خَمْصاً (ک) بھوکا رہنا

خ م ط ☆

خَمْطٌ (اسم) کڑوا۔ تلخ

خ ن ز ر

خِنْزِيْرٌ (اسم مفرد) سُور
خَنَازِيْرُ (جمع) سُور بصیغہ جمع

خ ن س ☆

خُنَّسٌ (اسم جمع) پلٹنے والے ستارے
خَنَسَ يَخْنُسُ خَنْساً وَ خُنُوساً (ن) پلٹنا، واپس ہونا
خَنَّاسٌ (اسم) غائب ہونے والے

خ ن ق ☆

اَلْمُنْخَنِقَةُ (اسم مفعول واحد مؤنث) گلا گھٹنے والی
خَنَقَ يَخْنُقُ خَنْقاً (ن) گلا گھٹنا

خ و ر ☆

خُوَارٌ (اسم) بچھڑے کی آواز
خَارَ يَخُوْرُ خَوْراً وَ خُوَاراً (ن) بچھڑے کا آواز نکالنا۔

خ و ض ☆

خَاضُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ لگ گئے یا وہ مصروف ہو گئے۔
خَاضَ يَخُوْضُ خَوْضاً وَ خِيَاضاً (ن) گھس جانا ۔مشغول ہونا۔ داخل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ گفتگو میں محو ہونا۔
خُضْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر غائب) تم مشغول ہو گئے۔
يَخُوْضُوْا (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ مشغول ہوتے ہیں۔
نَخُوْضُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم مشغول ہوتے ہیں۔
كُنَّا نَخُوْضُ ہم گھس جاتے تھے۔
خَوْضٌ (اسم مصدر) فریفتہ ہونا فضول باتیں کرنا
مَخَاضٌ (مصدر میمی) دردزہ

خ و ف ☆

خَافَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ خوفزدہ ہوا۔ فکرمند ہوا۔
خَافَ يَخَافُ خَوْفاً وَ مَخَافَةً وَ خِيْفَةً (ف)
ڈرنا۔ خوفزدہ ہونا۔ اندیشہ کرنا۔ مشتبہ ہونا۔ متفکر ہونا۔
خِفْتِ (فعل ماضی واحد مؤنث حاضر) تو ڈرتی ہے۔
خِفْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں ڈرا
خَافُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ خوفزدہ ہوئے۔
يَخَافُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈرتا ہے۔
تَخَافُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو ڈرتا ہے
لَا تَخَفْ (فعل نہی واحد مذکر حاضر) مت ڈر۔
لَاتَخَافِي (فعل نہی واحد مؤنث حاضر) تو عورت خوفزدہ نہ ہو۔
تَخَافَنَّ اگر تم واقعی خوفزدہ ہو۔
أَخَافُ میں ڈرتا ہوں۔
يَخَافَا منصوب يَخَافَانِ مرفوع وہ دو ڈرتے ہیں۔
اِلَّا اَنْ يَّخَافَا (۲۲۹:۲) ہاں اگر میاں بیوی کو خوف ہو
لَاتَخَافَا (فعل نہی تثنیہ مذکر حاضر) تم دو مت ڈرو
يَخَافُوْا منصوب يَخَافُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ ڈریں
تَخَافُوْا منصوب تَخَافُوْنَ مرفوع (فعل مضارع ن مذکر حاضر) کہ تم ڈرو
اَلْخَوْفُ (اسم) اندیشہ۔ شبہ۔ ڈر
خَائِفٌ (اسم فاعل) خوفزدہ
خَائِفِيْنَ (خَائِفٌ کی جمع) خوفزدہ لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

خِیفَةٌ (اسم) خوف

یُخَوِّفُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈراتا ہے۔

تَخْوِیْفٌ باب تفعیل 'مصدر' ڈرانا

تَخَوُّفٌ باب تفعل -مصدر' خوف ڈر

خ و ل ☆

خَوَّلَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) عطا کیا' بخشا

خَالَ یَخُوْلُ خَوْلاً (ن) خیال رکھنا' انتظام کرنا۔

خَوَّلْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے عطا کیا

خَالٌ (اسم) ماموں

خَالَاتٌ (خَالَةٌ کی جمع) خالائیں

اَخْوَالٌ (اسم' جمع) ماموں بصیغہ جمع

خ و ن ☆

خَانَتَا (فعل ماضی تثنیہ مؤنث غائب) ان دو عورتوں نے خیانت کی

خَانَ یَخُوْنُ خَوْنًا وَ خِیَانَةً (ن) دھوکا دینا- غداری کرنا' بے وفا ہونا- کسی کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانا- وعدہ خلافی کرنا۔

خَانُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے خیانت کی۔

تَخُوْنُوْا منصوب تَخُوْنُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم خیانت کرتے ہو۔

لَا تَخُوْنُوْا (نہی- جمع مذکر حاضر) خیانت مت کرو۔

لَمْ اَخُنْ ساکن (اَخُوْنُ) (فعل ماضی منفی جحد بہ لم واحد متکلم) میں نے خیانت نہیں کی۔

یَخْتَانُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اپنے ساتھ خیانت کرتے ہیں

تَخْتَانُوْنَ باب افتعال فعل مضارع جمع مذکر حاضر- تم اپنے ساتھ خیانت کرتے ہو۔

خِیَانَةٌ (مصدر) غداری' خیانت

خَائِنِیْنَ (خَائِنٌ کی جمع) اسم فاعل خیانت کرنے والے۔

خَائِنَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) (۱) خیانت کرنے والی

وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰی خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ (۵:۱۳)

تم ہمیشہ ان کی ایک نہ ایک خیانت کی خبر پاتے رہتے ہو۔

(۲) دھوکا دینا- (مصدری معنوں میں)

یَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ (۴۰:۱۹)

وہ آنکھوں کی خیانت کو جانتا ہے۔

خَوَّانٌ (اسم مبالغہ) غدار اور دھوکے باز لوگ

خ و ی ☆

خَاوِیَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث غائب) اوندھا گرا ہوا۔

خَوِیَ یَخْوٰی خَوَاءً (ض) بے آباد ہونا- متروک- ویرانہ/کھنڈر بنا ہوا۔

خ ی ب ☆

خَابَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) مایوس ہوا- نامراد ہوا

خَابَ یَخِیْبُ خَیْبَةً (ض) مایوس ہونا/ ناکام ہونا- (کوشش) ضائع ہونا-

خَائِبِیْنَ منصوب (اسم فاعل) نامراد لوگ- بد دل لوگ- مفرد خَائِبٌ

خ ی ر ☆

تَخَیَّرُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم اختیار کرتے ہو۔

خَارَ یَخِیْرُ خِیْرَةً وَ خِیَرًا (ض) چننا- ترجیح دینا

یَتَخَیَّرُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ چنتے ہیں

اِخْتَارَ باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے اختیار کیا۔

اِخْتَرْتُ (باب افتعال واحد متکلم) میں نے چن لیا

یَخْتَارُ باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ چنتا ہے/ اختیار کرتا ہے۔

خ ی ر ☆

خَیْرٌ (اسم صفت) (۱) عمدہ- بہتر

خَارَ یَخِیْرُ خَیْرًا (ض) بہتر ہونا عمدہ ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا
(۴۴:۱۸)
اسی کا صلہ بہتر اور (اسی کا) بدلہ اچھا ہے۔
(۲) بہتر، بہت اچھا
وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ
(۱۹۸:۳)
اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے، وہ نیکوکاروں کے لئے بہت اچھا ہے۔
(۳) اچھا۔
اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ
(۱۰۵:۲)
کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے خیر (و برکت) نازل ہو۔
نوٹ:۔ خیر کا لفظی ترجمہ 'اچھا' ہے اور حسب سیاق اس کے معنی بہتر اور بہترین وغیرہ ہو سکتے ہیں۔
(۴) دولت
وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ
(۸:۱۰۰)
وہ تو مال کی سخت محبت کرنے والا ہے۔
الْاَخْيَارُ (اسم جمع) بہترین لوگ
الْخِيَرَةُ (اسم) اختیار
خَيْرَاتٌ (اسم جمع) دل و ضمیر کو پسند آنے والے۔
الْخَيْرَاتُ (اسم جمع) اچھے اعمال، امور اور برکات وغیرہ۔

خ ی ط ☆

الْخَيْطُ (اسم) دھاگا خاط
يَخِيْطُ خَيْطًا وَ خِيَاطَةً (ض) سینا۔ ٹانکنا
الْخِيَاطُ (اسم) سوئی

حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (۴۰:۷)
یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے۔
نوٹ:۔ یہ محاورہ کسی ناممکن بات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

خ ی ل ☆

الْخَيْلُ (اسم) گھوڑے
يُخَيَّلُ باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) ظاہر ہونا۔
خَالَ يَخَالُ خَيْلًا وَ خَالًا وَ خَيْلُوْلَةً (ف)
تصور کرنا، سوچنا، فکر کرنا، خیال کرنا۔
مُخْتَالٌ باب افتعال (اسم مفعول واحد مذکر۔ اترانے والا۔ شیخی خور

خ ی م ☆

الْخِيَامُ (اسم، جمع) خیمے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

د ء ب

دَأْب (اسم) عادت، طریق کار

دَأَبَ یَدْأَبُ دَأْبًا وَ دُؤُوْبًا (فی)
سرگرم ہونا۔ اور کسی معاملے میں ماہر ہونا۔ تھکنا۔ متفکر ہونا۔

كَدَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ (۱۱:۳)
فرعون کی قوم کی طرح یا قوم فرعون کے حال کی طرح۔

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا (۴۷:۱۲)
انہوں نے کہا کہ تم لوگ سات سال متواتر کھیتی کرتے رہو گے۔

دَائِبَیْنِ (اسم فاعل) اپنے راستے پر چلنا۔ (ولیم لین) مسلسل جدوجہد کرنا

د ب ب ☆

دَابَّةٌ (اسم) متحرک مخلوق

دَبَّ یَدِبُّ دَبًّا وَ دَبِیْبًا (ض)
آہستہ چلنا۔ رینگنا۔

دَوَابُّ (دَابَّةٌ کی جمع) کہنیوں کے بل چلنا۔ حرکت کرنے والے جاندار۔

د ب ر ☆

یُدَبِّرُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ تدبیر کرتا ہے۔
یعنی اللہ تعالیٰ ہر چیز پر عدل اور حکمت سے حکم چلاتا ہے۔ وہ نہ صرف خالق ہے بلکہ مستقل اور دائمی حاکم بھی ہے اور تمام امور کا نمٹانے والا بھی ہے۔ (عبدالماجد دریا آبادی)

دَبَرَ یَدْبُرُ دَبْرًا وَ دُبُوْرًا (ن ض)
پیچھے مڑنا۔ بھاگنا/فرار کرنا، پیچھا کرنا۔

اَدْبَرَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ پیچھے مڑا

یَتَدَبَّرُوْنَ (باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ غور و فکر کرتے ہیں/وہ تدبر کرتے ہیں۔

یَتَدَبَّرُوْا منصوب (باب تفعل فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ غور و فکر کریں۔ یَدَّبَّرُوْا

اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ (۶۸:۲۳)
کیا انہوں نے اس کلام پر غور نہیں کیا۔

دُبُرٌ / الدُّبُرُ (اسم) پیچھے

اَدْبَارَ (دُبُرٌ کی جمع) (۱) پیچھے
فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ (۴۰:۵۰)
اور نماز کے بعد بھی اس کے نام کی تسبیح و تنزیہ کیا کرو۔
(۲) پیٹھیں، پشتیں۔
یُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ (۱۱۱:۳)
پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے

اِدْبَارَ (باب افعال، اسم مصدر) غروب ہونا۔
فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ (۴۹:۵۲)
اور ستاروں کے غروب ہونے کے بعد بھی اس کی تنزیہ کیا کرو۔

دَابِرٌ (اسم فاعل) جڑ
فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (۴۵:۶)
جن لوگوں نے غلط کام کئے ان کی جڑ کاٹ دی گئی۔ (پکتھال) غرض ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی۔

اَلْمُدَبِّرَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) (فرشتے) کارکنانِ قضا و قدر۔

مُدْبِرٌ باب افعال (اسم فاعل واحد مذکر) پیچھے مڑنے والا
وَلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ (۱۰:۲۷)
اور پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔

مُدْبِرِیْنَ باب افعال (اسم فاعل جمع مذکر) پیٹھ پھیر کر بھاگنے والے۔

د ث ر ☆

مُدَّثِّرٌ باب تفعل (اسم فاعل) لبادے میں لپٹا ہوا

دَثَرَ یَدْثُرُ دُثُوْرًا (ن) کمبل اوڑھنا

د ح ر ☆

دُحُوْرٌ (اسم مصدر) دھتکارنا۔ بھگانا۔

دَحَرَ یَدْحَرُ دَحْرًا وَ دُحُوْرًا (ف)

مَدْحُوْرٌ (اسم مفعول) راندہ ہوا دھتکارا ہوا۔

د ح ض ☆

یُدْحِضُوْا منصوب یُدْحِضُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ جھٹلائیں۔

دَحَضَ یَدْحَضُ دُحُوْضًا (ف)
معاہدہ کا کالعدم کرنا۔ جھٹلانا۔ مسترد کرنا۔

لِیُدْحِضُوْا بِهٖ (۵۶:۱۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تاکہ اس سے حق کو پھسلا دیں۔

دَاحِضَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) بے وزن و بے حقیقت چیز۔ لغو

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ (۱۶:۴۲)

ان کے پروردگار کے نزدیک ان کا جھگڑا لغو ہے۔

مُدْحَضِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر غائب) مسترد شدہ

د ح و ☆

دَحَا (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پھیلا دیا۔

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا (۷۹:۳۰)

اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا۔

د خ ر ☆

دَاخِرُوْنَ (اسم فاعل، جمع مذکر غائب) پڑے رہنے والے۔

دَخَرَ يَدْخَرُ دَخْرًا وَدُخُوْرًا (ف) چھوٹا ہونا۔ ادنیٰ ہونا

تَدَّخِرُوْنَ دیکھئے۔ د خ ر

د خ ل ☆

دَخَلَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ داخل ہوا۔

دَخَلَ يَدْخُلُ دُخُوْلًا وَمَدْخَلًا (ن) داخل ہونا۔

دَخَلَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ داخل ہوئی۔

دَخَلُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ داخل ہوئے۔

دَخَلْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو داخل ہوا۔

دَخَلْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم داخل ہوئے۔

يَدْخُلُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ داخل ہوتا ہے۔

لَتَدْخُلُنَّ (مؤکد بہ لام تاکید نون ثقیلہ) تم لازماً داخل ہو گئے۔

يَدْخُلُوْا منصوب يَدْخُلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ داخل ہوں۔

اُدْخُلْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو داخل ہو۔

اُدْخُلَا (فعل امر، تثنیہ مذکر حاضر) تم دو داخل ہو جاؤ۔

اُدْخُلِيْ (فعل امر واحد مؤنث حاضر) تو عورت داخل ہو۔

اَدْخَلْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے داخل کیا۔

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا (۲۱:۷۵)

اور ہم نے انہیں اپنی رحمت کے محل میں داخل کیا۔

يُدْخِلُ / يُدْخِلْ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ داخل کرتا ہے / کرے گا۔

اُدْخِلَنَّ (باب افعال موکد بہ نون ثقیلہ واحد متکلم) میں یقیناً داخل کروں گا۔

نُدْخِلُ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) میں داخل کرتا ہوں۔

اَدْخِلْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) (۱) داخل کر۔

اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ (۱۷:۸۰)

مجھے (مدینہ میں) اچھی طرح داخل کیجیو۔

(۲) ڈالنا۔

وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ (۲۷:۱۲)

اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو۔

اُدْخِلَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے داخل کیا گیا۔

اُدْخِلُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ داخل کیے گئے۔

يُدْخَلُ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ داخل کیا جائے گا۔

دَخَلَ (اسم) ذریعہ۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ (۱۶:۹۴)

اور اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ نہ بناؤ

مُدْخَلَ (ظرف مکان) اندر گھسنے کی جگہ

مُدْخَلَ (مصدر میمی) داخل ہونا

دَاخِلِيْنَ منصوب دَاخِلُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) داخل ہونے والے۔

د خ ن ☆

دُخَانٌ (اسم) دھواں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

د ر ء ☆

یَدْرَا (فعل مضارع واحد مذکر غائب) دور کرے گا- ٹال دے گا-

دَرَا یَدْرَا دَرْءًا وَ دَرَاَۃً (ف) دور کرنا/ رکھنا

یَدْرَءُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ غلبہ پاتے ہیں/ مقابلہ کرتے ہیں-

اِدْرَءُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) دور کرو ٹال

فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِکُمُ الْمَوْتَ (۱۶۸:۳)

اپنے پرے سے موت ٹال دو

اِدّٰرَءْتُمْ باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم آپس میں جھگڑ پڑے

د ر ج ☆

نَسْتَدْرِجُ باب استفعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم درجہ بدرجہ آگے بڑھاتے ہیں-

دَرَجَ یَدْرُجُ دُرُوْجًا وَدَرَجَانًا (ن) قدم بہ قدم جانا- چلنا- سبقت کرنا-

وَالَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُھُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ (۱۸۲:۷)

جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم ان کو بتدریج اس طریق سے پکڑیں گے کہ ان کو معلوم ہی نہ ہوگا-

دَرَجَۃٌ (اسم) درجہ، برتری

وَلِلرِّجَالِ عَلَیْھِنَّ دَرَجَۃٌ (۲۲۸:۲)

اور مردوں کو ان عورتوں پر برتری ہے-

دَرَجَاتٌ (اسم جمع) درجے

د ر ر ☆

دُرِّیٌّ (صفت) چمکدار

مِدْرَارٌ (صفت) موسلا دھار یعنی لگا تار برسنے والی بارش

دَرَّ یَدِرُّ دَرًّا وَ دُرُوْرًا (ض) مسلسل/ لگا تار بہنا-

یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا (۵۲:۱۱)

وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار مینہ برسائے گا-

د ر س ☆

دَرَسُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انھوں نے پڑھا یا مطالعہ کیا-

دَرَسَ یَدْرُسُ دَرْسًا وَ دِرَاسَۃً (ن) پڑھنا/ مطالعہ کرنا-

دَرَسْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے پڑھا-

یَدْرُسُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پڑھتے ہیں-

تَدْرُسُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم پڑھتے ہو-

دِرَاسَۃٌ (اسم مصدر) پڑھنا-

د ر ک ☆

اَدْرَکَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پالیا

اَدْرَکَ باب افعال اِدْرَاکًا پالینا- سمجھ لینا- جان لینا- پہنچنا

یُدْرِکُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ سمجھتا ہے- وہ پالیتا ہے-

تُدْرِکُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو سمجھتا ہے

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ (۱۰۳:۶)

نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے-

تَدَارَکَ باب تفاعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پہنچا (عبدالماجد دریا آبادی) حمایت کی/ تدارک کیا-

اِدَّارَکَ باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) حاصل کیا- پہنچا

اِدَّارَکُوْا باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ ایک دوسرے کے پیچھے پہنچ گئے-

دَرَکٌ (مصدر)

دَرَکًا پالینا- قابو پانا-

لَا تَخٰفُ دَرَکًا (۷۷:۲۰)

تم کو نہ تو فرعونیوں کے آ پکڑنے کا خوف ہوگا-

دَرْکٌ تہ

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (۱۴۵:۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بے شک منافقین دوزخ کی آخری تہہ میں ہوں گے۔

مُدْرَكُوْنَ (اسم مفعول جمع مذکر) قابو آئے ہوئے۔ گرفت میں آنے والے۔

د ر ہ م

دَرَاهِمَ (اسم جمع) چاندی کے سکے

د ر ی ☆

اَدْرِيْ (فعل مضارع واحد متکلم) میں جانتا ہوں۔

دَرٰى يَدْرِيْ دِرَايَةً (ض) جاننا۔

وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ (۲۱:۱۰۹)

اور مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ عنقریب آنے والی ہے یا (اس کا وقت) دور ہے۔

لَمْ اَدْرِ میں نے نہیں جانا۔

مَآ اَدْرِيْ میں نہیں جانتا

تَدْرِيْ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو جانتا ہے۔

تَدْرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم جانتے ہو۔

نَدْرِيْ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم جانتے ہیں۔

نوٹ:- اس مادہ سے تمام مشتق کلمات حروف نافیہ لَمْ، مَا یا لَا یا اِنْ کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔

اَدْرٰى باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) سمجھایا۔ بتایا

مَآ اَدْرٰىكَ (کس چیز نے تجھے سمجھایا / خبر دی۔

يُدْرِيْ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) سمجھاتا ہے۔

مَا يُدْرِيْكَ تمہیں کیا چیز سمجھاتی ہے۔

د س ر ☆

دُسُرٌ (اسم جمع) کیل بصیغہ جمع

دَسَرَ يَدْسُرُ دَسْرًا (ن) جہاز کی مرمت کرنا۔ کیل

د س س ☆

يَدُسُّ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ گاڑھتا ہے / دفن کرتا ہے۔

اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ (۱۶:۵۹) یا زمین میں گاڑ دے

دَسّٰى (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے گاڑ دیا۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا (۹۱:۱۰) اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا۔

نوٹ۔ بعض نحویوں نے اس کا مادہ د س ی بتایا ہے، لیکن معتبر مفسرین نے اسے د س س سے مشتق قرار دیا ہے۔ آخری س الف سے بدل گئی ہے تاکہ تلفظ میں آسانی ہو (راغب۔ آربیری)

د ع ع ☆

يَدُعُّ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) دھکے دیتا ہے۔

دَعَّ يَدُعُّ دَعًّا (ن) دھکے دینا، دھکیلنا

يَدُعُّوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ دھکے دیتے ہیں۔

دَعًّا (اسم مصدر) دھکا۔ حقارت سے دھکا دینا۔

د ع و ☆

دَعَا دَعَا دَعَا رَبَّهٗ، دَعَانِ (فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب)

(۱) پکار۔ دعا کی (اپنے رب کو) مجھے

دَعَا يَدْعُوْ دُعَاءً (ن) پکارنا، بلانا۔ طلب کرنا

دَعَا۔ اِلٰى منسوب کیا۔

(۳) دَعَا۔ لِ دعائے خیر دی۔

اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا (۱۹:۹۱)

دَعَوْا (ھُمْ) دَعَوْتُ (ھُمْ) لِيَدْعُ

لَمْ يَدْعُ / لَمْ يَدْعُنَا (منفی جحد بلم فعل مضارع بمعنی ماضی واحد مذکر غائب) اس نے نہیں بلایا۔

يَدْعُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ بلاتے ہیں۔

تَدْعُوْ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو بلاتا ہے۔

تَدْعُوْنَ / تَدْعُوْا (منصوب فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم بلاتے ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نَدْعُوْ/ نَدْعُ فعل مضارع جمع متکلم ہم بلاتے ہیں۔
اُدْعُ (فعل امر واحد مذکر حاضر) بلا
اُدْعُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم بلاؤ۔
دُعِیَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ/اسے بلایا گیا
دُعُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ بلائے گئے/انہیں بلایا گیا۔
دُعِیْتُمْ (فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر) تم بلائے جاتے ہو
یَدَّعُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ طلب کریں گے۔
وَلَهُمْ مَّايَدَّعُوْنَ (۳۶:۵۷)
ان کے لئے (موجود) ہوگا جو وہ طلب کریں گے۔
تَدَّعُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم طلب کرو گے۔
هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ (۶۷:۲۷)
یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے
دَاعٍ/ دَاعِیْ (اسم فاعل واحد مذکر) بلانے والا۔دعوت دینے والا
دُعَاءٌ (اسم) (۱) دعا۔استدعا التجا
وَمَادُعَآءُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ (۱۳:۱۴)
اور کافروں کی پکار بے کار ہے۔
دُعَاءِ (دُعَاءِ + یْ) میری دعا
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ (۱۴:۴۰)
اے پروردگار! میری دعا قبول فرما۔
وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِیًّا (۱۹:۴)
اور اے میرے پروردگار! میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا۔
(۲) بلانا
لَاتَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا (۲۴:۶۳)
مومنو! پیغمبر کے بلانے کو ایسا خیال نہ کرنا جیسا تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔
اَدْعِیَاءُ (اسم جمع) لے پالک بیٹے
دَعْوَةٌ اسم مصدر (۱) بلاوا۔دعوت
لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ (۱۳:۱۴)
سودمند پکارنا تو اسی کا ہے۔
(۲) دعویٰ۔پیغام۔
لَیْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِی الدُّنْیَا وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ (۴۰:۴۳)
وہ جس کا نہ اس دنیا میں کوئی دعویٰ اور پیغام ہے نہ آخرت میں۔جسے نہ اس دنیا میں نام لے کر پکارا جائے گا نہ آخرت میں (ماجد)
اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَادَعَانِ (۲:۱۸۶)
جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔
دَعْوٰھُمْ (دَعْوٰی ھُمْ) (اسم)
ان کی پکار' اس کے علاوہ اس لفظ کے معنی خاص طور پر مدد کے لئے پکارنا ہیں۔

د ف ء ☆

دِفْءٌ (دِفْأٌ) (اسم) گرمی۔
دَفَأَ یَدْفَأُ دَفْأً وَ دَفُؤَ یَدْفُؤُ دَفَاءَةً (ف ک)
گرم رہنا یا گرم رکھنا۔

د ف ع ☆

دَفَعْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے ہٹایا۔دفاع کیا۔حوالے کیا۔
فَاِذَادَفَعْتُمْ اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ (۴:۶)
اور جب ان کا مال ان کے حوالے کرنے لگو تو۔
اِدْفَعْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) ہٹا دو
اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (۲۳:۹۶)
اور بری بات کے جواب میں ایسی بات کہو جو نہایت اچھی ہو۔
اِدْفَعُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر)
(۱) حوالے کردو
فَادْفَعُوْا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ (۴:۶)
ان کے مال ان کے حوالے کردو۔
(۲) دفاع کرو' مدافعت کرو۔
قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوِادْفَعُوْا (۳:۱۶۷)
خدا کے راستے میں جنگ کرو یا مدافعت کرو۔
یُدَافِعُ باب مفاعلہ (فعل مضارع' واحد مذکر غائب) وہ مدافعت کرتا ہے۔
اِنَّ اللّٰهَ یُدٰفِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (۲۲:۳۸)
خدا تو مومنوں سے ان کے دشمنوں کو ہٹاتا رہتا ہے۔
دَافِعٌ (اسم فاعل) ہٹانے والا۔

د ف ق ☆

دَافِقٌ (اسم فاعل واحد مذکر) ٹپکنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دَفَقَ یَدْفُقُ دَفْقاً وَ دُفُوْقاً (ن)
زور سے ٹپکنا۔

د ک ر ☆

اِدَّکَرَ دیکھئے د ک ر
مُدَّکِرْ دیکھئے د ک ر

د ک ک ☆

دُکَّتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) کوٹی گئی
دَکَّ یَدُکُّ دَکّاً (ن)
پیٹنا۔توڑنا۔کوٹنا
کَلَّآ اِذَا دُکَّتِ الْاَرْضُ دَکّاً (۸۹:۲۱)
جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست کردی جائے گی۔ یعنی زمین ریزہ ریزہ ہوجائے گی۔
دُکَّتَا (فعل ماضی مجہول تثنیہ مؤنث غائب) جب زمین اور پہاڑ دونوں کوٹ کوٹ کر پست کردیے جائیں گے۔
دَکَّۃٌ (اسم) ایک ضرب
دَکّاً (اسم مصدر)
دَکَّاءَ (اسم) غبار۔سفوف۔ ریزہ ریزہ۔

د ل ک ☆

دُلُوْکٌ (اسم مصدر) زوال ڈھلنا ڈھلنا

د ل ل ☆

دَلَّ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) ظاہر کیا۔ دکھایا۔ نشان زد کیا۔ رہنمائی کی۔ دریافت کیا
دَلَّ یَدُلُّ دَلَالَۃً (ن)
نشان زد کرنا۔ظاہر کرنا
مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ (۳۴:۱۴)
کسی چیز سے ان کا مرنا معلوم نہ ہوا مگر گھن کے کیڑے سے۔
اَدُلُّ (فعل مضارع واحد متکلم) میں بتاتا ہوں، رہنمائی کرتا ہوں۔
هَلْ اَدُلُّکُمْ کیا میں بتاؤں
نَدُلُّ فعل مضارع جمع متکلم) ہم دلالت کرتے ہیں۔
دَلِیْلٌ (مصدر) اشارہ، رہنمائی

د ل و ☆

دَلّٰی (فعل ماضی واحد مذکر غائب) لٹکایا۔گرایا
دَلَا یَدْلُوْ دَلْواً (ن) کھینچنا۔کنویں سے ڈول کھینچنا
فَدَلّٰهُمَا بِغُرُوْرٍ (۷:۲۲)
غرض (مردود نے) دھوکا دے کر ان کو (معصیت کی طرف) کھینچ ہی لیا۔
اَدْلٰی (باب افعال) فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔لٹکایا۔ڈالا
دَلْوٌ (اسم) ڈول
تُدْلُوْا باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم پہنچاتے ہو۔
تَدَلّٰی باب تفعل وہ لٹک گیا۔

د م د م ☆

دَمَّ دیکھئے د م و
دَمْدَمَ باب رباعی (فعل ماضی واحد مذکر غائب) عذاب نازل کیا۔
دَمْدَمَ یُدَمْدِمُ دَمْدَمَۃً
تباہی کے حوالے کرنا۔ عذاب الٰہی کے حوالے کرنا۔

د م ر ☆

دَمَّرَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) تباہ کردیا۔برباد کردیا
دَمَرَ یَدْمُرُ دُمُوْراً وَ دَمَاراً (ن)
بری طرح تباہ کرنا۔بیخ و بن سے اکھاڑ دینا۔
دَمَّرْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے تباہ کردیا۔
تُدَمِّرُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) تباہ کرتی ہے۔
تَدْمِیْرٌ (باب تفعیل) مصدر بیخ و بن سے اکھاڑ دیتی ہے۔ تباہ کرنا۔برباد کرنا۔

د م ع ☆

اَلدَّمْعُ (اسم) آنسو
دَمَعَ یَدْمَعُ دَمْعاً (ف) آنکھوں سے آنسو گرانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

د م غ ☆

يَدْمَغُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بھیجا نکالتا ہے۔
دَمَغَ يَدْمَغُ دَمْغًا (ف ' ن)
تباہ کرنا۔ سر پھوڑ دینا۔

د م و ☆

دَمٌ/ اَلدَّمُ (اسم) خون
دَمِیَ یَدْ مٰی دَمًا (س) خون بہنا۔ خون کا داغ لگنا
دِمَاءٌ/ اَلدِّمَاءُ (اسم جمع) خون

د ن ر ☆

دِیْنَارٌ (اسم) زمانہ قدیم کا سونے کا سکہ۔

د ن و ☆

دَنَا (فعل ماضی واحد مذکر غائب) قریب ہوا۔۔قریب آتا/ ہونا۔
یُدْنِیْنَ (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں لٹکائیں۔
دَانٍ (اسم فاعل واحد مذکر) ہاتھ بھر دو۔ دسترس میں۔
اَدْنٰی/ اَلْاَدْنٰی (اسم تفضیل) لفظی مطلب قریب ترین۔
(۱) زیادہ گھٹیا، کم تر

قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ (۶۱:۲)
انہوں نے کہا کہ بھلا عمدہ چیزیں چھوڑ کر ان کے عوض ناقص چیزیں کیوں چاہتے ہو۔
(۲) بہترین طریق کار
ذٰلِکُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰی اَلَّا تَرْتَابُوْا (۲۸۲:۲)
یہ بات خدا کے نزدیک زیادہ قرین انصاف ہے اور شہادت کے لئے بھی یہ بہت درست طریقہ ہے اس سے تمہیں کسی طرح کا شک وشبہ بھی نہیں پڑے گا۔
(۳) زیادہ مناسب وموزوں
ذٰلِکَ اَدْنٰی اَلَّا تَعُوْلُوْا (۳:۴)
اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے۔
(۴) زیادہ ممکن
ذٰلِکَ اَدْنٰی اَنْ یَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰی وَجْهِهَا (۱۰۸:۵)
اس طریق سے بہت قریب ہے کہ یہ لوگ صحیح صحیح شہادت دیں۔
(۵) قریب تر۔ نزدیک
فِیْ اَدْنَی الْاَرْضِ (۳:۳۰)
نزدیک کے ملک میں
فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (۹:۵۳)
تو دو کمان کے فاصلے پر یا اس سے بھی کم۔
(۶) کم، کمتر
وَلَا اَدْنٰی مِنْ ذٰلِکَ وَلَا اَکْثَرَ (۷:۵۸)
اور نہ اس سے کم یا زیادہ
(۷) یہ دنیا۔
یَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰی (۱۶۹:۷)

اس دنیائے دنی کا مال ومتاع لے لیتے ہیں۔
وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰی (۲۱:۳۲)
اور ہم ان کو (قیامت کے) بڑے عذاب کے سوا عذاب دنیا کا بھی مزا چکھائیں گے۔
اَلدُّنْیَا (اَدْنٰی کا صیغہ تانیث)
لفظی معنی: قریب تر۔ دسترس کے اندر۔ (ضد: آخرت)
(۱) قریب تر
اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی (۴۲:۸)
جس وقت تم (مدینے سے) قریب کے ناکے پر تھے اور کافر بعید کے ناکے پر۔
(۲) اس لفظ کی ضد آخرت ہے۔
اِشْتَرَوُا الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَةِ (۸۶:۲)
یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی۔

د ھ ر ☆

اَلدَّهْرُ (اسم) زمانہ، وقت
دھر: آغاز آفرینش سے لے کر اس کے اختتام تک لہذا یہ وقت واقعات کے گزرنے کا احساس دلاتا ہے۔
عرب لفظ دھر کو اچھے یا برے دونوں معنوں میں استعمال کرتے تھے اسی لئے اچھی یا بری قسمت کے اسے مورد الزام یا سبب ٹھہراتے تھے۔
وَمَا یُهْلِکُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ (۲۴:۴۵)
اور ہمیں تو زمانہ ہی مار دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

د ہ ق ☆

دِہَاقٌ (اسم مصدر) چھلکتے ہوئے

دَہَقَ یَدْہَقُ دَہْقًا (ف) (گلاس) لبریز ہونا۔

وَّ کَاْسًا دِہَاقًا (۷۸:۳۴)

اور چھلکتے ہوئے پیالے

د ہ م ☆

مُدْہَامَّتَانِ (اسم مفعول' باب افعلال تثنیہ مؤنث) ان دو باغوں کے رنگ سیاہ و سبز ہوں گے (سیاہ' گہری سبزی کے باعث اور زیادہ آبپاشی کے سبب سے (ولیم لین)

اِدْہَامٌ' اِدْہَامًا (باب افعلال)

سیاہ ہونا۔ گہرا سبز ہونا۔

د ہ ن ☆

تُدْہِنُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم مداہنت کرو گے۔

اَدْہَنَ باب افعال اِدْہَانًا

مدافعت کرنا۔ نرم سلوک کرنا۔ دھوکا دینا۔

دَہَنَ یَدْہَنُ دَہْنًا (ف) تیل ملنا۔ گریس دینا۔

یُدْہِنُوْنَ (باب افعال) وہ مداہنت کرتے ہیں/کریں

وَدُّوْا لَوْ تُدْہِنُ فَیُدْہِنُوْنَ (۶۸:۹)

یہ لوگ چاہتے ہیں کہ تم نرمی اختیار کرو تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔

مُدْہِنُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) معاملے کو ہلکا سمجھنے والے

اَلدُّہْنُ (اسم) تیل خوردنی

اَلدِّہَانُ (اسم) سرخ کھال

د ہ ی ☆

اَدْہٰی (اسم تفضیل) زیادہ دکھ دہ

دَہِیَ یَدْہٰی دَہْیًا (ف) بدبختی لانا

د و ر ☆

تَدُوْرُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) گردش کرتا ہے/گھومتا ہے۔

دَارَ یَدُوْرُ دَوْرًا وَّ دَوَرَانًا (ن) گھومنا۔ چکر کاٹنا

تُدِیْرُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم گھماتے ہو۔

دَارٌ (اسم) ٹھکانہ۔ گھر رہائش

دِیَارٌ (دَارٌ کی جمع) ٹھکانے۔ دیہاتی گھر۔

دَائِرَۃٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) بسنے والا۔

دَائِرَۃُ السَّوْءِ بُری گردش

د و ل ☆

دُوْلَۃٌ (اسم مصدر) بالکل محدود

دَالَ یَدُوْلُ دَوْلَۃً (ن) مسلسل گردش میں/تبدیلی میں

نُدَاوِلُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم بدلتے ہیں۔

د و م ☆

دَامَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) رہ گئی۔ موجود رہتی

دَامَ یَدُوْمُ دَوْمًا وَّ دَوَامًا (ن) جاری رہنا۔ برداشت کرنا۔ اصرار کرنا۔ رہنا۔

دُمْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو رہا

دَامُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ رہے

دُمْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں رہا۔

نوٹ:۔ اس مادے کے تمام مشتقات سے پہلے "ما" لگتا ہے یوں مَادَامَتْ' مَادَامُوْا وقت کا وقفہ ظاہر کرتے ہیں مثلاً

مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ (۱۱:۱۰۷)

جب تک زمین و آسمان ہیں

لَنْ نَّدْخُلَہَآ اَبَدًا مَّادَامُوْا فِیْہَا (۵:۲۴)

جب تک وہ لوگ وہاں ہیں' ہم کبھی بھی وہاں نہیں جا سکتے۔

مَادُمْتُمْ حُرُمًا (۵:۹۶)

جب تک تم احرام کی حالت میں رہو۔

دَائِمٌ (اسم فاعل۔ واحد مذکر) رہنے والا۔ مستقل

دَائِمُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) مسلسل' متواتر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

د و ن ☆

دُوْنَ (حرف) یہ لفظ ظاہر کرتا ہے

(۱) ایک چیز دوسرے کے مقابلے میں کم۔

لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ (۱۱۸:۳)

کسی غیر مذہب کے آدمی کو اپنا راز داں نہ بنانا یعنی جو اخلاص دین میں تمہارے ہم پایہ نہیں ہیں (راغب)

وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ (۴۸:۴)

اور اس کے سوا اور گناہ جس کو چاہے بخش دے۔ یعنی شرک سے کم تر گناہ (راغب)

(۲) علاوہ۔ چھوڑ کر

لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ (۵۱:۶)

اس کے سوا نہ تو ان کا کوئی دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا۔

د ی ن ☆

دَيْنٌ (اسم) قرض

(۱) دَانَ، يَدِيْنُ دَيْنًا (ض) پیسے کا مقروض ہونا، قرض دینا، قرض لینا۔

(۲) دَانَ يَدِيْنُ دِيْنًا وَ دِيَانَةً (ض) دین دار ہونا۔ ایمان دار ہونا۔

(۳) دَانَ، دِيْنًا جزا / بدلہ دینا، فیصلہ دینا۔

تَدَايَنْتُمْ باب مفاعلہ فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم ایک دوسرے سے لین دین کرو

اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ (۲۸۲:۲)

جب تم آپس میں کسی میعاد معین کے لئے قرض کا معاملہ کرنے لگو۔

يَدِيْنُوْنَ (فعل مضارع، جمع مذکر غائب) وہ دین رکھتے ہیں۔

لَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ (۲۹:۹)

اور نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں۔

دِيْنٌ (اسم) (۱) فیصلہ۔ انصاف

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ (۳:۱)

انصاف کے دن کا حاکم

(۲) مذہب۔ دین۔

وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ (۱۹۳:۲)

اور (ملک میں) خدا ہی کا دین ہو جائے۔

(۳) قانون

مَا كَانَ لِيَأْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ (۷۶:۱۲)

(ورنہ) بادشاہ کے قانون کے مطابق وہ مشیت خدا کے سوا اپنے بھائی کو لے نہیں سکتے تھے۔

(۴) اطاعت فرمانبرداری

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ (۲:۳۹)

تو خدا کی عبادت کرو (شرک سے) خالص کر کے

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (۳:۳۹)

دیکھو! خالص عبادت خدا ہی کے لئے زیبا ہے۔

دین کا پہلا ترجمہ تو اطاعت ہے نہ کہ مذہب جو کسی عقیدے یا نظام عبادت کا نام ہے لہذا الدِّيْنُ لِلّٰهِ کا مطلب الخاص اور خدا تعالیٰ کی انتہائی اطاعت و خدمت ہے (ولیم لین)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ذ ء ب ☆

الذِّئبُ (اسم) بھیڑیا

ذ ء م ☆

مَذْءُومًا (اسم مفعول) قابل ملامت

ذَامَ یَذَامُ ذَامًا (ف) دھتکارنا-ملامت کرنا

ذ ب ب ☆

ذُبَابٌ (اسم) مکھی

ذ ب ذ ب

مُذَبْذَبِیْنَ (اسم مفعول جمع مذکر وزن رباعی) وہ جو دو باتوں کے درمیان لٹک رہے ہوں-

ذ ب ح ☆

ذَبَحُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے ذبح کیا-

ذَبَحَ یَذْبَحُ ذَبْحًا (ف) ذبح کرنا-گلا کاٹنا-قربانی کرنا/دینا

تَذْبَحُوْا منصوب تَذْبَحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم ذبح کرو-

اَذْبَحُ (فعل مضارع-واحد متکلم) میں ذبح کرتا ہوں

اَذْبَحُکَ (میں) تجھے ذبح کرتا ہوا

لَاَذْبَحَنَّ (لام تاکید واحد متکلم) میں یقیناً ذبح کروں گا-

ذُبِحَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر) وہ ذبح کیا گیا

یُذَبِّحُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ذبح کرتا ہے-

یُذَبِّحُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ذبح کرتے ہیں-

ذِبْحٌ (اسم) مَذْبُوْحٌ (اسم مفعول) ذبح کیا ہوا-

ذ خ ر ☆

تَدَّخِرُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم رکھ چھوڑتے ہو/ ذخیرہ کرتے ہو-

ذَخَرَ یَذْخَرُ ذُخْرًا (ف) بچانا-سٹور کرنا-مہیا کرنا

ذ ر ء ☆

ذَرَاَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پیدا کیا-

ذَرَاَ یَذْرَاُ ذَرْءًا (ف) پیدا کرنا بڑھانا-

ذَرَاْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پیدا کیا-

یَذْرَاُ (فعل مضارع-واحد مذکر حاضر) وہ پیدا کرتا ہے-وہ بڑھاتا ہے-

یَذْرَؤُکُمْ فِیْهِ (۴۲:۱۱)

وہ اسی طریق پر تم کو پھیلاتا رہتا ہے-

ذ ر ر ☆

ذَرَّةٌ (اسم) ذرّہ

ذرّہ کے لفظی معنی ایک طرح کی چیونٹی ہے جو وزن اور شکل میں ذرہ کے برابر ہوتی ہے یا چھوٹے سے چھوٹے بیج کے برابر ہوتی ہے-

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ذرہ کے وزن کے برابر

ذُرِّیَّةٌ (اسم) بچے-اولاد-جانشین

وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ (۲:۲۶۶)

اور اس کے ننھے ننھے بچے بھی ہوں-

ذُرِّیّٰتٌ (ذُرِّیَّةٌ کی جمع) بچے-نسلیں

ذ ر ع ☆

ذَرْعٌ (اسم) لمبائی

ذِرَاعٌ (اسم) (۱) ہاتھ-تقریباً ۱۸ انچ

ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُکُوْهُ (۶۹:۳۲)

پھر زنجیر سے جس کی ناپ ستر گز ہے' اسے جکڑ دو-

(۲) اگلی ٹانگیں-

وَکَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ بِالْوَصِیْدِ (۱۸:۱۸)

اور ان کا کتا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا-

وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا (۱۱:۷۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تنگ دل ہوئے-

نوٹ:- یہ ایک محاورہ ہے جس کا مطلب ہے کہ وہ تنگدل ہوئے اور اپنے آپ کو مناسب اقدام کرنے سے مجبور پایا-

ذ ر و ☆

تَذْرُوْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اڑا دیتا ہے- وہ منتشر کرتا ہے-

ذَرَا یَذْرُوْ ذَرْوًا (ن) منتشر کرنا-

هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ (۱۸:۴۵)

(پھر وہ) چورا چورا ہوگئی کہ ہوائیں اس کو اڑاتی پھرتی ہیں-

ذَرْوٌ (اسم مصدر) منتشر کرنا-

ذَارِیٰتٌ (ذَارِیَۃٌ کی جمع)

منتشر کرکے اڑا دینے والی ہوائیں-

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا (۵۱:۱)

بکھیرنے والیوں کی قسم جو اڑا کر بکھیرتی ہیں-

ذ ع ن ☆

مُذْعِنِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) فرمان بردار

ذَعَنَ یَذْعَنُ ذَعْنًا (ف)

وَاَذْعَنَ ' اِذْعَانًا باب اِفعال

اطاعت کرنا- ہتھیار ڈالنا

ذ ق ن ☆

الْاَذْقَانُ (ذِقْنٌ کی جمع) ٹھوڑیاں

ذ ک ر ☆

ذَکَرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے یاد کیا-

ذَکَرَ یَذْکُرُ ذِکْرًا (ن)

یاد کرنا' حافظے میں متحضر کرنا- یاد دلانا- نصیحت کرنا

ذَکَرُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے یاد کیا

ذَکَرْتَ فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے یاد کیا-

یَذْکُرُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ یاد کرتا ہے-

تَذْکُرُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو یاد کرتا ہے-

یَذْکُرُوْا منصوب یَذْکُرُوْنَ مرفوع فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ یاد کریں-

لِیَذْکُرُوْا (لام تعلیل) تا کہ وہ یاد کریں-

اَنْ اَذْکُرَ منصوب اَذْکُرُ مرفوع (فعل مضارع واحد متکلم) کہ میں یاد کروں

نَذْکُرُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم یاد کرتے ہیں-

اُذْکُرْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) یاد کر

اُذْکُرُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) یاد کرو-

اُذْکُرْنَ (فعل امر جمع مؤنث حاضر) تم سب عورتیں یاد کرو

انتباہ: اُذْکُرْنَ (بمعنی تم سب عورتیں یاد کرو) اور اُذْکُرْنِیْ (اذکر+نی) (جس میں نی بطور لاحقہ ہے) میں فرق ہے جس کے معنی' مجھے یاد کر ہے- اسے نوٹ کرنا چاہئے-

ذُکِرَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) ذکر/ بیان کیا گیا

وَذُکِرَ فِیْهَا الْقِتَالُ (۴۷:۲۰)

اور اس میں جہاد کا بیان ہو-

اِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ (۸:۲)

جب خدا کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں-

یُذْکَرُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) بیان کیا جاتا ہے-

ذُکِّرَ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) یاد دلایا گیا-

ذُکِّرْتُمْ (باب تفعیل فعل ماضی مجہول جمع حاضر) تمہیں یاد دلایا گیا-

ذَکِّرْ باب تفعیل (فعل امر واحد مذکر حاضر) یاد دلاؤ

تَذَکَّرَ باب تفعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) نصیحت پکڑی- اسے یاد آیا

یَتَذَکَّرُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) نصیحت پکڑتا ہے/ اسے یاد آتا ہے- یاد کرتا ہے-

یَتَذَکَّرُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) انہیں یاد آتا ہے- وہ نصیحت پکڑتے ہیں-

تَذَکَّرُوْنَ (تَتَذَکَّرُوْنَ) باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم یاد کرتے ہو- تم نصیحت پکڑتے ہو-

اِذَّکَرَ باب افتعال (فعل ماضی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مذکر غائب) اسے یاد آیا۔
یَذَّکَّرُ باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب)۔ وہ نصیحت پکڑتا ہے۔ وہ یاد کرتا ہے۔
یَذَّکَّرُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ نصیحت پکڑتے ہیں۔
یَذَّکَّرُوْا منصوب باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ نصیحت پکڑیں۔
لِیَذَّکَّرُوْا لام تعلیل جمع مذکر غائب) تاکہ وہ نصیحت پکڑیں
الذِّکْرٰی (اسم مؤنث) یادداشت نصیحت۔
ذِکْرٌ، الذِّکْرُ مرفوع ذِکْرًا، الذِّکْرَ منصوب (اسم) (۱) بیان/ذکر
وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ (۲۹:۴۵)
اور خدا کا ذکر بڑا (اچھا کام) ہے۔
(۳) یاددہانی۔ نصیحت (یعنی قرآن کریم)
وَھٰذَا ذِکْرٌ مُّبٰرَکٌ اَنْزَلْنٰہُ (۲۱:۵۰)
اور یہ مبارک نصیحت ہے۔
ذِکْرٰی اسم (۱) یاددہانی، نصیحت
ذٰلِکَ ذِکْرٰی لِلذّٰکِرِیْنَ (۱۱:۱۴)
یہ ان کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔
(۲) یاد آنا
فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ (۶:۶۸)
تو یاد آنے پر ظالم لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو۔
تَذْکِرَۃٌ (اسم) یاددہانی، نصیحت
تَذْکِیْرٌ باب تفعیل، اسم مصدر نصیحت کرنا۔
یٰقَوْمِ اِنْ کَانَ کَبُرَ عَلَیْکُمْ مَّقَامِیْ وَتَذْکِیْرِیْ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ (۱۰:۷۱)
اگر تم کو میرا تم میں رہنا اور خدا کی آیتوں سے نصیحت کرنا ناگوار ہو۔
الذّٰکِرِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) ہوشیار لوگ (جو ذکر کرتے ہوں)
الذّٰکِرٰتِ (اسم فاعل جمع مؤنث) ہوشیار عورتیں جو ذکر کرتی ہوں۔
مُذَکِّرٌ باب تفعیل (اسم فاعل واحد مذکر) نصیحت کرنے والا۔
مُدَّکِرٌ باب افتعال (اسم فاعل) وہ جس کو نصیحت کی جائے (عبدالماجد دریا آبادی) وہ جو ہوشیار ہو (محمد علی)۔ وہ جو ذکر کرتا ہو (پکتھال)۔
مَذْکُوْرٌ (اسم مفعول واحد مذکر) جس کا ذکر کیا گیا ہو۔ جس کا بیان کیا گیا ہو۔
ذَکَرٌ (اسم) مرد (ضد: عورت)
الذَّکَرَیْنِ دو مرد
منصوب (اسم تثنیہ) (ضد عورتیں)
الذُّکْرَانُ / ذُکْرَانًا (اسم جمع) مرد لوگ

ذ ک ی ☆

ذَکَّیْتُمْ باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) لفظی ترجمہ: تم نے پاک کرلیا۔ اصطلاحاً لحاظ سے۔ شرعی طریقے سے تم نے ذبح کیا۔
ذَکّٰی باب تفعیل تَذْکِیَۃٌ ذبح کرنا۔

ذ ل ل ☆

ذَلَّلْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے ذلیل کیا
ذَلَّ یَذِلُّ ذُلًّا وَ ذِلَّۃً وَ مَذَلَّۃً (ض) پست ہونا۔ نرم ہونا۔ قابل نفرت ہونا۔ فرماں بردار۔ ذلیل۔ بردبار
ذُلِّلَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) گرا دیا گیا۔ ذلیل کی گئی۔ زیردسترس
تَذْلِیْلٌ باب تفعیل (اسم مصدر) لٹکا دینا۔ کسی کو گرا دینا۔ تذلیل کردینا
تُذِلُّ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو ذلیل کرتا ہے۔
نُذِلُّ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم ذلیل ہوتے ہیں۔
ذُلٌّ (اسم) عاجزی مسکینی
ذِلَّۃٌ (اسم) ذلت وخواری
ذَلُوْلٌ (اسم مبالغہ) (۱) تابع کرنا
اِنَّھَا بَقَرَۃٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِیْرُ الْاَرْضَ (۲:۷۱)
وہ بیل کام میں لگا ہوا نہ ہو اور نہ زمین جوتتا ہو۔
(۲) نرم۔ تابع۔ مطیع
ھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا (۶۷:۱۵)
وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو نرم بنا دیا۔
ذُلُلًا منصوب (اسم جمع) نرم
اَذِلَّۃٌ (اسم جمع) (۱) کمزور۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عاجز (ضد: طاقتور مسلح)
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ (۳:۱۲۳)
اور خدا نے جنگ بدر میں بھی تمہاری مدد کی تھی اور اس وقت بھی تم بے سروسامان تھے۔
(۲) پست (ضد: شریف)
اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَ جَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً (۲۷:۳۴)
بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں اور وہاں کے عزت والوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں۔
اَلْاَذَلُّ (اسم تفضیل) کمزور ترین پست ترین۔ بے یارو مددگار (ضد: طاقتور)
ا لْاَ ذَلِّيْنَ (اَلْاَذَلُّ کی جمع) عاجز ترین لوگ۔

ذ م م ☆

ذِمَّةٌ (اسم) معاہدہ۔عہد
مَذْمُوْمٌ (اسم مفعول) جس کی مذمت کی گئی ہے۔قابل مذمت
ذَمَّ يَذُمُّ ذَمًّا وَ ذِمَّةً (ن) مذمت کرنا

ذ ن ب ☆

ذَنْبٌ (اسم) (۱) جرم
اَذْنَبَ يُذْنِبُ اِذْنَابًا باب افعال غلطی یا جرم کرنا۔قصوروار ہونا۔
وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ (۲۶:۱۴)
اور ان لوگوں کا مجھ پر ایک گناہ ہے۔
بِاَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ (۸۱:۹)
وہ کس گناہ پر ماری گئی۔
ذُنُوْبٌ (ذَنْبٌ کی جمع) گناہ بصیغہ جمع۔
ذَنُوْبٌ (اسم) حصہ (راغب)
نوٹ:۔ ذنب کی جمع ہے بمعنی گناہ و جرم لیکن ذَنُوْبٌ مفرد ہے اور اس کے لفظی معنی بالٹی اور حصہ ہیں۔

ذ ہ ب ☆

ذَهَبَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ گیا۔
ذَهَبَ يَذْهَبُ ذِهَابًا وَ مَذْهَبًا (ف) جانا
ذَهَبَ بِ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) لے جانا
ذَهَبُوْا۔بِ (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ لے گئے۔
ذَهَبَ۔عَنْ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) الگ ہو گیا۔چھوڑ گیا۔
ذَهَبْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم گئے۔
يَذْهَبُوْا منصوب يَذْهَبُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جاتے ہیں۔
لِتَذْهَبُوْا۔بِ منصوب لام تعلیل تَذْهَبُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تا کہ تم لے جاؤ۔
لَنَذْهَبَنَّ۔بِ (لام تاکید و نون ثقیلہ) ہم یقیناً لے جائیں گے۔
اِذْهَبْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو جا
اِذْهَبَا (فعل امر تثنیہ مذکر حاضر) تم دو جاؤ۔
اِذْهَبُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم سب جاؤ
اَذْهَبَ باب افعال واحد مذکر غائب) دور کیا۔ہٹایا
اَذْهَبْتُمْ باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے دور کیا/ہٹایا
يُذْهِبُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ہٹاتا ہے/دور کرتا ہے۔
لِيُذْهِبَ منصوب (لام تعلیل واحد مذکر) تا کہ وہ دور کرے یا ہٹائے۔
يُذْهِبَنَّ (فعل مضارع مؤکد بہ نون ثقیلہ واحد مذکر غائب) وہ یقیناً دور کرے گا یا ہٹائے گا
يُذْهِبْنَ (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ دور کریں گی۔
ذَهَبٌ (اسم) سونا۔زر
ذَهَابٌ۔بِ (مصدر) لے جانا
ذَاهِبٌ (اسم فاعل) جانے والا

ذ ہ ل ☆

تَذْهَلُ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ بھول جائے گی
ذَهَلَ يَذْهَلُ ذُهُوْلاً (ف) بھول جانا۔نظر انداز کرنا

☆ ☆ ☆ ☆

ذُوْ (واحد مذکر) لفظی معنی "والا" اسمائے خمسہ میں سے (اسم اشارہ ساتھ "پر" میں اور کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاِنْ كَانَ ذُوْعُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ (۲۸۰:۲)
اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو (اسے) کشائش کے حاصل ہونے تک) مہلت دو۔
ذَا منصوب۔والا
ذِیْ مجرور والا
وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ (۷۶:۱۲)
اور ہر علم والے سے دوسرا علم والا بڑھ کر ہے۔
ذَاتُ (واحد مؤنث) والی
ذَاتُ الْيَمِيْنِ دائیں طرف والی
ذَاتُ الشِّمَالِ بائیں طرف والی
ذَوَاتَا (مثنی مؤنث) والیاں
ذَوَاتَا اَفْنَانٍ (۴۸:۵۵)
ان دونوں میں بہت سی شاخیں ہیں یعنی طرح طرح کے میوے ہیں۔

ذ و د ☆

تَذُوْدَانِ (فعل مضارع۔تثنیہ مؤنث حاضر) دونوں پیچھے رہ رہی تھیں ہٹ رہی تھیں
ذَادَ يَذُوْدُ ذَوْدًا (ض)
پیچھے رہنا/ہٹنا

ذ و ق ☆

ذَاقَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے چکھا
ذَاقَ يَذُوْقُ ذَوْقًا وَ مَذَاقًا وَ مَذَاقَةً (ن)
چکھنا۔تجربہ کرنا۔

ذَاقَا (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب)
ان دو نے چکھا
ذَاقُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے چکھا
يَذُوْقُ لِيَذُوْقَ منصوب (لام تعلیل واحد مذکر غائب) تاکہ وہ چکھے
لِيَذُوْقُوْا منصوب (لام تعلیل، جمع مذکر غائب) تاکہ وہ چکھیں
لَا يَذُوْقُوْنَ يَذُوْقُوْنَ (فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب) وہ نہیں چکھیں گے۔
ذُقْ (فعل امر واحد مذکر حاضر)
تو چکھ
ذُوْقُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر)
تم چکھو۔
اَذَاقَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اُس نے چکھایا
اَذَقْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے چکھایا۔
يُذِيْقُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ چکھاتا ہے۔
نُذِيْقُ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم چکھاتے ہیں
نُذِيْقَنَّ (نون ثقیلہ) ہم لازما چکھائیں گے۔
ذَائِقَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)
جو چکھتی ہے یا چکھے گی۔
ذَائِقُوْنَ مرفوع ذَائِقُوْا منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) چکھنے والے۔

☆ ☆ ☆ ☆

ذَانِكَ (اسم اشارہ بعید مثنی) وہ دو

ذ ی ع ☆

اَذَاعُوْا باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے خبریں پھیلا دیں۔
ذَاعَ يَذِيْعُ ذَيْعًا وَ ذُيُوْعًا (ض)
خبر/خبروں کا عام ہونا/پھیل جانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ر أ س ☆

رَأسٌ؛ الرَّأسُ (اسم) سر
رَأسَ يَرْأسُ رِئَاسَةً (ف)
قبیلہ کا سردار یا سربراہ بن جانا
رُؤُوسٌ (رَأسٌ کی جمع)
(۱) سر یا سر پوش
كَأَنَّهٗ رُءُوسُ الشَّيٰطِيْنِ (۶۵:۳۷)
جیسے شیطانوں کے سر۔
(۲) رأس المال۔اصل سرمایہ
وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ اَمْوَالِكُمْ (۲۷۹:۲)
اور اگر توبہ کرو گے (اور سود چھوڑ دو گے) تو تم کو اصل رقم لینے کا حق ہے۔

ر أ ف ☆

رَأفَةٌ (اسم مصدر) نرمی۔ترس
رَأفَ يَرْأفُ رَأفًا وَ رَأفَةً (ف ک)
مہربان ہونا۔ رحم دل ہونا۔ ترس کھانا۔ ہمدردی کرنا۔
رَؤُوفٌ (اسم مبالغہ)
حد سے زیادہ مہربان

ر أ ی ☆

رَاٰ۔رَاٰی (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے دیکھا
رَاٰی يَرٰی رَأيًا وَ رُؤْيَةً (ف)
دیکھنا۔رائے رکھنا۔سوچنا۔جانچنا۔فیصلہ کرنا۔
رَأَيْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تم نے دیکھا۔
اگر اس سے قبل حرف استفہام "أ" لگے تو اسے یوں پڑھا جائے گا: أرَأَيْتَ : کیا تو نے دیکھا؟
رَأَيْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے دیکھا۔
رَأَوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے دیکھا۔
رَأَيْنَ (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) ان عورتوں نے دیکھا۔
رَأَيْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے دیکھا۔
أَفَرَأَيْتُمْ کیا پھر تم نے دیکھا۔
أَفَرَأَيْتُمْ نیز کیا پھر تم نے دیکھا ہے/کیا پھر تم نے ملاحظہ کیا ہے۔
رَأَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے دیکھا۔
أرَأَيْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) کیا تو نے دیکھا
فعل سے پہلے حرف استفہام "أ" ہے۔
أرَأَيْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) کیا تم نے دیکھا۔
نوٹ:۔ یہ مفہوم ادا کرنے کے لئے ایک اور اسلوب تعبیر یہ ہے مثلاً: أرَأَيْتَكَ یعنی تم خیال تو کرو ذرا دیکھو تو۔
قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ (۶۲:۱۷)
دیکھ تو یہی وہ ہے جسے تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔
رَأَيْتُمْ تم نے دیکھا۔
اس فعل کو آخر میں اضافی "و" کے ساتھ یوں لکھا جاتا ہے رَأَيْتُمُوْ بشرطیکہ اس کے بعد کوئی متصل ضمیر آتی ہو مثلاً: رَأَيْتُمُوْهُ کہ تم نے اسے دیکھا ہے۔
يَرٰی (فعل مضارع واحد مذکر غائب) دیکھا ہے/دیکھتا ہے
يَرَ لَمْ مثلاً لَمْ کے بعد يَرَ
اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ (۷۷:۳۶)
کیا انسان نے نہیں دیکھا؟
تَرٰی (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو دیکھتا ہے۔
تَرَ حرف نافیہ لَمْ کے بعد:
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ (۲۴۳:۲)
بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے نکل بھاگے تھے؟
تَرَيِنَّ (فعل مضارع مؤنث بہ نون ثقیلہ)
فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ (۲۶:۱۹)
پھر اگر تم کسی آدمی کو دیکھو۔
أَرٰی (فعل مضارع واحد متکلم) میں دیکھتا ہوں۔
نَرٰی (فعل مضارع جمع متکلم) ہم دیکھتے ہیں
أَرٰی باب افعال ضمیر متصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سے پہلے: مثلاً: اَرَاکَھُمْ اَرَیْنَاکَ'
اَرَیْنَاہُ اس نے تجھے وہ دکھائے- ہم نے
تجھے دکھائے- ہم نے اسے دکھایا-
اَرَاکَھُمْ (فعل ماضی) وہ دکھاتا
ہے اس نے تجھے وہ دکھائے-
اَرَیْنَا باب افعال (فعل ماضی
جمع متکلم) ہم نے دکھایا-
یُرِی باب افعال (فعل
مضارع واحد مذکر غائب) وہ دکھاتا ہے-
تُرِی باب افعال (فعل
مضارع واحد مذکر حاضر) تو دکھاتا ہے-
اُرِی باب افعال (فعل
مضارع واحد متکلم) میں دکھاتا ہوں-
نُرِی باب افعال (فعل
مضارع جمع متکلم) ہم دکھاتے ہیں
اَرِ (فعل امر واحد مذکر حاضر) دکھا
اَرِنِی مجھے دکھا اَرِنَا ہمیں دکھا-
یُرٰی (فعل مضارع مجہول
واحد مذکر غائب) دکھایا جاتا ہے-
یُرَوْ کہ وہ دکھائے جائیں گے-
یُرَاؤُوْنَ باب مفاعلہ (فعل
مضارع جمع مذکر غائب) وہ نمائش کرتے
ہیں/ وہ دکھلاوا کرتے ہیں-
اَلَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُ وْنَ (۶:۱۰۷)
جو ریا کاری کرتے ہیں-
تَرَاءٰی باب تفاعل (فعل ماضی
واحد مذکر غائب) ایک دوسرے کو دیکھا
فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ (۲۶:۶۱)
جب دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں-
تَرَاءَ ت باب تفاعل (فعل ماضی
واحد مؤنث غائب) وہ آمنے سامنے ہوئے-
فَلَمَّا تَرَآءَ تِ الْفِئَتٰنِ (۸:۴۸)
جب دونوں فوجیں ایک دوسرے کے سامنے
صف آرا ہوئیں-
رَأْیٌ (اسم مصدر) دیکھنا-
رَأْیَ الْعَیْنِ اپنی آنکھوں سے دیکھنا-
اَلرَّأْیُ (اسم) رائے ناقص رائے
بَادِیَ الرَّأْیِ ناقص رائے
رِئْیًا (اسم) ظاہر/نمود
ھُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْیًا (۱۹:۷۴)
وہ لوگ (ان سے) ٹھاٹھ اور نمود میں کہیں
اچھے تھے-
اَلرُّؤْیَا (اسم) خواب
رِئَاءٌ (اسم) ریاکاری/دکھلاوا

ر ب ب ☆

رَبٌّ (اسم) خدا رب پالنے والا
نوٹ:- عربی زبان میں رب کے لئے
Lord ایک کمزور متبادل لفظ ہے عربی
زبان میں رب کا مفہوم حکمران ہی نہیں بلکہ
پالن ہار مدبر اور کامل ذات ہے اسلام میں
رب کا اپنی مخلوق کے ساتھ تعلق کا جو مفہوم
ہے وہ ایک مخلص مہربان حکمران کا ہے نہ کہ
صرف باپ کا (عبدالماجد دریا آبادی)
رب کے معنی نگہبان و سرپرست کل اور مختار
کل محافظ کے ہیں نہ کہ ایک قبیلے کے خدا' یا
کسی مخصوص چہیتی نسل یا قوم کے خدا' نہ ہی
''محدود مہمانوں کے آقا'' اور نہ ''جنت میں
ہمارے باپ'' کی صورت میں مجسم خدا کے
ہیں- (عبدالماجد دریا آبادی- ولیم لین)
رُبَمَا (حرف) اکثر و بیشتر
(ولیم لین)
اکثر اوقات' آخرت میں (عبدالماجد دریا
آبادی)- ہوسکتا ہے' (پکتھال) وقت
آسکتا ہے (سیل)- اتفاقاً (آربری)
رِبِّیُّوْنَ (اسم جمع) اولیاء باخدا
لوگ
رَبَّ یَرُبُّ رَبًّا: (۱) رب ہونا
(۲) پالنا (۳) بچے کی پرورش کرنا-
رَبَائِبُ (اسم جمع) سوتیلی بیٹیاں
رَبَّانِیِّیْنَ ' رَبَّانِیُّوْنَ (اسم جمع) پاکیزہ
باخدا لوگ- عبادت گزار- اللہ کے فرماں
بردار بندے-
رَبَتْ دیکھئے- ر ب و

ر ب ح ☆

رَبِحَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث
غائب) نفع دیا-
رَبِحَ یَرْبَحُ رِبْحًا وَ رَبَاحًا (س)
کمانا- تجارت میں کامیاب ہونا-
مَا رَبِحَتْ نفع نہ دیا-

ر ب ص ☆

تَرَبَّصْتُمْ باب تفعل (فعل ماضی'
جمع مذکر حاضر) تم نے انتظار کیا-
تَرَبَّصَ باب تفعل تَرَبُّصًا انتظار
کرنا- گھات لگانا-
یَتَرَبَّصُ باب تفعل (فعل مضارع
واحد مذکر غائب) وہ انتظار کرتا ہے-
یَتَرَبَّصُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع
جمع مذکر غائب) وہ انتظار کرتے ہیں-
یَتَرَبَّصْنَ باب تفعل (فعل مضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں انتظار کرتی ہیں یا کریں۔

تَرَبَّصُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم انتظار کرتے ہو

نَتَرَبَّصُ باب تفعل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم انتظار کرتے ہیں۔

تَرَبَّصُوْا باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم انتظار کرو

تَرَبُّصُ (اسم مصدر) انتظار

مُتَرَبِّصُوْنَ (اسم فاعل، جمع مذکر) انتظار کرنے والے۔

ر ب ط ☆

رَبَطْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے باندھا/مربوط کیا

رَبَطَ یَرْبِطُ رَبْطًا وَ رِبَاطَةً (ض) مضبوط ہونا، باندھنا، گانٹھنا

رَابِطُوْا باب مفاعلہ (فعل امر جمع مذکر حاضر) تیار رہو۔ مستقل مزاج رہو۔ باہم مربوط رہو

رِبَاطٌ باب مفاعلہ، مصدر رسیاں

رِبَاطُ الْخَیْلِ گھوڑوں کی رسیاں۔

ر ب ع ☆

الرُّبُعُ (کسر) ایک چوتھائی۔ ۱/۴

رُبَاعَ (اسم عدد، جمع) چار۔

اَرْبَعٌ اَرْبَعَةٌ (اسم عدد) (مذکر و مؤنث) چار

اَرْبَعِیْنَ (اسم عدد) چالیس

رَابِعٌ (عدد ترتیبی) چوتھا

ر ب و ☆

رَبَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) بڑھی پھولی

رَبَا یَرْبُوْ رِبَاءً اَوْ رُبُوًّا (ن) بڑھنا۔ بڑھنا (بچے کا) دولت کا بڑھنا۔

یَرْبُوْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) بڑھتا ہے۔

لِیَرْبُوَ تاکہ زیادہ ہوجائے

یُرْبِیْ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) بڑھاتا ہے/ زیادہ کرتا ہے۔

اَرْبٰی (اسم تفضیل زیادہ نفع [illegible] یعنی تعداد میں زیادہ۔

اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ (۹۲:۱۶)

کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ غالب ہے۔

الرِّبَا۔ الرِّبٰو (اسم) سود

لفظ رِبٰو کا انگریزی ترجمہ Usury ہے یہ جدید اصطلاح میں بھاری یا متزائد منافع ہے دوسری طرف عربی زبان میں ربو کا کسی بھی قسم کی زیادتی یعنی قرض پر زائد وصولی ہے۔

یہ زائد رقم اس سے خواہ کتنی ہی کم ہو۔ ربٰو میں Usury اور in terest دونوں شامل ہیں (عبدالماجد دریا آبادی ص ۳ حاشیہ ۱۴۱)

نوٹ:۔ قرآنی رسم خط میں اس لفظ کو ربٰو لکھا گیا ہے البتہ قرآن (۳۹:۳۰) میں رِبًا بھی موجود ہے

رَبَّيَا مضاعف (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب) ان دونوں نے پالا۔

رَبَّيَانِیْ ان دو (والدین) نے مجھے پالا پوسا۔

نُرَبِّ نُرَبِّیْ (مضاعف) (فعل مضارع جمع متکلم) ہم پالتے ہیں۔

اَلَمْ نُرَبِّكَ کیا ہم نے تجھے نہیں پالا؟

رَابِيًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) ابھار۔ سوجھ (یا) اوپر کنارے پر

رَابِيَةً منصوب (اسم فاعل واحد مؤنث) بڑھتی ہوئی۔

رَبْوَةٍ (اسم) بلندی۔ ٹیلہ

ر ت ع ☆

یَرْتَعْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) پھل وغیرہ چر چگ لے۔

رَتَعَ یَرْتَعُ رَتْعًا وَ رِتَاعًا وَ رُتُوْعًا (ف) سیر ہو کر کھانا پینا۔

ر ت ق ☆

رَتْقًا (اسم منصوب) بند کردینا۔

رَتَقَ یَرْتُقُ رَتْقًا (ن) بند کردینا۔ اکٹھا جُڑا جانا

ر ت ل ☆

رَتَّلْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے ترتیل کے ساتھ تلاوت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رَتَّلَ باب تفعیل تَرْتِیْلاً
تَرَتَّلَ تَرَتُّلاً (باب تفعل)
عمدگی اور نفاست سے پڑھنا
تَرْتِیْلَ باب تفعیل (مصدر)
تلاوت موزوں آواز کے ساتھ تلاوت قرآن کرنا۔
رَتِّلْ (فعل امر واحد مذکر حاضر)
ترتیل کے ساتھ پڑھو۔
ترتیل کے معنی لفظ یا الفاظ کی سہولت وصحت کے ساتھ پڑھنا ہے۔ یہ تو اس کے خاص معنی ہیں لیکن اس کے روایتی معنی یہ ہیں کہ حرف کا صحیح مخارج سے ادا کرنا اور وقف کرنا آواز کا اظہار واخفاء کے ساتھ پڑھنا یا تلاوت کرنا ہے

ر ج ج ☆

رُجَّتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) ہلا دی گئی۔
اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور مہربانی نہ ہوتی تو ایک شخص بھی تم میں سے پاک نہ ہو سکتا تھا۔
زَکّٰی باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تزکیہ کیا۔
زَکّٰی تَزْکِیَۃً پاک بنانا۔ پاک کرنا
یُزَکِّیْ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پاکیزہ/پاک کرتا ہے۔
تُزَکِّیْ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم پاک کرتے ہو۔
یُزَکُّوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پاک کرتے ہیں۔
لَا تُزَکُّوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) صفائی مت دو۔
فَلَا تُزَکُّوْٓا اَنْفُسَکُمْ (۳۲:۵۳)
اپنے آپ کو پاک صاف نہ جتاؤ۔
زَکّٰی نَفْسَہٗ کے معنی ہیں وہ اپنی تعریف کرتا ہے۔ لفظی معنی یہ ہیں کہ اس نے اپنی صفائی اور پاکیزگی جتائی۔ لہٰذا آیت کا ترجمہ ہوگا کہ "اپنی تعریف نہ کرو اور اپنی صفائی بیان مت کرو۔
تَزَکّٰی پاک ہوا۔
یَتَزَکّٰی باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اپنے آپ کو پاک کرتا ہے۔
یَزَّکّٰی (فعل مضارع واحد مذکر غائب) سنورتا ہے۔ پاک ہوتا ہے۔
اَلزَّکَاۃُ زَکَاۃٌ (اَلزَّکٰوۃُ زَکٰوۃٌ) (اسم) زکاۃ
وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (۴۳:۲)
نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو۔
نوٹ:۔ لفظ زَکَاۃ یا زَکٰوۃ کا لفظی ترجمہ پاکی اور پاکیزگی ہے۔ یہ شریعت اسلامی کی شرعی اصطلاح ہے جس کے مطابق مال و جائداد میں ایک مخصوص نسبت سے خدا کا حق سمجھ کر صاحب مال و جائیداد غریبوں کو دیتا ہے تاکہ اس سے اس کا مال پاک ہو (ولیم لین)۔
اس دینی واجب کی ادائیگی فرض ہے بشرطیکہ مال اور جائیداد کی مالیت نصاب پورا کرتی ہو اور یہ مال صاحب مال کے پاس پورے ایک قمری سال تک رہا ہو۔
زکوٰۃ کی شرح مال کی نوعیت کے مطابق ہوتی ہے عام طور پر مال کا چالیسواں حصہ ہوتی ہے یعنی اڑھائی فیصد۔
زکوٰۃ کو اسلامی ٹیکس غرباء کا حق اور خیرات کہا جاتا ہے لیکن ان میں سے کوئی بھی زکوٰۃ کا کامل مفہوم ادا نہیں کرتا لہٰذا بجائے ترجمہ کے زکوٰۃ کا لفظ ہی استعمال کرنا چاہیے۔
(۲) پرہیزگاری۔ پاکیزگی
فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَھُمَا رَبُّھُمَا خَیْرًا مِّنْہُ زَکٰوۃً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا (۸۱:۱۸)
تو ہم نے چاہا کہ ان کا پروردگار اس کی جگہ ان کو اور بچہ عطا فرمائے جو پاک طینتی اور محبت میں اس سے بہتر ہو۔
وَحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَکٰوۃً (۱۳:۱۹)
اور اپنے پاس سے شفقت اور پاکیزگی (دی تھی)
زَکِیٌّ، زَکِیًّا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) پاکیزہ
لِاَھَبَ لَکِ غُلٰمًا زَکِیًّا (۱۹:۱۹)
تاکہ میں تمہیں پاکیزہ لڑکا بخشوں
زَکِیَّۃً (اسم فاعل واحد مؤنث) پاکیزہ یعنی معصوم
قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّۃً (۷۴:۱۸)
موسیٰ نے کہا کہ آپ نے ایک بے گناہ شخص کو (ناحق) بغیر قصاص کے مار ڈالا۔
اَزْکٰی (اسم تفضیل) پاکیزہ ترین

ز ل ز ل

زُلْزِلَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) ہلائی گئی۔
زَلْزَلَ یُزَلْزِلُ زَلْزَلَۃً ہلا دینا۔
زُلْزِلُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ ہلائے گئے۔
زِلْزَالٌ (اسم مصدر) ہلانا۔
زَلْزَلَۃٌ (اسم) زلزلہ۔ بھونچال

ز ل ل ☆

زَلَلْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم پھسل گئے۔
زَلَّ یَزِلُّ زَلًّا وَ زَلَلًا وَ مَزِلَّۃً (ض) لڑکھڑانا۔ پھسلنا۔ غلطی کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تَزِلُّ   اَنْ تَزِلَّ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) کہ تو پھسلے۔
اَزَلَّ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پھسلایا
اِسْتَزَلَّ   باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پھسلا دیا۔

ز ل ف ☆

اَزْلَفْنَا   باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے قریب کیا۔
اَزْلَفَ یُزْلِفُ باب افعال اِزْلَافًا قریب کرنا۔ پہنچ میں لانا
زَلَفَ یَزْلُفُ زَلْفًا وَ زُلْفٰی (ن) آگے بڑھنا۔
اُزْلِفَتْ   باب افعال (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) قریب لائی گئی۔
زُلَفًا   منصوب (اسم) پڑوس میں
زُلْفَةً   منصوب (اسم) اندازا
زُلْفٰی   (اسم مصدر) پہنچ، دسترس

ز ل ق ☆

یُزْلِقُوْنَ   باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ لڑکھڑا دیتے ہیں۔
اَزْلَقَ اِزْلَاقًا باب افعال پھسلانا۔ لڑکھڑا دینا۔
زَلَقَ یَزْلِقُ زَلْقًا (ض) پھسلنا۔ لڑکھڑانا
زَلَقٌ (اسم مصدر) زَلَقًا منصوب پھسلن۔

ز ل م ☆

اَلْاَزْلَامُ (اسم جمع مکسر) تیر۔ پانسے۔ مفرد: زَلَمٌ
نوٹ:۔ زَلَمٌ (مفرد) بغیر سرے اور بغیر پر کے تیر ازلام سے یہاں مراد وہ پانسے ہیں جن کے ذریعے دور جاہلیت میں لوگ اپنی قسمت معلوم کرتے تھے۔ ان پانسوں کو ایک برتن میں رکھا جاتا تھا جب کوئی سفر پر جانا چاہتا یا اپنی کوئی ضرورت پوری کرنا چاہتا یا کوئی معاملہ سرانجام دینا چاہتا تو وہ اس برتن یا تھیلے میں اپنا ہاتھ ڈالتا اور ایک تیر نکالتا اگر اس کے ہاتھ میں وہ تیر آتا جس میں حکم ہوتا، تو وہ سفر پر روانہ ہوتا اور اگر وہ تیر نکلتا جس پر منع لکھا ہوتا تو وہ سفر سے باز رہتا اور اگر خالی تیر نکلتا تو وہ دوبارہ یہ مشق کرتا۔ (عبدالماجد دریا آبادی۔ ولیم لین۔ ابن کثیر)۔

ز م ر ☆

زُمَرٌ، زُمَرًا منصوب (اسم جمع) فوج در فوج۔

ز م ل ☆

اَلْمُزَّمِّلُ (باب افتعال، اسم مفعول واحد مذکر) لپٹا ہوا۔ اوڑھ لپیٹ کر رہنے والا۔
مُتَزَمِّلٌ اَلْمُزَّمِّلُ متفعل کے وزن پر متزمل کی ت، ز میں مدغم ہوگئی اور ز مشدد ہوگئی (ابن کثیر)

☆ ☆ ☆ ☆

زَمْهَرِیْرٌ (اسم) سخت سردی

☆ ☆ ☆ ☆

زَنْجَبِیْلٌ (اسم) ادراک ایک مخصوص پودے کا نام جس کا ذائقہ بہت عمدہ ہوتا ہے۔

ز ن م ☆

زَنِیْمٌ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) حرامی۔ اپنے والد کے سوا کسی اور شخص کا بیٹا۔

ز ن ی ☆

یَزْنُوْنَ (فعل مضارع، جمع مذکر غائب) وہ زنا کا ارتکاب کرتے ہیں۔
زَنٰی یَزْنِیْ زِنًی وَ زِنَاءً (ض) ارتکاب زنا۔ بدکاری۔
یَزْنِیْنَ معتل (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں بدکاری کرتی ہیں۔
اَلزَّانِیْ، زَانٍ محذوف الآخر (اسم فاعل واحد مذکر) بدکاری/زنا کرنے والا۔
اَلزَّانِیَةُ زَانِیَةٌ (اسم فاعل واحد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مؤنث) بدکار عورت

ز و ج ☆

زَوَّجْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے شادی کرادی
زَوَّجَ باب تفعیل، تَزْوِیْجًا کسی عورت کو نکاح میں دینا- جوڑنا- جوڑوں میں منسلک کرنا- کفو کے ساتھ جوڑنا-
یُزَوِّجُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ جوڑتا ہے/ شادی کراتا ہے
زُوِّجَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) ملادی جائے گی- جوڑی گئی-
وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (۸۱:۷)
جب روحیں بدنوں کے ساتھ ملادی جائیں گی-
زَوْجٌ (اسم) بیوی
وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ (۴:۲۰)
اگر تم ایک عورت چھوڑ کر دوسری عورت کرنا چاہو
(۲) خاوند
حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ (۲:۲۳۰)
جب تک عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے
(۳) جوڑا
وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ (۲۲:۵)
اور طرح طرح کی بارونق چیزیں اُگاتی ہے-
زَوْجَانِ مرفوع زَوْجَيْنِ منصوب (تثنیہ) مرد و عورت، میاں بیوی، دو جنس جوڑے
اَزْوَاجٌ (اسم جمع مکسر) بیویاں- خاوند- جوڑے- قسمیں-

ز و د ☆

تَزَوَّدُوْا باب تفعل (فعل امر جمع مذکر حاضر) زادراہ لے لو
تَزَوَّدَ باب تفعل تَزَوُّدًا سفر کے لئے خوراک کا انتظار کرنا-
الزَّادُ (اسم) زادراہ

ز و ر ☆

زُرْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے زیارت کی/ دیکھا
زَارَ يَزُوْرُ زِيَارَةً (ن) زیارت/ ملاقات کرنا-
تَزٰوَرُ باب تفاعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) راستہ بدلتا ہے- پہلو بدلتا ہے-
تَزَاوَرَ يَتَزَاوَرُ باب تفاعل تَزَاوُرًا راستہ بدلنا-
تَتَزَاوَرُ تَزَاوَرُ (ابن کثیر)
الزُّوْرُ مرفوع زُوْرًا منصوب (اسم) جھوٹ
زَوَرَ يَزْوَرُ زَوْرًا (س) جھوٹ/ جعلی بتانا

ز و ل ☆

(۱) سادہ فعل کی شکل میں
زَالَتَا معتل (فعل ماضی تثنیہ مؤنث غائب) دو زائل ہوگئیں/ ڈھل گئیں-
زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وَ زَوَالًا (ن) گزرنا- رک جانا- ڈھلنا- ہٹ جانا-
لِتَزُوْلَ لام تعلیل واحد مؤنث غائب) تاکہ ہٹ جائے
زَيَّلْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پھیلا دیا-
تَزَيَّلُوْا باب تفعل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ ایک دوسرے سے ممتاز ہوگئے (عبدالماجد دریا آبادی)
زَوَالٌ (اسم مصدر) زوال- ڈھلنا
(۲) حرف نافیہ کے سابقہ کے ساتھ-
زَالَ: يَزَالُ سے مضارع ساکن يَزَلْ ہوگا یعنی ختم ہونا اگر اس سے پہلے کوئی حرف نفی ما - لا - یا لم آئے تو اس کا مطلب ہوگا کہ عمل جاری ہے-
مَازَالَتْ (ماضی منفی واحد مؤنث غائب) وہ رہی- جاری رہی
فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰهُمْ (۲۱:۱۵)
تو وہ ہمیشہ اسی طرح پکارتے رہے-
مَازِلْتُمْ (فعل ماضی منفی جمع مذکر حاضر) تم رہے- تم جاری رہے
فَمَازِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ (۴۰:۳۴)
تم ہمیشہ شک ہی میں رہے
لَايَزَالُ (فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب) وہ ہمیشہ رہے گا-
لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ (۹:۱۱۰)
یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے، ہمیشہ ان کے دلوں میں خلجان کا موجب رہے گی-
لَاتَزَالُ (فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب) وہ ہمیشہ رہے گی-
لَا يَزَالُوْنَ (فعل مضارع منفی جمع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مذکر غائب) وہ ہمیشہ رہیں گے۔

ز ھ د ☆

الزَّاھِدِیْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) زاہد لوگ۔پرہیزگار۔بے رغبت۔

زَھَدَ یَزْھَدُ زُھْداً (ف)۔ فی۔ دور رہنا۔بے رغبت ہونا۔ترک کرنا۔

ز ھ ر ☆

زَھْرَۃٌ (اسم) پھول۔عظمت۔شان

ز ھ ق ☆

زَھَقَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مٹ گیا

زَھَقَ یَزْھَقُ زُھُوْقاً (ف) مٹ جانا

تَزْھَقَ منصوب (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) کہ مٹ جائے (یعنی مرجائے۔فوت ہوجائے)

زَاھِقٌ اسم فاعل واحد مذکر مٹ جانے والا۔

زَھُوْقاً منصوب (اسم مبالغہ) بہت مٹنے والا۔

ز ی ت ☆

زَیْتٌ (اسم) تیل۔پٹرول

زَیْتُوْنٌ (اسم) زیتون

زَیْتُوْنَۃٌ (اسم صفت) زیتونی

ز ی د ☆

زَادَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے زیادہ کیا

زَادَ یَزِیْدُ زِیَادَۃً (ض) بڑھانا، زیادہ کرنا۔

زَادَتْ معتل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے زیادہ کیا، اضافہ کیا۔

زَادُوْا معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے زیادہ کیا، اضافہ کیا۔

یَزِیْدُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ زیادہ کرتا ہے۔

لَمْ یَزِدْ معتل ساکن (فعل مضارع جحد بہ لم واحد مذکر غائب) اس نے زیادہ نہیں کیا۔یا نہیں بڑھایا۔ دوسرا حرف علت یعنی ی حرف جازم لم کے آنے کے باعث گر گیا۔

تَزِیْدُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم زیادہ کرتے ہو۔

أَزِیْدَنَّ معتل (موکد بہ نون ثقیلہ واحد متکلم) میں لازماً زیادہ کروں گا۔

نَزِیْدُ معتل (فعل مضارع، جمع متکلم) ہم زیادہ کریں گے

لَنْ نَزِیْدَ ہم ہرگز زیادہ نہیں کرینگے

زِدْ معتل (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو زیادہ کر/ بڑھا

اِزْدَادَ معتل باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) بتدریج بڑھتا گیا۔

اِزْدَادُوْا معتل باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ بتدریج بڑھتے گئے

یَزْدَادُ معتل باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بڑھتا ہے۔

تَزْدَادُ معتل باب افتعال (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ بڑھتی ہے۔

یَزْدَادُوْا معتل باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ بڑھتے ہیں۔

لِیَزْدَادُوْا لام تعلیل معتل باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تاکہ وہ بڑھیں۔

نَزْدَادُ معتل باب افتعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم بڑھیں گے/ زیادہ ہوں گے۔

زِیَادَۃٌ (اسم مصدر) اضافہ

مَزِیْدٌ (مصدر میمی) اضافہ، زیادہ اضافی۔

ز ی غ ☆

زَاغَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) ایک طرف مڑا

زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغاً (ض) رخ بدلا، ایک طرف مڑا

زَاغَتْ معتل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) ایک طرف مڑی۔

زَاغُوْا معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ ایک طرف مڑے

أَزَاغَ معتل باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے ایک طرف پھیرا

یُزِیْغُ معتل باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ایک طرف پھیرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مَن یُزِغ جو ایک طرف پھیرے جملہ شرطیہ ہونے کے باعث "ی" گر گئی

زَیغٌ (اسم مصدر) دوسری طرف مُڑنا۔ کجی۔ ٹیڑھ

ز ی ن ☆

زَیَّنَ باب تفعیل، معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) زینت دی، خوشنما بنایا

زَیَّنَ باب تفعیل تَزیِیناً (ض) آراستہ کرنا۔ زینت دینا۔ پیراستہ کرنا

زَانَ یَزِینُ زَیناً (ض) آراستہ کرنا۔

زَیَّنَّا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) (۱) ہم نے سُہانا بنایا۔ زینت دی خوشنما بنایا

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ (۶:۱۰۸)

اس طرح ہم نے ہر ایک فرقے کے اعمال (ان کی نظروں میں) اچھے کر دکھائے

(۲) ہم نے سنوارا

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ࣙالْكَوَاكِبِ (۳۷:۶)

بیشک ہم ہی نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے۔

لَاُزَیِّنَنَّ لام تاکید، واحد متکلم۔ میں لازماً خوشنما بنادوں گا۔

زُیِّنَ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) خوشنما بنایا گیا۔

اِزَّیَّنَتْ باب افعلال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) خوش نما بن گئی

اِزَّیَّنَتْ باب تفعل سے ہے (العکبری)

الزِّینَۃُ، زِینَۃٌ زینت آرائش و پیرائش۔ خوبصورتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سَ: فعل مضارع سے پہلے مستقبل کے معنی پیدا کرنے کے لئے آتا ہے-

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ (۱۴۲:۲)

احمق لوگ کہیں گے-

علمائے صرف ونحو کے نزدیک سَ سَوفَ کا مخفف ہے جو فعل مضارع کے شروع میں آتا ہے اور مستقبل کے معنی دیتا ہے- ورنہ فعل مضارع میں حال اور مستقبل دونوں زمانے شامل ہوتے ہیں-

س أ ل ☆

سَاعَةٌ/ السَّاعَةُ دیکھئے س و ع

سَاَلَ مہموز (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پوچھا

عَنْ، ب متعلق اور بارے میں

سَاَلَ يَسْاَلُ سُؤَالاً وَ مَسْاَلَةً - ف ب، عَنْ

(۱) سوال پوچھنا- معلوم کرنا

(۲) مانگنا- گدا کرنا

(۳) مطالبہ کرنا-

قَدْسَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ (۱۰۲:۵)

اس طرح کی باتیں تم سے پہلے لوگوں نے بھی پوچھی تھیں-

سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ (۱:۷۰)

ایک طلب کرنے والے نے عذاب طلب کیا جو نازل ہو کر رہے گا-

وَاِذَاسَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ (۱۸۶:۲)

اور اے پیغمبر! جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو کہہ دو کہ میں تمہارے پاس ہوں-

سَاَلْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تونے پوچھا-

سَاَلَتْ فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے پوچھا

سَاَلُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پوچھا

سَاَلْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے پوچھا-

يَسْاَلُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) وہ مانگتا ہے/ مطالبہ کرتا ہے درخواست کرتا ہے

يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا (۱۵۳:۴)

اے محمد! اہل کتاب تم سے درخواست کرتے ہیں کہ تم ان پر ایک (لکھی ہوئی) کتاب آسمان سے اتار لاؤ-

(۲) التجا کرتا ہے-

يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۲۹:۵۵)

آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں، التجا کرتے ہیں-

تَسْئَلُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو طلب کرتا ہے-

وَمَاتَسْئَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ (۱۰۴:۱۲)

اور تو ان سے اس خیر خواہی کا کچھ صلہ بھی تو نہیں مانگتا-

اَسْاَلُ (فعل مضارع واحد متکلم) میں سوال کرتا ہوں-

يَسْاَلُوْا منصوب يَسْاَلُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پوچھتے ہیں، معلوم کرتے ہیں- طلب کرتے ہیں-

لِيَسْاَلُوْا (لام تعلیل جمع مذکر غائب) کہ وہ پوچھیں معلوم کریں، طلب کریں-

تَسْاَلُوْنَ مرفوع (فعل مضارع جمع مذکر حاضر)

تَسْاَلُوْا تم پوچھتے ہو- کہ تم پوچھو-

نَسْاَلُ (فعل مضارع- جمع متکلم) ہم پوچھتے ہیں/ طلب کرتے ہیں-

لَنَسْاَلَنَّ (لام تاکید ونون ثقیلہ جمع متکلم) ہم یقیناً پوچھیں گے

سَلْ، اِسْاَلْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو، پوچھ

اِسْاَلُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم پوچھو

سُئِلَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اس کو پوچھا گیا

سُئِلَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) اس عورت سے پوچھا گیا-

سُئِلُوْا (فعل ماضی مجہول، جمع مذکر غائب) ان سے پوچھا گیا

يُسْاَلُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اس سے پوچھا جاتا ہے- پوچھا جائے گا-

لَيُسْاَلُنَّ (لام تاکید ونون ثقیلہ جمع مذکر غائب) یقیناً ان سے پوچھا جائے گا-

تُسْاَلُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر) تجھ سے پوچھا جائے گا-

لَتُسْاَلُنَّ (لام تاکید ونون ثقیلہ جمع مذکر حاضر) تم سے یقیناً باز پرس ہوگی-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يُسْأَلُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) اُن سے باز پرس ہوگی-
نُسْأَلُ (فعل مضارع مجہول جمع متکلم) ہم سے باز پرس ہوگی
السَّائِلُ / سَائِلٌ (اسم فاعل واحد مذکر) (۱) سوال کرنے والا (۲) گداگر-
السَّائِلِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) پوچھنے والے' گداگر' معلومات کرنے والے
مَسْئُوْلٌ (اسم مفعول واحد مذکر) جس سے پوچھا جائے'
مَسْئُوْلُوْنَ (اسم مفعول' جمع مذکر) جن سے پوچھا جائے-
تَسَاءَلُوْنَ تَسَاءَ لُوْنَ باب تفاعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم دوسروں سے پوچھتے ہو/تم ایک دوسرے سے پوچھتے ہو-
وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ (۴:۱)
اور خدا سے جس کے نام کو تم اپنی حاجت برآری کا ذریعہ بناتے ہو ڈرو' اور قطع رحمی سے بچو-
لِيَتَسَاءَ لُوْا (لام تعلیل جمع مذکر غائب) کہ وہ ایک دوسرے سے پوچھیں-
وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَ لُوْا بَيْنَهُمْ (۱۸:۱۹)
اور اسی طرح ہم نے اُن کو اٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت کریں-
يَتَسَاءَ لُوْنَ باب تفاعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں-
عَمَّ يَتَسَآءَ لُوْنَ (۷۸:۱)
(یہ) لوگ کس کی نسبت پوچھتے ہیں-

سُؤَالٌ (اسم) سوال-مطالبہ
سَئُوْلٌ (اسم مبالغہ) سب سے زیادہ سوال کرنے والا-

س ء م ☆

يَسْأَمُ (مہموز) فعل مضارع- واحد مذکر غائب) وہ اُکتاتا ہے/تھکتا ہے
سَئِمَ يَسْأَمُ سَآمَةً وَسَأَمًا (س)- مِنْ دل برداشتگی محسوس کرنا اور فرار چاہنا- ہمت ہارنا-مایوس ہونا-اکتانا-
يَسْأَمُوْنَ (مہموز) (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اکتاتے ہیں- تھک ہارتے ہیں-
يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ (۴۱:۳۸)
وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور وہ (کبھی) تھکتے ہی نہیں-
لَاتَسْأَمُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) سُستی/کاہلی نہ کرو-مت اُکتاؤ
وَلَا تَسْئَمُوْآ اَنْ تَكْتُبُوْهُ (۲:۲۸۲)
اس کے لکھنے لکھانے میں کاہلی نہ کرنا-

س ب ء ☆

سَبَأٌ (اسم علم) سبا
سبا یمن کا ایک شہر تھا- اسے مآرب بھی کہا جاتا تھا- یہ صنعاء سے تین دن کی (پیدل) مسافت پر واقع تھا- سد مآرب کا ٹوٹنا اور سیلاب سے شہر کا تباہ ہونا تاریخی حقائق ہیں جو پہلی یا دوسری صدی عیسوی میں رونما ہوئے ہیں-

س ب ب ☆

يَسُبُّوْا مضاعف (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ گالیاں دیں-
سَبَّ يَسُبُّ سَبًّا وَ مَسَبَّةً (ن) گالیاں دینا-بدنام کرنا-
لَاتَسُبُّوْا مضاعف (فعل نہی جمع مذکر حاضر) گالی مت دو
سَبَبٌ (اسم) سبب' ذریعہ' واسطہ (سَبَّ يَسُبُّ سے مشتق نہیں ہے-
أَسْبَابٌ (اسم جمع) اسباب' ذرائع' وجوہات- مفرد: سَبَبٌ
اَلْاَسْبَابُ (اسم جمع) راستے-ذرائع

س ب ت ☆

يَسْبِتُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ سبت (ہفتہ) مناتے ہیں-
سَبَتَ يَسْبِتُ سَبْتًا ض) آرام کرنا-سبت (ہفتہ) منانا-
سَبْتٌ (اسم مصدر) یہود کے نزدیک سبت منانا-
اَلسَّبْتُ (اسم) ہفتہ کا دن یعنی یہودیوں کا جمعہ اور اتوار سے درمیان کا دن
سُبَاتٌ مرفوع سُبَاتًا منصوب (اسم) آرام
وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا (۷۸:۹)
اور نیند کو تمہارے لئے (موجب) آرام بنایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

س ب ح ☆

يَسْبَحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تیرتے ہیں۔

سَبَحَ يَسْبَحُ سَبْحًا وَ سِبَاحَةً (ف) تیرنا۔ بے جان چیز کا (پانی یا آسمان میں) تیرنا۔ تیزی سے جانا۔ بدل جانا۔ اُلٹ جانا۔

كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (۳۳:۲۱)

آسمان میں (اس طرح چلتے ہیں گویا) تیرتے ہیں

سَبْحٌ مرفوع سَبْحًا منصوب (اسم مصدر) لفظی ترجمہ: تیرنا۔ کاروبار کا سلسلہ

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا (۷:۷۳)

دن کے وقت تو تجھے اور بہت سے شغل ہوتے ہیں۔

(۲) مصروفیت (عبدالماجد دریا آبادی) بے شک آپ کو دن میں بڑی مصروفیت ہوتی ہے (عبدالماجد دریا آبادی)

(۳) تیرتے ہوئے

السّٰبِحٰتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) جو تیرتی ہیں (یعنی فرشتے جو اللہ کے حکم سے آسمان سے تیر کر زمین پر آتے ہیں۔

وَالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا (۷۹:۳)

اور (قسم) ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں

سَبَّحَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) تسبیح بیان کی۔ پاکیزگی بیان کی۔

سَبَّحَ باب تفعیل تَسْبِيْحًا تسبیح کرنا زبان سے اللہ تعالیٰ کی عظمت و پاکیزگی بیان کرنا۔

سُبْحَانَ اللهِ پاک و بلند ہے اللہ

اس کی بات بنی نوع انسان کی سطح سے بہت بلند و بالا ہے اگرچہ سَبَّحَ فعل ماضی کا صیغہ ہے تاہم قرآن کے اسلوب بیان میں یہ فعل حال ہے۔ لہٰذا سَبَّحَ کے معنی ہوں گے پاک ہے۔

سَبَّحُوْا باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے تسبیح کی۔

يُسَبِّحُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ تسبیح کرتا ہے۔

تُسَبِّحُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ تسبیح کرتی ہے۔

يُسَبِّحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تسبیح کرتے ہیں

يُسَبِّحْنَ (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ تسبیح کرتی ہیں

تُسَبِّحُوْنَ فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم تسبیح کرتے ہو۔

تُسَبِّحُوْا باب تفعیل، منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم تسبیح کرو۔

نُسَبِّحُ باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم تسبیح کرتے ہیں۔

سَبِّحْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو تسبیح کر۔

سَبِّحُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم تسبیح کرو۔

تَسْبِيْحٌ (باب تفعیل، اسم مصدر) تسبیح کرنا۔

مُسَبِّحُوْنَ مرفوع مُسَبِّحِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی تسبیح کی۔

سُبْحَانَ (اسم)

کلمہ سبحان ہمیشہ لفظ جلالہ اللہ سے پہلے بطور ضمیر یا ضمیر نسبتی آتا ہے۔ مثلاً:

سُبْحَانَ اللهِ پاک ذات ہے اللہ کی۔

سُبْحَانَكَ پاک ذات ہے تیری

سُبْحَانَهٗ پاک ذات ہے اس کی۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا (۱:۱۷)

وہ ذات پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو...... لے گیا۔

س ب ط ☆

اَلْاَسْبَاطُ مرفوع اَسْبَاطًا منصوب (اسم جمع) قبیلے۔ مفرد: سِبْطٌ

لفظی ترجمہ: ایک ایسا درخت جس کی بہت سی شاخیں ہوں۔ باغات۔ قبیلے۔

س ب ع ☆

السَّبُعُ (اسم) جانور درندے شیر۔ وحشی جانور۔ جمع سِبَاعٌ

السَّبْعُ، سَبْعٌ، سَبْعَةٌ مرفوع سَبْعًا منصوب (اسم عدد) سات

سَبْعُوْنَ مرفوع سَبْعِيْنَ منصوب (اسم عدد) ستر

س ب غ ☆

اَسْبَغَ باب افعال (فعل ماضی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مذکر غائب) اس نے مکمل کیا۔
سَابِغَاتٌ (اسم فاعل جمع مؤنث
مکمل۔(زرہ) مفرد: سَابِغٌ
اس لفظ کا اطلاق کسی قسم کی مکمل، پوری بھری ہوئی، بڑی مقدار یا بغیر کسی کمی کے اور لمبی چیز پر ہوتا ہے۔
اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ (۱۱:۳۴)
کہ کشادہ زرہیں بناؤ۔

س ب ق☆

سَبَقَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) (ا) پہلے گزر چکا
سَبَقَ یَسْبِقُ سَبْقًا (ض)
پہل کرنا۔ پہلے پہنچنا، پہلے آنا، غلبہ پانا، گزرنا، ہدف پر پہلے پہنچنا۔
سَبَقَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے پہل کی۔
لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (۶۸:۸)
اگر خدا کا حکم پہلے نہ ہو چکا ہوتا تو جو (فدیہ) تم نے لیا ہے اس کے بدلے تم پر بڑا عذاب نازل ہوتا۔
سَبَقُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پہل کی۔ وہ بچ نکلے
لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ (۵۹:۸)
اور کافر یہ نہ خیال کریں کہ وہ بھاگ نکلے ہیں وہ (اپنی چالوں سے) (ہم کو) ہرگز عاجز نہیں کر سکتے۔
تَسْبِقُ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ پہل کرتی ہے۔
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ (۵:۱۵)
کوئی جماعت اپنی مدت وفات سے آگے نہیں نکل سکتی ہے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔
تَسْبِقُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم پہل کرتے ہو۔
سَبْقٌ مرفوع سَبْقًا منصوب
(اسم مصدر) تیزی سے بڑھنا۔
فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا (۴:۷۹)
پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں
سَابِقٌ (اسم فاعل واحد مذکر) آگے جانے والا۔
السّٰبِقُوْنَ مرفوع سَابِقِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) پہلے جانے والے۔
السّٰبِقَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) پہلے جانے والیاں۔ تیزی سے گزرنے والیاں
مَسْبُوْقِيْنَ منصوب (اسم مفعول جمع مذکر) عاجز۔ پیچھے رہ جانے والے۔
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ (۶۰:۵۶)
اور ہم اس بات سے عاجز نہیں۔
سَابِقُوْا (باب مفاعلہ (فعل امر جمع مذکر حاضر) آگے بڑھو، تیزی کرو۔
سَابَقَ باب مفاعلہ یُسَابِقُ مُسَابَقَةً و سِبَاقًا آگے نکلنے کی کوشش کرنا آگے نکلنا۔ ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَبَقَا باب افتعال (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب) ان دو نے مقابلہ کی دوڑ لگائی۔
اِسْتَبَقُوْا باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے کوشش کی، مقابلے کی دوڑ لگائی۔
وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ (۶۶:۳۶)
اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو (مٹا کر) اندھا کر دیں۔ پھر یہ رستے کو دوڑیں۔
نَسْتَبِقُ باب افتعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم دوڑ میں کوشش کرتے ہیں۔
اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ (۱۷:۱۲)
ہم تو دوڑنے اور ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں لگ گئے۔
اِسْتَبِقُوْا باب افتعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) سابقہ کرو۔ کوشش کرو۔

س ب ل☆

سَبِيْلٌ (اسم) راستہ، طریق کار۔ اسلوب
اَلسَّبِيْلُ (اسم) راستہ
سَبِيْلًا/ السَّبِيْلُ راستہ
سُبُلٌ مرفوع سُبُلًا منصوب راستے۔ طریقے
السُّبُلُ اسم جمع، راستے

س ت ت☆

سِتَّةٌ (اسم عدد) چھ
سِتِّيْنَ (اسم عدد) ساٹھ

س ت ر☆

تَسْتَتِرُوْنَ باب افتعال (فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مضارع جمع مذکر حاضر) تم پردہ داری کرتے ہو۔

اِسْتَتَرَ باب افتعال اِسْتِتَارًا
اپنے آپ کو چھپانا اپنے اوپر پردہ ڈالنا اپنے آپ کو پوشیدہ کرنا۔

سَتَرَ یَسْتُرُ سَتْرًا (ن) ڈھانکنا۔ پردہ ڈالنا۔ چھپانا۔

سِتْرٌ (اسم) پردہ۔ ڈھکن۔

مَسْتُوْرٌ اسم مفعول واحد مذکر ڈھکا ہوا۔ چھپا ہوا۔

س ج د ☆

سَجَدَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اُس نے سجدہ کیا۔

سَجَدَ یَسْجُدُ سُجُوْدًا (ن)
(۱) سجدہ کرنا۔
(۲) تابع ہونا۔ فرماں برداری۔ تعظیم کرنا۔
فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِکَۃُ کُلُّھُمْ اَجْمَعُوْنَ (۱۵:۳۰)
تو فرشتے تو سب کے سب سجدے میں گر پڑے۔

سَجَدُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے سجدہ کیا۔

یَسْجُدُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ سجدہ کرتا ہے۔
وَلِلّٰہِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۱۳:۱۵)
اور جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہے۔۔۔۔۔۔ خدا کے آگے سجدہ کرتی ہے۔

تَسْجُدُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو سجدہ کرتا ہے۔
مَامَنَعَکَ اَلَّا تَسْجُدَ (۷:۱۲)
تو کس چیز نے تجھے سجدہ کرنے سے باز رکھا۔

اَسْجُدُ (فعل مضارع واحد متکلم) میں سجدہ کرتا ہوں۔

یَسْجُدَانِ (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) وہ دو سجدہ کرتے ہیں۔
وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدَانِ (۵۵:۶)
اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔

یَسْجُدُوْنَ (فعل مضارع، جمع مذکر غائب) (۱) وہ سجدہ کرتے ہیں۔
یَتْلُوْنَ اٰیٰتِ اللّٰہِ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَھُمْ یَسْجُدُوْنَ (۳:۱۱۳)
جو رات کے وقت خدا کی آیتیں پڑھتے اور (اس کے آگے) سجدہ کرتے ہیں۔
(۲) تعظیم کرتے ہیں۔
وَجَدْتُّھَا وَقَوْمَھَا یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ (۲۷:۲۴)
میں نے دیکھا کہ وہ اور اس کی قوم خدا کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں۔

یَسْجُدُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تعظیم کرتے ہیں۔ وہ سجدہ کرتے ہیں۔
اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ (۲۷:۲۵)
اور خدا کو۔۔۔۔۔۔ کیوں سجدہ نہ کریں

نَسْجُدُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم سجدہ کرتے ہیں

اُسْجُدْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو سجدہ کر

اُسْجُدِیْ (فعل امر واحد مؤنث حاضر) تو عورت سجدہ کر۔

اُسْجُدُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم سب سجدہ کرو۔
وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ (۲۵:۶۰)
اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو۔

اَلسُّجُوْدُ (اسم مصدر) (۱) سجدے
وَمِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْہُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ (۵۰:۴۰)
اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی اس (کے نام) کی تنزیہ کیا کرو۔
(۲) ساجد کی جمع مکسر سجدہ کرنے والے۔
وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ (۲:۱۲۵)
رکوع و سجود کرنے والے

سَاجِدٌ (اسم فاعل واحد مذکر) سجدہ کرنے والا۔

اَلسَّاجِدُوْنَ مرفوع اَلسَّاجِدِیْنَ سَاجِدِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) سجدہ کرنے والے۔

سُجَّدًا منصوب (اسم فاعل جمع مکسر) سجدہ کرتے ہوئے۔
وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا (۲:۵۸)
دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا۔

مَسْجِدٌ (اسم ظرف مکان)
لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَی التَّقْوٰی (۹:۱۰۸)
البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی

اَلْمَسَاجِدُ، مَسَاجِدُ (جمع مکسر) مسجدیں

اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ (اسم علم) خانہ کعبہ بَیْتُ اللّٰہِ: اللہ کا گھر اور کعبہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

س ج ر ☆

• یُسْجَرُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) جھونک دیئے جائیں گے۔
سَجَرَ یَسْجُرُ سَجراً وَ سُجُوراً (ن) چولہے میں ایندھن سے بھرنا۔ گرم کرنا۔ جلانا۔ کنویں کو پانی سے بھرنا۔
ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ (۴۰:۷۲) پھر وہ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے۔
اَلْمَسْجُوْرُ اسم مفعول واحد مذکر۔ لبریز
وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ (۵۲:۶) اور اُبلتے ہوئے دریا کی
سُجِّرَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) بھرگئی۔ لبریز ہوگئی۔
وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (۸۱:۶) اور جب دریا آگ ہوجائیں گے۔

س ج ل ☆

اَلسِّجِلُّ (اسم) لکھنے کا رجسٹر
اَلسِّجِّیْلُ (اسم) سنگ گل۔ کنکر

س ج ن ☆

یُسْجَنَ منصوب (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) کہ قید کیا جائے۔
سَجَنَ یَسْجُنُ سَجْناً (ن) قید میں ڈالنا
لَیُسْجَنَنَّ (فعل مضارع مجہول لام تاکید ونون ثقیلہ، جمع مذکر غائب) کہ اسے قید میں ڈالا جائے۔
لَیَسْجُنُنَّ لام تاکید ونون ثقیلہ واحد مذکر غائب) وہ یقیناً قید میں ڈالیں گے۔
اَلسِّجْنُ (اسم) قید خانہ
مَسْجُوْنِیْنَ (اسم مفعول جمع مذکر) قیدی۔ مفرد: مَسْجُوْنٌ
سِجِّیْنٌ (اسم) سِجِّیْنٌ
لفظی ترجمہ: ایسا جیل خانہ جہاں بُرے لوگوں کے اعمال کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔

س ج ی ☆

سَجٰی معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) تاریک ہوگیا
سَجَا یَسْجُو سَجْواً (ن) خاموش ہونا۔ تاریکی میں ڈوب جانا۔

س ح ب ☆

یُسْحَبُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ گھسیٹے جائیں گے
سَحَبَ یَسْحَبُ سَحْباً (ف) زمین پر گھسیٹنا
اَلسَّحَابُ سَحَابٌ مرفوع سَحَاباً منصوب (اسم) بادل

س ح ت ☆

یُسْحِتَ باب افعال منصوب (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کہ تباہ کردے۔
اَسْحَتَ باب افعال اِسْحَاتًا تباہ کرنا۔ پیس ڈالنا۔ جڑ سے اکھاڑنا
سَحَتَ یَسْحَتُ سَحْتًا (ف) ناجائز چیز حاصل کرنا۔
لَا تَفْتَرُوْا عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا فَیُسْحِتَکُمْ بِعَذَابٍ (۲۰:۶۱) اللہ پر جھوٹ افتراء نہ کرو کہ وہ تمہیں عذاب سے فنا کردے گا۔
سُحْتٌ (اسم) ممنوع۔ ناجائز۔ نامشروع

س ح ر ☆

سَحَرُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے جادو کردیا
سَحَرَ یَسْحَرُ سَحْرًا (ف) جادو کرنا، منتر پڑھنا۔ جادو یا سحر کا عمل کرنا
سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ (۷:۱۱۶) لوگوں کی آنکھوں پر جادو کردیا۔
تَسْحَرَ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) کہ تم جادو کرو
تُسْحَرُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تم پر جادو ہوتا ہے۔
قُلْ فَاَنّٰی تُسْحَرُوْنَ (۲۳:۸۹) کہو کہ تم پر جادو کہاں سے پڑ جاتا ہے۔
نوٹ: سحر صرف جادو زدگی نہیں ہوتا بلکہ کسی کا اپنے راستے سے بھٹکنا بھی ہوتا ہے۔
اَلسِّحْرُ، سِحْرٌ (اسم) جادو
سِحْرَانِ (اسم تثنی) دو جادو (یا دو جادوگر)
قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰھَرَا (۲۸:۴۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کہنے لگے کہ دونوں جادو گر ہیں ایک دوسرے کے موافق-

السَّاحِرُ' سَاحِرٌ (اسم فاعل واحد مذکر) جادوگر

سَاحِرَانِ (اسم فاعل تثنیہ مذکر) دو جادوگر

السَّاحِرُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) جادوگر لوگ

السَّحَرَةُ اسم فاعل جمع مکسر جادوگر لوگ

سَحَّارٌ (اسم مبالغہ) بہت بڑا جادوگر

مَسْحُوْرٌ (اسم مفعول واحد مذکر) سحر زدہ انسان-

مَسْحُوْرُوْنَ مرفوع مَسْحُوْرِیْنَ منصوب (اسم مفعول جمع مذکر) سحر زدہ لوگ-

مُسَحَّرِیْنَ باب تفعیل (اسم مفعول جمع مذکر) سحر زدہ/جادوزدہ لوگ

سَحَرٌ (اسم) سحر-صبح سویرا

نَجَّیْنٰھُمْ بِسَحَرٍ (۳۴:۵۴)

ہم نے ان کو پچھلی رات ہی سے بچالیا-

اَسْحَارٌ (اسم جمع مکسر) صبح سویرے بصیغہ جمع

وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ (۱۷:۳)

اور اوقات سحر میں گناہوں کی معافی مانگا کرتے ہیں

س ح ق ☆

سَحِیْقٌ (اسم فاعل بروزن فعیل) دورٌ دراز

سَحَقَ یَسْحَقُ سُحْقًا (ن)

دور ہونا' فاصلے پر ہونا-

سُحْقًا (اسم مصدر) دور ہو-

س ح ل ☆

السَّاحِلُ (اسم فاعل واحد مذکر) سمندر کا ساحل' دریا کا کنارا

س خ ر ☆

سَخِرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تمسخر اڑایا

سَخِرَ یَسْخَرُ سَخَرًا وَ سُخْرَةً (س)

کسی کا مذاق اڑانا' کسی کا تمسخر کرنا' کسی پر ہنسنا

سَخِرُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے تمسخر کیا-ہنسی اڑائی-

لَا یَسْخَرْ (فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب) وہ تمسخر نہ کرے

یَسْخَرُوْنَ (فعل مضارع جمع غائب) وہ تمسخر اڑاتے ہیں-

تَسْخَرْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) تو تمسخر نہ کر

تَسْخَرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم تمسخر کرتے ہو

تَسْخَرُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم تمسخر کرو

نَسْخَرُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم تمسخر کرتے ہیں-

السّٰخِرِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) تمسخر کرنے والے

یَسْتَسْخِرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ٹھٹھا کرتے ہیں-

اِسْتَسْخَرَ وہ ٹھٹھا کرتا ہے

سُخْرِیًّا منصوب (اسم مصدر) ٹھٹھا کرنا

سَخَّرَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تسخیر کیا

سَخَّرَ باب تفعیل تَسْخِیْرًا کسی کو اپنے قبضے یا کنٹرول میں لانا- غلام بنانا-

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ (۲:۱۳)

اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا-

وَسَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ (۳۳:۱۴)

اور سورج کو اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا-

سَخَّرْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے مسخر کرلیا یا ہم کام میں لائے-

الْمُسَخَّرُ باب تفعیل اسم مفعول واحد مذکر) زیر قابو کنٹرول میں

الْمُسَخَّرَاتُ' مُسَخَّرَاتٌ باب تفعیل (اسم مفعول جمع مؤنث) جنہیں غلام بنایا گیا ہو-زیر کنٹرول

س خ ط ☆

سَخِطَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ ناخوش ہوا-

سَخِطَ یَسْخَطُ سَخَطًا عَلٰی غضبناک ہونا- مشتعل ہونا- آپے سے باہر ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یَسْخَطُوْنَ

اَسْخَطَ   باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) غصے ہوا - ناراض ہوا

سَخَطٌ   (اسم مصدر) ناراضگی

س د د ☆

سَدًّا   منصوب (اسم) (۱) دیوار اوٹ' آڑ

سَدَّ یَسُدُّ سَدًّا (ن) مضاعف پُر کرنا - بند کر دینا سوراخ بند کرنا - روکنا' رکاوٹ ڈالنا -

(۲) پہاڑ

السَّدَّیْنِ   مجرور (اسم تثنی) دو پہاڑ جو اوٹ کا کام دیتے ہوں -

سَدِیْدًا   منصوب (اسم) مناسب سیدھا - برمحل

سَدَّ یَسِدُّ سِدَادًا (ض) برمحل ہونا - سیدھی سمت میں ہونا -

س د ر ☆

سِدْرٌ   (اسم) بیری کے درخت اس کی ایک قسم خودرو - خاردار اور بے پھل

سِدْرَۃٌ   (اسم) بیری کا درخت

سِدْرَۃُ الْمُنْتَھیٰ' وہ بیری کا درخت جو اس مقام پر واقع ہے جہاں سے آگے نہ تو فرشتے نہ پیغمبر جا سکتے ہیں جو مخلوق کی پہنچ کی آخری حد ہے

س د س ☆

السُّدُسُ   (کسر) چھٹا حصہ ۱/۶

سَادِسٌ   (عدد ترتیبی) چھٹا

س د ی ☆

سُدًی   (صفت اسم) لفظی معنی: بیکار' فضول' بے قابو

اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَکَ سُدًی (۷۵:۳۶)

کیا انسان خیال کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا (پکتھال)

شتر بے مہار بے قابو چھوڑ دیا جائے گا (عبدالماجد دریا آبادی)

س ر ب ☆

سَارِبٌ   (اسم فاعل واحد مذکر) آزاد گھومنے پھرنے والا

سَرَبَ یَسْرُبُ سُرُوْبًا (ن) (اونٹوں کا) آگے چلنا اور آزادی سے چرنا -

سَرَبًا   منصوب (اسم مصدر) (پانی میں) آزادی سے گھومنا -

سَرِبَ یَسْرَبُ سَرَبًا (س) بہنا - دوڑنا

فَاتَّخَذَ سَبِیْلَہٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا (۱۸:۶۱)

پھر اس نے آزادی سے سمندر میں اپنی راہ لی

سَرَابًا   منصوب سَرَابٍ مجرور (اسم) سراب' فریب نظر

س ر ب ل

سَرَابِیْلَ   کرتے (اسم' جمع مکسر) مفرد: سِرْبَالٌ

س ر ج ☆

سِرَاجًا   منصوب (اسم) لفظی معنی: چراغ' مراد (۱) حضرت محمد ﷺ ہیں - (۲) سورج

س ر ح ☆

تَسْرَحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم چرانے کے لئے ہانکتے ہو -

سَرَحَ یَسْرَحُ سَرْحًا وَّ سُرُوْحًا (ف) چرنے کے لئے ہانکنا

وَلَکُمْ فِیْھَا جَمَالٌ حِیْنَ تُرِیْحُوْنَ وَحِیْنَ تَسْرَحُوْنَ (۱۶:۶)

اور جب شام کو انہیں (جنگل سے) لاتے ہو اور جب صبح کو (جنگل) چرانے لے جاتے ہو تو ان سے تمہاری عزت اور شان ہے -

اُسَرِّحْ   باب تفعیل (فعل مضارع واحد متکلم) میں رہا کرتا ہوں/ کروں گا -

سَرَّحَ   (باب تفعیل) تَسْرِیْحًا رہا کرنا - آزاد کرنا - طلاق دینا

سَرِّحُوْا   باب تفعیل (فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

امر جمع مذکر) تم رہا کرو۔
سَرَاحاً منصوب (اسم مصدر)
آزاد کرنا۔ طلاق دینا
تَسْرِیْحٌ باب تفعیل (اسم مصدر)
آزاد کر دینا۔

س ر د ☆

السَّرْدِ (اسم) کڑی، ربط

س ر د ق

سُرَادِقٌ (اسم) قناتیں

س ر ر ☆

تَسُرُّ مضاعف (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) خوش کرتی ہے، بھاتی ہے۔
سَرَّ یَسُرُّ سُرُوْراً وَ مَسَرَّةً (ن)
خوش کرنا۔ بھانا
فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِیْنَ (۲:۶۹)
اس کا رنگ گہرا زرد ہو کہ دیکھنے والوں (کے دل) کو خوش کر دیتا ہو۔
مَسْرُوْراً منصوب) اسم مفعول واحد مذکر) خوش مسرور
سُرُوْراً منصوب (اسم مصدر) خوشی
سَرَّاءُ (اسم) خوشحالی۔ ضد بدحالی
سخت مصیبت، دکھ
أَسَرَّ باب افعال (فعل ماضی

واحد مذکر غائب) خوشی (ضد: ناخوشی، دکھ)
أَسَرَّ باب افعال اِسْرَاراً
(ا) اس نے چھپایا۔ پوشیدہ رکھنا۔ چھپانا۔ اعتماد کرنا۔ کسی کو بھید بتانا۔
سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ (۱۳:۱۰)
کوئی تم سے چپکے سے بات کہے یا پکار کر ...... اس کے نزدیک برابر ہے۔
إِلٰی رازبتانا۔
وَإِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا (۶۶:۳)
اور (یاد کرو) جب پیغمبر نے اپنی ایک بی بی سے ایک بھید کی بات کی۔
اَسْرَرْتُ (فعل ماضی واحد متکلم)
میں نے رازداری سے بات کی
اَسَرُّوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے چھپایا
یُسِرُّوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ چھپاتے ہیں
تُسِرُّوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم چھپاتے ہو
أَسِرُّوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم چھپاؤ
اَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ (۶۷:۱۳)
اور تم لوگ بات پوشیدہ کہو یا ظاہر۔
إِسْرَاراً منصوب (اسم مصدر)
پوشیدہ طور پر۔ رازداری سے بات کرنا یا خطاب کرنا۔
السِّرِّ مرفوع سِرٌّ منصوب
(اسم) راز، بھید
سِرًّا منصوب (اسم) رازداری سے

سَرَائِرُ (اسم جمع مکسر) راز، بھید (بصیغہ جمع)
سُرُرٌ (اسم جمع) تخت
مفرد: سَرِیْرٌ
فِیْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ (۸۸:۱۳)
وہاں تخت ہوں گے اونچے بچھے ہوئے۔

س ر ع ☆

یُسَارِعُوْنَ باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جلد بازی کرتے ہیں۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھتے ہیں۔
سَارَعَ یُسَارِعُ مُسَارَعَةً وَ سِرَاعاً
باب مفاعلہ ایک دوسرے سے جلدی کرنا، یا چیخنا یا جدوجہد کرنا، ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔
سَرُعَ یَسْرُعُ سُرْعَةً (ف)
جلدی کرنا، تیزی کرنا
نُسَارِعُ باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم جلدی کرتے ہیں۔
سَارِعُوْا باب مفاعلہ (فعل امر جمع مذکر حاضر) ایک دوسرے سے آگے بڑھنے میں تیزی کرو
سَرِیْعٌ (اسم فاعل بروزن فعیل)
جلد باز۔ تیز
وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ (۲:۲۰۲)
اور اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔
سِرَاعاً منصوب باب مفاعلہ
(اسم مصدر) جلد آگے بڑھنا
أَسْرَعُ (اسم تفضیل) تیز تر۔
زیادہ تیز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

س ر ف ☆

اَسْرَفَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) (۱) اس نے اسراف کیا۔
اَسْرَفَ اِسْرَافاً فضول خرچ کسی بھی معاملے میں حد سے بڑھنا۔
کَذٰلِکَ نَجْزِیْ مَنْ اَسْرَفَ (۲۰:۱۲۷)
اور جو شخص حد سے نکل جائے، ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔
اَسْرَفُوْا انہوں نے اسراف کیا/ زیادتی کی۔
قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰی اَنْفُسِهِمْ (۳۹:۵۳)
اے پیغمبر! میری طرف سے لوگوں سے کہہ دو اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے۔
لَا یُسْرِفْ (فعل نہی غائب واحد مذکر) وہ اسراف نہ کرے
لَمْ یُسْرِفُوْا ساکن (فعل مضارع جحد بہ لم جمع مذکر غائب) انہوں نے اسراف نہیں کیا۔
لَا تُسْرِفُوْا (فعل نہی۔ جمع مذکر حاضر) اسراف نہ کرو۔
اِسْرَافاً (اسم مصدر) اسراف۔ فضول خرچی
مُسْرِفٌ (اسم فاعل واحد مذکر) فضول خرچ
اَلْمُسْرِفِیْنَ مُسْرِفِیْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) فضول خرچ لوگ۔

س ر ق ☆

سَرَقَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے چُرایا۔
سَرَقَ یَسْرِقُ سَرَقاً وَ سَرِقَةً (ض) چُرانا
یَسْرِقْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ چُراتا ہے
قَالُوْٓا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ (۱۲:۷۷)
(برادران یوسف نے) کہا اگر اس نے چوری کی ہو تو (کچھ عجب نہیں کہ) اس کے ایک بھائی نے بھی چوری کی تھی۔
لَا یَسْرِقْنَ (فعل نہی۔ جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں چوری نہ کریں۔
اَلسَّارِقُ (اسم فاعل۔ واحد مذکر) چور (مرد)
اَلسَّارِقَةُ (اسم فاعل واحد مؤنث) چور (عورت)
سَارِقُوْنَ مرفوع سَارِقِیْنَ منصوب چور
اِسْتَرَقَ باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اُس نے چوری کی۔
اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ (۱۵:۱۸)
سوائے اس کے کہ کوئی چوری چھپے کچھ سننا چاہے۔

س ر م د

سَرْمَدًا منصوب (اسم) مسلسل متواتر۔ ہمیشہ

س ر ی ☆

یَسْرِ معتل محذوف الآخر (فعل مضارع واحد مذکر غائب) چل پڑتا ہے یا چل پڑے
سَرٰی یَسْرِیْ سُرًی وَ سُرْیَةً (ض) (رات کو سفر کرنا)
وَالَّیْلِ اِذَا یَسْرِ (۸۹:۴)
اور رات کی (قسم) جب جانے لگے۔
اَسْرِ (فعل امر واحد مذکر حاضر) چل پڑا۔
اَسْرٰی باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) رات کو چلایا
سَرِیًّا منصوب (اسم) ندی۔ چشمہ

س ط ح ☆

سُطِحَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) بچھائی گئی
سَطَحَ یَسْطَحُ سَطْحاً (ف) بچھا دینا۔ ہموار کرنا۔
وَاِلَی الْاَرْضِ کَیْفَ سُطِحَتْ (۸۸:۲۰)
اور (دیکھتے نہیں) زمین کی طرف کہ کیسے بچھائی گئی۔

س ط ر ☆

یَسْطُرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ لکھتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سَطَرَ یَسْطُرُ سَطْراً (ن)
لکھنا-تحریر کرنا-کھینچنا
مَسْطُوْرٌ مَسْطُوْراً منصوب
(اسم مفعول واحد مذکر) لکھا ہوا-
مُسْتَطَرٌ (باب افتعال' اسم مفعول) لکھا ہوا-
وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ (۵۳:۵۴)
اور ہر ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھ دیا گیا ہے-
(۲) س ی ط ر
مُصَيْطِرٌ (اسم فاعل واحد مذکر) نگران
سَيْطَرَ يُسَيْطِرُ سَيْطَرَةً- عَلٰى کسی پر پورا اختیار جمانا
مُصَيْطِرُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) نگران-
نوٹ:- پہلا اصلی حرف ص سے بدل گیا-
أَسَاطِيْرُ (اسم جمع مکسر) کہانیاں' داستانیں-مفرد: أُسْطُوْرَةٌ
أَسَاطِيْرُ سے مراد جھوٹی یا جعلی باتیں- افسانے یا بے بنیاد کہانیاں ہیں-

س ط و ☆

يَسْطُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ حملہ کرتے ہیں-ہلہ بولتے ہیں-
سَطَا يَسْطُوْ سَطْواً وَ سَطْوَةً (ن) حملہ کرنا-
عَلٰى ب اوپر کودآنا-

س ع د ☆

سُعِدُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ خوش بخت ہوئے
سَعَدَ يَسْعَدُ سَعْداً وَ سُعُوْداً وَسَعَادَةً (ف)
خوش بہ بخت ہونا- بختاور ہونا سعادت مند ہونا-
سُعِدَ ماضی مجہول واحد مذکر غائب) سعادت مند ہوا-
سَعِيْدٌ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) سعادت مند' بختاور-
ضد: شَقِيٌّ: بدبخت

س ع ر ☆

سُعِّرَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) بھڑکائی گئی-
سَعَّرَ تَسْعِيْراً (باب تفعیل) بھڑکانا-
السَّعِيْرُ' سَعِيْرٌ مرفوع سَعِيْراً منصوب (اسم فاعل بروزن فعیل) (دوزخ کا) شعلہ-لپک
سُعُرٌ (اسم) (۱) پاگل پن
فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ (۲۴:۵۴)
تو انہوں نے کہا: ہم میں سے ایک بشر' وہ بھی اکیلا! کیا ہم اس کی اطاعت کریں تب تو ہم یقیناً غلطی کر بیٹھیں گے اور پاگل پن کا شکار ہو جائیں گے-
(عبدالماجد دریاآبادی و پکتھال)

IBN اور MOT کے مطابق ۲۴:۵۴ آیت میں لفظ سُعُرٌ سعیر کی جمع ہے- جس کی تائید دوسرے مفسرین نے بھی کی ہے-

س ع ی ☆

سَعٰى معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) (۱) کوشش کی
سَعٰى يَسْعٰى سَعْياً (ف)
کوشش کرنا' تیزی سے چلانا' جلدی کرنا' دوڑنا' فعال ہونا-
وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا (۱۱۴:۲)
اور ان کی ویرانی میں ساعی ہوا-
وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا (۲۰۵:۲)
اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے-
(۳) جدوجہد کی
وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى (۳۹:۵۳)
اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے-
سَعَوْا (معتل فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے جدوجہد کی-
يَسْعٰى معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ دوڑتا ہے- دوڑتا رہے گا-
نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ (۸:۶۶)
بلکہ ان کا نور ایمان ان کے آگے (روشنی کرتا) چل رہا ہوگا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۲) تدبیر کرنا۔
ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى (۷۹:۲۲)
پھر لوٹ گیا اور تدبیریں کرنے لگا۔
(۳) دوڑتا ہے/دوڑتا ہوا۔
وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى (۲۸:۲۰)
اور ایک شخص شہر کی پرلی طرف سے دوڑتا ہوا آیا۔
وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى (۸۰:۸)
اور جو تمہارے پاس دوڑتا ہوا آیا۔
محولہ بالا آیت میں یَسْعٰی حال واقع ہوا ہے۔اس لئے اس کا ترجمہ فعل جاری سے کیا گیا ہے۔
تَسْعٰى معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) کوشش کرتا ہے۔دوڑتا ہے۔جدوجہد کرتا ہے۔
لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى (۲۰:۱۵)
تاکہ ہر شخص جو کوشش کرے اس کا بدلہ پائے۔
فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى (۲۰:۲۰)
تو انہوں (موسیٰ) نے اس کو ڈال دیا تو وہ ناگہاں سانپ بن کر دوڑنے لگا۔
يَسْعَوْنَ (فعل مضارع۔جمع مذکر غائب)(۱) وہ دوڑ بھاگ کرتے ہیں (برے معنوں میں)
وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا (۵:۳۳)
اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے پھریں
(۲) جدوجہد کرنا۔

وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ (۳۴:۳۸)
اور جو لوگ ہماری آیتوں میں کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں ہرا دیں۔
السَّعْيُ' سَعْيًا منصوب (اسم مصدر) لفظی معنی دوڑنا استعارے کے طور پر (بچے کے) دوڑنے کی عمر کی طرف۔
فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ (۳۷:۱۰۲)
جب وہ ان کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو پہنچا (۲) تیز رفتاری سے
ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا (۲:۲۶۰)
پھر ان کو بلاؤ وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئیں گے۔(۳) کوشش
فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ (۲۱:۹۴)
تو اس کی کوشش رائیگاں نہیں جائے گی۔
(۴) کوشش
وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا (۱۷:۱۹)
اور اس میں اتنی کوشش کرے جتنی اسے لائق ہے۔(۴) سعی
اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (۱۸:۱۰۴)
وہ لوگ جن کی سعی دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی۔

س غ ب☆

مَسْغَبَةٌ (اسم مصدر) تنگ دستی۔غربت
سَغَبَ يَسْغَبُ سَغْبًا وَ مَسْغَبَةً (ن' ف)
بھوکا رہنا۔

س ف ح☆

مُسْفُوْحًا منصوب (اسم مفعول واحد مذکر) بہنے والا۔بہتا ہوا
سَفَحَ يَسْفَحُ سَفْحًا وَ سُفُوْحًا (ف)
آنسو خون وغیرہ کا گرانا' بہانا۔بہنا
اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا (۶:۱۴۵)
یا بہتا لہو
مُسٰفِحِيْنَ منصوب و مجرور (اسم فاعل جمع مذکر) بدکار' زنا کار لوگ
سَافَحَ مُسَافَحَةً وَ سِفَاحًا
زنا کاری
مُسٰفِحٰتٍ (اسم فاعل جمع مؤنث)
زنا کار عورتیں

س ف ر☆

سَفَرٌ اسم (۱) سفر
سَافَرَ باب مفاعلہ مُسَافَرَةً
سفر پر روانہ ہونا۔جھاڑ دینا۔رفع دفع کرنا
(۲) روشنی ہونا۔
أَسْفَرَ باب افعال أَسْفَرَ
إِسْفَارًا پو پھٹنا۔صبح ہونا
وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ (۷۴:۳۴)
اور (قسم) صبح کی جب روشن ہو۔
مُسْفِرَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)
نور ایمان سے چمک رہے ہوں گے۔
أَسْفَارٌ (اسم جمع مکسر) ضخیم
کتابیں (کتابوں کی جلدیں) بھ' ن ضخیم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کتابیں یا جلدوں کے سلسلے-مفرد: سِفْرٌ
كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا
(۵:۶۲)
ان کی مثال گدھے کی سی ہے جس پر بڑی کتابیں لدی ہوں-
فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَیْنَ اَسْفَارِنَا
(۱۹:۳۴)
تو انہوں نے کہا اے ہمارے پروردگار! ہماری مسافتوں میں بعد پیدا کر دے-
(۳) کاتب لکھنے والے
بِاَیْدِیْ سَفَرَةٍ (۱۵:۸۰)
(ایسے) لکھنے والے کے ہاتھوں میں-

س ف ع ☆

لَنَسْفَعًا (لام تاکید، جمع متکلم)
نَسْفَعُ (فعل مضارع جمع متکلم)
نَسْفَعًا نون خفیفہ ساکن تنوین کی شکل میں-

س ف ک ☆

یَسْفِکُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)
سَفَکَ یَسْفِکُ سَفْکًا (ض)
(خون یا آنسو) بہانا
لَا تَسْفِکُوْنَ (فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر) تم خون ریزی نہیں کرو گے-

س ف ل ☆

سَافِلٌ (اسم فاعل واحد مذکر)
اوندھا-الٹے منہ
جَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا (۸۲:۱۱)
ہم نے (اس بستی) کو (الٹ کر) نیچے اوپر کر دیا-
اَسْفَلَ (اسم تفضیل)
(۱) سب سے نیچے
ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ (۵:۹۵)
پھر (رفتہ رفتہ) اس (کی حالت) کو (بدل کر) پست سے پست کر دیا
(۲) نیچے
وَالرَّکْبُ اَسْفَلَ مِنْکُمْ (۴۲:۸)
اور قافلہ تم سے نیچے (اتر گیا) تھا-
اَلْاَسْفَلُ (اسم تفضیل) سب سے نیچے
اَلْاَسْفَلِیْنَ (اسم تفضیل جمع مذکر)
پست / نچلے لوگ (عاجز)
اَلسُّفْلٰی (اسم تفضیل واحد مؤنث)
نچلی-پست
وَجَعَلَ کَلِمَةَ الَّذِیْنَ کَفَرُوا السُّفْلٰی (۴۰:۹)
اور کافروں کی بات کو پست کر دیا-

س ف ن ☆

اَلسَّفِیْنَةُ / سَفِیْنَةٌ (اسم) کشتی

س ف ہ ☆

سَفِهَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے بے وقوف بنایا
سَفِهَ یَسْفَهُ سَفَهًا (س) و سَفُهَ یَسْفُهُ سَفَاهَةً (ک)
بے عقل ہونا - بے وقوف ہونا' احمق ہونا-
اپنے آپ کو بے قوف بنانا
سَفَاهَةٌ (اسم مصدر) حماقت
سَفِیْهٌ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) بے عقل و بے وقوف
سُفَهَاءُ (اسم فاعل جمع مذکر)
بے وقوف لوگ' مفرد: سَفِیْهٌ

س ق ر ☆

سَقَرُ (اسم) جہنم

س ق ط ☆

سَقَطُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ گر گئے
سَقَطَ یَسْقُطُ سُقُوْطًا (ن)
نیچے گرنا
اِلٰی آ جانا
عَنْ ہٹنا
سُقِطَ (ماضی مجہول) اُسْقِطَ
(ماضی مجہول) فِیْ یَدِهٖ - وہ نادم / پشیمان ہوا - کسی کام پر نادم ہونا - غلطی کا شکار ہو گیا-
تَسْقُطُ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ گرتی ہے
سُقِطَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ پشیمان ہوا
وَلَمَّا سُقِطَ فِیْ اَیْدِیْهِمْ (۱۴۹:۷)
اور جب وہ نادم ہوئے
عربی زبان کی مثل: ندامت کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

انہوں نے اپنے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ مارے: یا انہیں بہت ندامت ہوئی- کیونکہ جو شخص پشیمان ہوتا ہے اور رنجیدہ ہوتا ہے یا نادم ہوتا ہے تو وہ افسوس سے اپنے ہاتھ کاٹتا ہے یوں اس کے ہاتھ دانتوں میں آجاتے ہیں-(ولیم لین)

سَاقِطاً منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) گرنے والا آدمی

تُسْقِطَ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) کہ تو گرائے

نُسْقِطَ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) کہ ہم گرائیں

أَسْقِطْ باب افعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) گراؤ

تُسَاقِطْ باب مفاعلہ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ گرائے گی-

س ق ف ☆

السُّقُفُ مرفوع سَقْفاً منصوب (اسم) اندرونی چھت-

سُقُفاً (اسم جمع مکسر) چھتیں

مفرد: سَقْف

س ق م ☆

سَقِيْمٌ معتل (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر)

سَقُمَ يَسْقُمُ سَقْماً وَ سُقْماً (ک)

کمزور ہونا- تندرست ہونا

س ق ی ☆

سَقَىٰ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پلایا- پانی دیا

سَقْیٌ پانی پلانا، پانی دینا، سیراب کرنا

وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا (٢١:٧٦)

اور ان کا پروردگار ان کو نہایت پاکیزہ شراب پلائے گا-

سَقَيْتَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے پانی پلایا-

يَسْقِيْ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پانی پلاتا ہے/ پلائے گا-

فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا (٤١:١٢)

تو وہ اپنے آقا کو شراب پلایا کرے گا-

لَا تَسْقِيْ (فعل مضارع منفی واحد مؤنث) وہ نہیں پلائے گی-

يَسْقُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پلاتے ہیں یا پلائیں گے-

لَا نَسْقِيْ (فعل مضارع منفی جمع متکلم) ہم نہیں پلاتے ہیں-

يَسْقِيْنِ (يَسْقِيْ + نی = يَسْقِيْنِيْ) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) مجھے پلاتا ہے-

سُقُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) انہیں پلایا گیا-

تُسْقٰى (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) پلائی جائے گی-

يُسْقَوْنَ (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) انہیں پلایا جائے گا

أَسْقَيْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پلایا/ پلوایا

نُسْقِيْ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم پلاتے/ پلواتے ہیں-

اِسْتَسْقٰى باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) پانی کی دعا کی/ پانی مانگا-

السِّقَايَةُ/ سِقَايَةَ (اسم)

(۱) پانی پلانا-

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ (١٩:٩)

کیا تم نے (سمجھا کہ) حاجیوں کو پانی پلانا-

(۲) آب خورہ، پانی پینے کا برتن/ پیالہ- گلاس

جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ أَخِيْهِ (٧٠:١٢)

اپنے بھائی کے شلیتے میں گلاس رکھ دیا-

سُقْيًا (اسم) پانی پلانا

س ک ب ☆

مَسْكُوْبٌ (اسم مفعول واحد مذکر) مستقل بہتا ہوا-

سَكَبَ يَسْكُبُ سُكُوْباً (ن)

انڈھیلنا- ڈھالنا

س ک ت ☆

سَكَتَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) خاموش ہوا

سَكَتَ يَسْكُتُ سُكُوْتاً (ن)

چپ ہونا، خاموش ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سَكَتَ عَنْهُ الْغَضَبُ
استعارہ غصہ دور ہوا۔
وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُوسَى الْغَضَبُ (۷:۱۵۴)
اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا

س ک ر ☆

سُكِّرَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) مخمور ہوگئی۔ نشہ میں آگئی

سَكَّرَ تَسْكِيرًا خمار زدہ ہونا۔ نشے میں آنا

سَكِرَ يَسْكَرُ سُكْرًا وَ سَكَرًا (ن) نشے میں آنا۔ مخمور ہونا

إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا (۱۵:۱۰)
ہماری آنکھیں مخمور ہوگئی ہیں۔

سَكَرًا منصوب (اسم) شراب اس کے غیر نشہ آور چیزیں مثلاً سرکہ بھی مراد ہیں۔

سَكْرَةٌ (اسم)
(۱) سختی مرگ
سَكْرَةُ الْمَوْتِ (۵۰:۱۹)
سختی مرگ (چکتھال)۔ ذہول، بے ہوشی (عبدالماجد دریا آبادی)
(۲) نشہ۔ مدہوشی
لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ (۱۵:۷۲)
اے محمد! تمہاری جان کی قسم! وہ اپنی مستی میں مدہوش (ہورہے) تھے۔

سُكَارَىٰ (اسم جمع مکسر) شرابی نشے میں مدہوش۔ مفرد: سَكْرَان

س ک ن ☆

سَكَنَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ آباد ہو۔ سکونت پذیر ہوا۔

سَكَنَ يَسْكُنُ سَكَنًا وَسُكْنَى (ن)
بسنا، آباد ہونا، رہائش رکھنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
فِيْ وَ إِلَى سکون حاصل کرنا۔

سَكَنْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) (۱) تم سکونت پذیر ہوئے
وَسَكَنْتُمْ فِي مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا أَنْفُسَهُمْ (۱۴:۴۵)
اور جو لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے، تم ان لوگوں کے مکانوں میں رہتے تھے۔

لِيَسْكُنَ۔ إِلَى لام تعلیل۔ واحد مذکر غائب)
(۲) تاکہ اسے سکون ملے
وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا (۷:۱۸۹)
اور اس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس سے راحت حاصل کرے۔

لفظ: لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا: "اس سے راحت حاصل کرے" سے مرد و عورت دونوں ایک دوسرے سے زندگی کے مختلف مراحل پر جو راحت و سکون پاتے ہیں، کا ایک موجز بیان ہے یعنی جوانی میں محبت، درمیانی عمر میں ساتھ، اور بڑھاپے میں ایک دوسرے کا دھیان توجہ کا مختصر نقشہ (عبدالماجد دریا آبادی)

لِيَسْكُنُوا۔ فِي منصوب (لام تعلیل جمع مذکر غائب) وہ راحت و سکون پائیں۔
أَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيْهِ (۲۷:۸۶)
ہم نے رات کو اس لئے بنایا تاکہ اس میں آرام کریں۔

تَسْكُنُوْنَ / تَسْكُنُوا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم سکون و راحت پاتے ہو۔

لِتَسْكُنُوْا۔ إِلَى (لام تعلیل جمع مذکر حاضر) تاکہ تم آرام کرو۔

لَنُسْكِنَنَّ لام تاکید و نون ثقیلہ جمع متکلم) ہم یقیناً بسائیں گے

اُسْكُنْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو بس جا۔ آباد ہو جا

(پھر) کہے گا بھلا تم (اُسے) جھانک کر دیکھنا چاہتے ہو۔ یعنی کیا تم اس شخص کو دیکھنا چاہتے ہو جس نے اس طرح کی باتیں کہیں ہیں۔ گویا هَلْ تُحِبُّوْنَ اَنْ تَطَّلِعُوْا (کیا تم ان کو دیکھنا چاہو گے)۔
طَلْعٌ (اسم) کھجور کا گابھا۔
وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ (۵۰:۱۰)
اور لمبی لمبی کھجوریں جن کا گابھا تہہ بہ تہہ ہوتا ہے۔ (۲) گابھا۔
وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ (۶:۹۹)۔
اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے

ط ل ق ☆

طَلَّقَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے طلاق دی۔
طَلَّقَ تَطْلِيْقًا (اپنی بیوی کو) طلاق دینا
طَلَقَ يَطْلُقُ طَلَاقًا (ن) عہد سے آزاد ہونا۔
طَلَّقْتُمْ باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر)۔ تم نے طلاق دی
طَلَّقْتُمُوْهُنَّ تم نے ان (عورتوں) کو طلاق دی۔
طَلَّقَكُنَّ اس نے تم (عورتوں) کو طلاق دی
طَلِّقُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) طلاق دو۔
اَلْمُطَلَّقَاتُ (اسم مفعول جمع مؤنث) طلاق یافتہ عورتیں۔
اِنْطَلَقَ (باب انفعال واحد مذکر غائب) اس نے کچھ کرنا شروع کیا
انطلق انطلاقاً کچھ کرنے لگا/ کچھ کرنے کے لئے چل پڑا۔
وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ (۳۸:۶)
تو ان میں سے جو معزز تھے وہ چل کھڑے ہوئے (اور بولے) کہ چلو اپنے معبودوں (کی پوجا پر) قائم رہو۔
اِنْطَلَقَا باب انفعال (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب)۔ وہ دو چل پڑے۔
فَانْطَلَقَا وقفہ حَتّٰۤى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا (۱۸:۷۱)۔
تو دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو (خضرؑ نے) کشتی کو پھاڑ ڈالا۔
اِنْطَلَقُوْا باب انفعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب)۔ وہ چل دیئے۔
فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ (۶۸:۲۳)
تو وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے۔
يَنْطَلِقُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)۔ وہ جاتا ہے/ چلتا ہے۔
وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِىْ (۲۶:۱۳)۔
اور میرا دل تنگ ہوتا ہے اور میری زبان رکتی ہے۔ (نہیں چلتی)
اِنْطَلِقُوْا باب انفعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) چل دو۔
اِنْطَلِقُوْۤا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ (۷۷:۲۹)
جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اب) اس کی طرف چلو۔

ط ل ل ☆

طَلٌّ (اسم) ہلکی بارش۔ پھوار
فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ (۲:۲۶۵)
اور اگر مینہ نہ بھی پڑے تو خیر پھوار ہی سہی۔

ط م ث ☆

يَطْمِثْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب)۔ چھوتا ہے
طَمِثَ يَطْمِثُ طَمْثًا (ض) مباشرت کے لئے عورت کو چھونا۔
لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ (۵۵:۷۴)
ان سے پہلے انہیں نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا ہو اور نہ کسی جن نے۔

ط م س ☆

طُمِسَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) شکل مسخ ہوگئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

طَمَسَ يَطْمِسُ طَمْسًا وَ طُمُوْسًا

(ض، ن) مسخ ہونا' نابود ہونا' دور ہونا (دل) بدہونا/بگڑنا' تباہ ہونا-

فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ (۷۷:۸)

جب تاروں کی چمک جاتی رہے-

طَمَسْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے شکل بگاڑ دی-

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰٓ أَعْيُنِهِمْ (۳۶:۶۶)

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا کر) دیں-

نَطْمِسَ منصوب (فعل مضارع جمع متکلم) کہ ہم بگاڑ دیں

مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا (۴:۴۷)

اس سے پہلے کہ ہم چہرے بگاڑ دیں- مبادا ہم تمہاری امیدوں کو خاک میں ملا دیں- بیشتر اس کے کہ ہم شکلیں بگاڑ دیں (عبدالماجد دریا آبادی) پیشتر اس کے کہ ہم لیڈروں کو تباہ کر دیں (محمد علی)- پیشتر اس کے کہ ہم شکلیں بگاڑ دیں (پکتھال)

نوٹ:- وجوہ کے معانی میں مفسرین کے درمیان اختلاف کے لئے دیکھئے 'و ج ہ' نہ کہ ط م س-

اِطْمِسْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تباہ کر-

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰٓ أَمْوَالِهِمْ (۱۰:۸۸)

اے ہمارے پروردگار ان کے اموال تباہ کر دے-

ط م ع ☆

يَطْمَعُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)- وہ لالچ کرتا ہے-

طَمِعَ يَطْمَعُ طَمَعًا وَ طَمَاعًا (ب، فی) لالچ کرنا- بے تابی سے چاہنا' یا امید رکھنا

أَطْمَعُ (فعل مضارع واحد متکلم)- میں لالچ کرتا ہوں-

يَطْمَعُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ لالچ کرتے ہیں-

تَطْمَعُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر)- تم لالچ کرتے ہو-

نَطْمَعُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم لالچ کرتے ہیں-

طَمَعًا منصوب (اسم مصدر) توقع کرنا

ط م م ☆

الطَّآمَّةُ (اسم) آفت/مصیبت

طَمَّ يَطُمُّ طَمًّا (ن) مضاعف بہالے جانا- ڈھانکنا-

فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى (۷۹:۳۴)

تو جب بڑی آفت (یعنی قیامت) آئے گی

ط م ن ☆

اطْمَأَنَّ افعیلال انفعلال باب تفاعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مطمئن ہوا-

اطْمَأَنَّ اطْمِئْنَانًا بے اطمینانی سے آزاد ہونا- پُرسکون ہونا-

فَإِنْ أَصَابَهٗ خَيْرٌ اطْمَأَنَّ بِهٖ (۱۱:۲۲)

اگر اس کو کوئی (دنیاوی) فائدہ پہنچے تو اس کے سبب مطمئن ہو جائے-

اطْمَأْنَنْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تمہیں اطمینان ہوا- یعنی تم خطرے سے باہر ہوئے-

اطْمَأَنُّوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ مطمئن ہو گئے-

وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوْا بِهَا (۱۰:۷)-

اور دنیا کی زندگی سے خوش اور اسی پر مطمئن ہو بیٹھے-

لِيَطْمَئِنَّ (لام تعلیل، فعل مضارع واحد مذکر غائب) تاکہ وہ مطمئن رہے-

وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ (۲:۲۶۰)

لیکن (میں دیکھنا) اس لئے چاہتا ہوں تاکہ میرا دل اطمینان کامل حاصل کر لے-

لِتَطْمَئِنَّ (لام تعلیل فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تاکہ تو مطمئن ہو-

وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ (۳:۱۲۶)

اس لئے کہ تمہارے دلوں کو تسلی حاصل رہے

مُطْمَئِنٌّ (اسم فاعل واحد مذکر) پُرسکون-

وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيْمَانِ (۱۶:۱۰۶)

اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو-

مُطْمَئِنَّةً منصوب (اسم فاعل واحد مؤنث)- پُرسکون' پُرامن-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً
(۱۱۲:۱۶)
ایک بستی جو ہر طرح سے امن وچین سے رہتی تھی۔
اَلْمُطْمَئِنَّةُ (اسم فاعل واحد مؤنث) پُرسکون
يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ (۸۹:۲۷)
اے اطمینان پانے والی روح!
مُطْمَئِنِّيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر)۔اطمینان اور امن وچین کے ساتھ۔
مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ
(۱۷:۹۵)
(اگر اس میں) فرشتے آرام وسکون سے چلتے پھرتے۔

ط ہ ☆ ☆

طٰهٰ عربی زبان کے دو مفرد حروف جن کی مختلف تاویلیں کی گئیں ہیں۔(دیکھیے ابن کثیرؒ اور عبدالماجد دریا آبادی)

ط ہ ر ☆

يَطْهُرْنَ (فعل مضارع۔جمع مؤنث غائب) وہ پاک ہوجاتی ہیں۔
طَهُرَ يَطْهُرُ طُهْرًا وَ طُهُوْرًا وَ طَهَارَةً (ک)
پاک وصاف ہونا۔پاک ہونا (لازم)
حَتّٰى يَطْهُرْنَ (۲:۲۲۲)۔
جب تک وہ پاک نہ ہوجائیں۔
طَهَّرَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پاک کرلیا

طَهَّرَ تَطْهِيْرًا پاک کرنا (متعدی)
طَهَّرَكِ (۳:۴۲)۔
(اس نے) تجھے پاک بنایا۔
يُطَهِّرَ منصوب لِيُطَهِّرَ (لام تعلیل واحد مذکر غائب) تاکہ وہ پاک کرے
تُطَهِّرُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو پاک کرتا ہے۔
طَهِّرْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) پاک وصاف کر۔
طَهِّرَا (فعل امر تثنیہ مذکر حاضر) تم دو پاک وصاف کرو۔
تَطَهَّرْنَ باب تفعل (وہ پاک وصاف ہوگئیں)۔
تَطَهَّرَ تَطَهُّرًا يَتَطَهَّرُ (فعل ثلاثی مجرد کی طرح (فعل لازم) (یا) ان عورتوں نے اپنے آپ کو پاک وصاف کیا۔
يَتَطَهَّرُوْنَ / يَتَطَهَّرُوْا باب تفعل منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اپنے آپ کو پاک وصاف کرتے ہیں۔
اِطَّهَّرُوْا باب تفعل (فعل امر جمع مذکر حاضر) اپنا آپ پاک وصاف کرو۔
مُطَهِّرُ باب تفعیل (اسم فاعل واحد مذکر) پاک وصاف کرنے والا۔
وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
(۳:۵۵)
اور تمہیں کافروں کی صحبت سے پاک کروں گا۔
مُطَّهِّرِيْنَ باب تفعل منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) اپنے آپ کو پاک و صاف کرنے والے
اَلْمُتَطَهِّرِيْنَ باب تفعل منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) پاکیزہ لوگ۔پاکباز لوگ۔
اَلْمُطَهَّرَةُ باب تفعیل (اسم مفعول واحد مؤنث) پاکیزہ عورت۔
اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ پاکیزہ عورتیں۔
اَلْمُطَهَّرُوْنَ باب تفعیل۔پاکیزہ لوگ
تَطْهِيْرًا باب تفعیل (اسم مصدر) پاک وصاف کرنا۔
طَهُوْرٌ (اسم مصدر ثلاثی مجرد:) صاف وپاک۔
اَطْهَرُ (اسم تفضیل واحد مذکر) پاک ترین و پاکیزہ ترین۔

ط و د ☆

اَلطَّوْدُ (اسم) چٹان۔ڈھیر۔پشتہ
كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ (۲۶:۶۳)
ایک بہت بڑے ٹیلے کی طرح یا ایک مضبوط چٹان کی طرح (عبدالماجد دریا آبادی)۔
الطود کے معنی پہاڑ اسی طرح ابھری ہوئی یا بلند زمین کا قطعہ (ولیم لین)۔

ط و ر ☆

اَلطُّوْرُ۔ طُوْرٌ (اسم معرفہ) طور
طور کوہ سیناء اور کوہ زیتون کو اور کئی دوسرے پہاڑوں کو کہا جاتا ہے (ولیم لین)۔
اَطْوَارًا منصوب (اسم جمع) حالتیں۔مرحلے
مفرد: طَوْرٌ

ط و ع ☆

طَوَّعَتْ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے خوشگوار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بنایا-

طَوَّعَ   خوشگوار بنایا-

طَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ 'اس کے نفس نے اسے اجازت دی اس کے لئے قابل عمل اور آسان بنایا- یعنی اپنے آپ کو کچھ کرنے کے اہل بنایا-

طَاعَ يَطُوْعُ طَوْعاً وَ طَاعَةً (ن) حکم ماننا- اطاعت کرنا- فرماں بردار ہونا

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ (۵:۳۰)

تو اس کے نفس نے اسے بھائی کے قتل ہی کی رغبت دی-

اَطَاعَ   باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے اطاعت کی

اَطَاعُوْا   باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے اطاعت کی-

اَطَعْنَ   باب افعال (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) ان عورتوں نے اطاعت کی-

اَطَعْتُمْ   (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم مردوں نے اطاعت کی-

اَطَعْتُمُوْهُ   تم نے اس کی اطاعت کی

اَطَعْنَا   (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے اطاعت کی-

يُطِيْعُ   باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ اطاعت کرتا ہے-

لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ (۴۹:۷)

اگر بہت سی باتوں میں وہ تمہارا کہا مان لیا کریں-

يُطِعْ باب افعال (ساکن' واحد مذکر غائب) يُطِيْعُ - وہ اطاعت کرے- جملہ شرطیہ ہونے کے باعث حذف علت ی گر گئی-

يُطِيْعُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اطاعت کرتے ہیں-

تُطِيْعُوْا (باب افعال منصوب) کہ اگر تم اطاعت کرو-

نُطِيْعُ   باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم اطاعت کرتے ہیں-

اَطِيْعُوْا   باب افعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم اطاعت کرو-

اَطِعْنَ   باب افعال (فعل امر جمع مؤنث حاضر) تم عورتیں اطاعت کرو-

وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ' (۳۳:۳۳)

تم عورتیں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو-

آیت ۴:۳۴ میں فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ یعنی اگر عورتیں تمہاری اطاعت کریں' میں صیغہ اَطَعْنَ ماضی کا ہے جو فعل ماضی جمع مؤنث غائب کا صیغہ ہے جس کا مطلب ہے "انہوں نے اطاعت کی" لیکن آیت ۳۳:۳۳ میں یہی صیغہ اَطِعْنَ (فعل جمع مؤنث) آیا ہے- طالب علموں کو طرف پر زیر اور زبر کا فرق پہنچانا چاہیے-

اَطِيْعُوْنِ   باب افعال (مرکب کلمہ) میری اطاعت کرو-

(اَطِيْعُوْا + نِیْ اَطِيْعُوْنِیْ)

نی کی مخفف صورت ن ہو گئی-

لَا تُطِعْ   باب اَفعال- (فعل نہی واحد مذکر حاضر) مت اطاعت کرو-

يُطَاعُ باب افعال (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب)- اس کی اطاعت کی جاتی ہے-

تَطَوَّعَ   باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب)- اس نے رضا کارانہ کام کیا-

تَطَوَّعَ تَطَوُّعاً (باب تفعل) رضا کارانہ کوئی کام کرنا-

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ (۲:۱۵۸)

اور جو کوئی نیک کام کرے تو بے شک خدا قدرشناس اور دانا ہے-

اِسْتَطَاعَ   باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) سکا- قابل ہوا-

اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ / اِسْطَاعَ يَسْطِيْعُ اسْتِطَاعَةً

قابل ہونا- سکنا- طاقت رکھنا- منظوری کچھ کرسکتا ہے-

مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا (۳:۹۷)

جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے

اِسْتَطَعْتَ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو کر سکا- کرنے کے قابل ہوا-

اِسْتَطَعْتُ باب استفعال (فعل ماضی واحد متکلم) میں قابل ہوئے

اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ (۱۱:۸۸)

میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکے تمہارے معاملات کی) اصلاح چاہتا ہوں-

اِسْتَطَاعُوْا باب استفعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ کر سکے- قابل ہوئے-

اِنِ اسْتَطَاعُوْا اگر وہ کر سکیں-

مَا اسْتَطَاعُوْا وہ نہیں کر سکے-

اِسْتَطَعْنَا   باب استفعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم کر سکے-

لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ (۹:۴۲)

اگر ہم طاقت رکھتے تو آپ کے ساتھ نکل کھڑے ہوتے-

اِسْطَاعُوْا   باب استفعال (مثل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اسْتَطَاعُوْا)

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا (۱۸:۹۷)

پھران میں نہ یہ قدرت رہی کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ یہ طاقت رہی کہ اس میں نقب لگا سکیں۔

يَسْتَطِيْعُ باب استفعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ کرسکتا ہے

هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً (۵:۱۱۲)

کیا تمہارا پروردگار ایسا کرسکتا ہے کہ ہم پر آسمان (سے) طعام کا خوان نازل کرے۔

لَمْ يَسْتَطِعْ باب استفعال (ساکن واحد مذکر غائب) وہ نہ کرسکا۔

تَسْتَطِيْعُ باب استفعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو کرسکتا ہے

لَنْ تَسْتَطِيْعَ (منصوب واحد مذکر حاضر) تم ہرگز نہیں کرسکتے۔

لَمْ تَسْتَطِعْ / لَمْ تَسْطِعْ باب استفعال (فعل مضارع ساکن واحد مذکر حاضر) تم نہ کرسکے۔

يَسْتَطِيْعُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ کرسکتے ہیں۔

تَسْتَطِيْعُوْنَ باب استفعال (منصوب جمع مذکر حاضر) تم کرسکتے ہو۔

تَسْتَطِيْعُوْا باب استفعال (منصوب جمع مذکر حاضر) کہ تم کرسکو۔

لَنْ تَسْتَطِيْعُوْا ہرگز تم نہیں کرسکو گے۔

طَوْعًا منصوب (اسم مصدر) اپنی مرضی سے۔

طَاعَةٌ (اسم مصدر) فرماں برداری

طَآئِعِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) اپنی خوشی سے کچھ کرنے والے۔ مفرد طائع

مُطَاعٌ (اسم مفعول واحد مذکر) جس کی اطاعت کی جائے۔

الْمُطَّوِّعِيْنَ باب تفعل (اسم فاعل جمع مذکر) اپنی خوشی یا رضا کارانہ کچھ کرنے والے۔ باب تفعل کی ت' ط میں مدغم ہوگئی

ط و ف ☆

طَافَ - عَلٰى معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اس نے طواف کیا۔ پھر گیا۔

طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا وَّ طَوَافًا وَّ طَوْفَانًا وَّ تَطْوَافًا

طواف کرنا' گرد چکر لگانا۔ ب' حَوْلَ چکر پورا کرنا۔ عَلٰى آ جانا۔ عَلٰى' بَيْنَ گرد چکر لگانا۔

فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ (۶۸:۱۹)

وہ ابھی سو ہی رہے تھے کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے اس پر ایک آفت پھر گئی۔

يَطُوْفُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ طواف کرتا ہے۔

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ (۵۶:۱۷)

نوجوان خدمت گزار جو ہمیشہ (ایک ہی حالت میں) رہیں گے ان کے آس پاس پھریں گے۔

يَطُوْفُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ طواف کرتے ہیں۔

يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ (۵۵:۴۴)

وہ دوزخ اور گرم پانی کے درمیان گھومتے پھریں گے۔

يُطَافُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) طواف کیا جاتا ہے۔ پاک کیا جائے گا۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ (۳۷:۴۵)

شراب لطیف کا جام کا ان میں دور چل رہا ہوگا۔

يَطَّوَّفُ (باب افتعال) طواف کرنا۔ گردش کرنا۔

اِطَّوَّفَ يَطَّوَّفُ (باب افتعال) گرد گردش کرنا۔ طواف کرنا۔

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا (۲:۱۵۸)

اس پر کچھ گناہ نہیں کہ دونوں کا طواف کرے۔

لِيَطَّوَّفُوْا (لام امر جمع مذکر غائب) انہیں طواف کرنا چاہئے۔

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ (۲۲:۲۹)

اور خانہ قدیم یعنی بیت اللہ کا طواف کریں

طَوَّافُوْنَ (اسم مبالغہ جمع مذکر) کثرت سے طواف کرنے والے۔

طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ (۲۴:۵۸)

ایک دوسرے کے پاس کثرت سے آتے جاتے رہتے ہیں۔

طَآئِفٌ (اسم فاعل واحد مذکر) آفت

فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ (۶۸:۱۹)

اس پر ایک آفت پھر گئی۔

طَآئِفِيْنَ (اسم جمع) (۲) طواف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کرنے والے۔
وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِينَ (۲۶:۲۲)
اورتم طواف کرنے والوں کیلئے میرے گھر کو صاف کر۔
طَائِفَةٌ (اسم فاعل۔واحد مؤنث) ایک جماعت/گروہ۔(۱) لوگوں کا ایک گروہ تعداد ایک ہزار تک (راغب)
طَائِفَتَانِ مرفوع طَائِفَتَيْنِ، الطَّائِفَتَيْنِ (اسم مثنی) دو جماعتیں۔
الطُّوفَانُ (اسم) سیلاب۔طوفان
لفظی ترجمہ: موسلا دھار بارش یا سیلاب۔
محاورہ: کوئی دوسری آفت سماوی

ط و ق ☆

يُطَوَّقُونَ باب تفعیل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) ان کی گردنوں میں طوق ڈالے جائیں گے۔
طَوَّقَ تَطْوِيقًا عائد کرنا۔ڈال دینا۔ گھیرنا۔کسی گردن میں کالر یا ہار پہنانا
طَاقَ يَطُوقُ طَوْقًا (ن) کچھ کرنے کے قابل ہونا، کچھ کرنے کی طاقت رکھنا۔
سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ (۱۸۰:۳)
وہ جس مال میں بخل کرتے تھے جلد ہی اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔ (یعنی جس مال کو بخل کرکے رکھا، وہ مال ان کی گردنوں میں ہار بنا کر ڈالا جائے گا جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے: یہ (مال) ڈسنے والے سانپ کی شکل میں گردن پر ڈالا جائے گا۔
يُطِيقُونَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ طاقت رکھتے ہیں۔ وہ اس قابل ہیں/ برداشت کرسکتے ہیں۔
أَطَاقَ إِطَاقَةً باب افعال۔کوئی کام کرنے کے قابل ہونا۔
وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ (۱۸۴:۲)
اور جو لوگ مشکل سے روزہ رکھ سکتے ہوں تو اس کا فدیہ ایک مسکین آدمی کو کھانا کھلانا ہے۔ یعنی جو لوگ (مرد و زن) اس قدر کمزور ہوں یا آخری عمر میں ہوں۔ لفظ طاقتو کا مطلب کسی کام کا انتہائی مشکل اور مشقت سے کرنا ہے کہ کوئی کر تو لے لیکن بے حد تکلیف کے ساتھ (عبدالماجد دریا آبادی۔ولیم لین)
طَاقَةٌ (اسم) قوت۔
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ (۲۸۶:۲)
اے پروردگار! جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں وہ ہمارے سر پر نہ رکھیو۔

ط و ل ☆

طَالَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) دراز ہوگیا۔
طَالَ يَطُولُ طُولًا (ن)
طویل ہونا۔طویل مدت تک جاری رہنا۔ مستقل رہنا۔
حَتَّى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ (۴۴:۲۱)
یہاں تک کہ اسی میں ان کی عمریں بسر ہوگئیں۔
تَطَاوَلَ فعل تفاعل (معتل) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) دراز ہوگیا
مثلاً باب تفاعل تَطَاوَلَ
فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ (۴۵:۲۸)
پھر ان پر مدت طویل گزر گئی
طَوِيلًا منصوب (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) دراز لمبی
إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا (۷:۷۳)
دن کے وقت تو تمہیں اور بہت سے شغل ہوتے ہیں۔
طُولًا منصوب (اسم مصدر) بلندی
وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا (۳۷:۱۷)
اور نہ لمبا ہوکر پہاڑوں کی چوٹی تک پہنچ جائے گا۔
الطَّوْلُ (اسم) طاقت وقوت استطاعت۔
ذِي الطَّوْلِ (۳:۴۰)
قوت کا مالک۔(تمام کفائتوں) کا مالک بے پناہ نعمتوں کا مالک۔ طاقت، نعمت اور لطف وکرم کا مالک (لسان)۔
(۲) صاحب استطاعت۔
اسْتَأْذَنَكَ أُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ (۸۶:۹)
جوان میں دولت مند ہیں وہ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں۔
لفظی ترجمہ: دوست کے مالک (ماجد)
طَوْلًا منصوب (اسم) (۳) ذرائع وسائل۔
وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا أَنْ يَنْكِحَ الْمُحْصَنَاتِ (۲۵:۴)
اور جو شخص تم میں سے آزاد عورتوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(بیبیوں) سے نکاح کرنے کا مقدور نہ رکھے۔

لَمْ یَسْتَطِعْ طَوْلاً کا مطلب اکثر یہ لیا جاتا ہے کہ "وہ مقدور یا استطاعت نہیں رکھتا یعنی مالی لحاظ سے۔ لیکن مفتی محمد عبدہ نے نہایت مدلل طریقے سے اس نظریے کا اظہار کیا ہے کہ اس میں موانع شامل ہیں خواہ وہ مادی ہوں شخصی ہوں یا سماجی ہوں (اسد: حواشی ۴/ ۲۹ بحوالہ المنار ج ۵: ۱۹)

☆ ☆ ☆ ☆

طَالُوْتُ (اسم معرفہ) طالوت

بائبل میں طالوت کو Saul لکھا ہے جن کا سلسلہ نسب بنی اسرائیل کے بن یامین کی شاخ سے جا ملتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ شاخ باقی تمام شاخوں سے قبیلے کی کم تعداد والی شاخ تھی۔ (عبدالماجد دریا آبادی ص ۲ ج ۶۴۳)

ط و ی ☆

نَطْوِیْ معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم لپیٹ لیں گے۔

طَوٰی یَطْوِیْ طَیًّا (ض)

تہہ کرنا۔ لپیٹنا۔

طَیٌّ (اسم مصدر) لپیٹ لینا۔

یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ (۲۱:۱۰۴)

جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹیں گے جس طرح خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں۔

مَطْوِیّٰتٌ (اسم جمع مؤنث) لپٹی ہوئی چیزیں۔

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِهٖ (۳۹:۶۷)

اور آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوں گے۔

طُوًی (اسم معرفہ) طویٰ

لفظی ترجمہ: وہ چیز جو دو دفعہ کی گئی ہو دو بار برکت دی گئی ہو۔ اور دو بار پاک کی گئی ہو۔ بطور اسم معرفہ یعنی علم یہ جگہ سیناء پہاڑ کے دامن میں واقع ہے یہ جگہ سینا کی دائیں طرف وادی شعیب نامی ایک تنگ گھاٹی میں ہے جو جنوب مشرق کی طرف اس سُفْسَیفِح کے بالمقابل ایک وسیع میدان میں واقع ہے۔

ط ی ب ☆

طَابَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔ وہ خوش ہوا/ اچھا ہوا۔

طَابَ یَطِیْبُ طِیْبًا وَ طِیْبَةً (ض)

اچھا ہونا۔ خوشگوار ہونا۔ قابل قبول ہونا۔ جائز ہونا۔

طَابَتْ نَفْسُهٗ اس کا دل خوش ہوا۔

طَابَتْ عَنْهُ نَفْسًا اس عورت نے از خود چھوڑ دیا۔

فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ (۴:۳)

جو عورتیں تم کو پسند ہوں ان میں سے دو دو، تین تین، چار چار ان سے نکاح کرلو۔

طِبْنَ نَفْسًا (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں از خود چھوڑ دیا۔

فَاِنْ طِبْنَ لَکُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا (۴:۴)

اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے تم کو کچھ چھوڑ دیں۔

طِبْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم خوش ہوئے۔

طُوْبٰی اسم (مذکر و مؤنث) طَیِّبَةٌ کی جمع اَطْیَبُ (اسم تفضیل)

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ (۱۳:۲۹)

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے خوش حالی اور عمدہ ٹھکانا ہے۔

الطَّیِّبُ صفت طَیِّبًا منصوب اچھا (اسم فاعل بروزن فعیل)

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَ الطَّیِّبُ (۵:۱۰۰)

کہہ دو کہ پاک اور ناپاک چیزیں برابر نہیں ہوتی۔ (۲) پاک وصاف

فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا (۴:۴۳)

تو پاک مٹی لو اور منہ اور ہاتھوں کا مسح کر کے تیمم کرلو۔

(۳) مجموعی طور پر۔

کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا (۲:۱۶۸)

لوگو! جو چیزیں زمین میں ہیں، حلال طیب ہیں وہ کھاؤ۔ (۴) نرم۔

وَهُدُوْۤا اِلَی الطَّیِّبِ مِنَ الْقَوْلِ (۲۲:۲۴)

اور ان کو پاکیزہ کلام کی ہدایت کی گئی۔

الطَّیِّبُوْنَ مرفوع طَیِّبِیْنَ، الطَّیِّبِیْنَ (منصوب اسم جمع) نیک لوگ۔ ضد: بد

طَیِّبَةٌ (اسم مؤنث۔ صفت)

(۱) اچھا نہایت عمدہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ
(۱۵:۳۴)

پاکیزہ زمین اور بخشنے والا رب۔

(۲) نرم خوشگوار۔

وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ (۱۰:۲۲)

اور کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں) سواروں کو لے کر چلنے لگتی ہیں۔

اَلطَّيِّبَاتُ (اسم جمع مؤنث)

اچھی پاکیزہ چیزیں۔

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ (۵:۵)

آج تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں۔

ط ی ر ☆

يَطِيْرُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب)

طَارَ يَطِيْرُ طَيْرًا وَ طَيَرَانًا (ض)

پرندوں کا اڑنا۔ بھاگنا۔

وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ (۶:۳۸)

دو پروں سے اڑنے والے پرندوں کی بھی تمہاری طرح جماعتیں ہیں۔

تَطَيَّرْنَا (باب تفعل۔ فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے بدشگونی کی۔

تَطَيَّرَ وَ اطَّيَّرَ بدشگونی کے فال بد لینا

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ (۳۶:۱۸)

وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک سمجھتے ہیں۔

اِطَّيَّرْنَا باب تفعل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے بد فال لی۔

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَ بِمَنْ مَّعَكَ (۲۷:۴۷)

وہ کہنے لگے کہ تم اور تمہارے ساتھی ہمارے لئے شگون بد ہیں۔

يَطَّيَّرُوْا باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ فال بد لیتے ہیں

طَيْرٌ (اسم) پرندہ

اَلطَّيْرُ (اسم) پرندہ

طَآئِرٌ (اسم فاعل واحد مذکر)

لفظی ترجمہ: (۱) اڑنے والا جانور

وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ (۶:۳۸)

اور نہ دو پروں سے اڑنے والا جانور

محاورۃً: (۲) عمل، نامہ اعمال۔

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ (۱۷:۱۳)

اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو (بصورت کتاب) اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے۔

طَائِرٌ، لفظی معنی پرندہ کے علاوہ محاورۃً اس کے معنی انسان کے اعمال بھی ہیں جو انسان کی خوشی وسعادت کا سبب ہوتے ہیں اور جو نیک و بد ہونے کے اعتبار سے انسان کے گلے کا طوق ہوں گے (ولیم لین)

(۳) شگونِ بد

قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ (۲۷:۴۷)

(صالح نے) کہا تمہاری بدشگونی خدا کی طرف سے ہے۔

مُسْتَطِيْرًا منصوب باب استفعال (اسم فاعل واحد مذکر) چھا جانے والا (عبدالماجد دریا آبادی و پکتھال)۔ جو طول و عرض میں پھیلے (علامہ یوسف علی)۔

يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا (۷۶:۷)

اس دن سے جس کی سختی پھیل رہی ہوگی، خوف رکھتے ہیں۔

ط ی ن ☆

طِيْنٌ، الطِّيْنُ مرفوع طِيْنًا منصوب (اسم صفت): مٹی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ظ ع ن ☆

ظَعْنٌ (اسم مصدر) سفر پر چلنا جدا ہونا۔
ظَعَنَ يَظْعَنُ ظَعْناً وَ مَظْعَناً (ف) چلنا۔سفر کرنا۔رخصت ہونا۔
وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتاً تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ (۱۶:۸۰)
اور اسی نے چوپایوں کی کھالوں سے تمہارے لئے ڈیرے بنائے جن کو سبک دیکھ کر سفر (اور حضر) میں کام میں لاتے ہو۔

ظ ف ر ☆

أَظْفَرَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔کامیاب بنا دیا۔
أَظْفَرَ باب افعال إِظْفَاراً فتح دینا فتح مند بنا دینا۔
ظَفِرَ يَظْفَرُ ظَفَراً (س) ـ ب ، عَلٰى حاصل کرنا۔غلبہ پانا۔
مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ (۴۸:۲۴)
تم کو ان کافروں پر فتح یاب کرنے کے بعد
ظُفُرٌ (اسم جمع) پنجے انگلیوں کے ناخن شکاری پرندوں کے پنجے۔
مفرد: ظُفُرٌ

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ (۶:۱۴۶)
ہم نے یہودیوں پر سب ناخن والے جانور حرام کر دیئے تھے۔

ظ ل ل ☆

ظَلَّ (مضاعف) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) رہا۔رہ گیا۔
ظَلَّ يَظَلُّ ظَلًّا وَ ظُلُوْلاً (ف) ہونا۔ہو جانا۔اُگ آنا۔
ظَلَّ کے بعد اگر فعل مضارع آئے یا فاعل آئے یا عَلٰی آئے تو اس صورت میں ظَلَّ کے معنی ہوں گے: جاری رکھنا' کچھ کرنا' کچھ کرتے رہنا' اور کسی چیز کو محفوظ رکھنا۔
ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا (۱۶:۵۸)
تو اس کا منہ (غم کے سبب) کالا پڑ جاتا ہے۔
ظَلَّتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) ہو گئی۔
فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ (۲۶:۴)
پھر ان کی گردنیں اس کے آگے جھک جائیں
ظَلْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو رہا۔
(ظَلْتَ اصل میں ظَلِلْتَ تھا)
وَانْظُرْ اِلٰى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفاً (۲۰:۹۷)۔
اور جس معبود (کی پوجا) پر تو (قائم) معتکف تھا اس کو دیکھ۔
ظَلُّوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ رہے۔انہوں نے رکھا۔

فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ (۱۵:۱۴)
تو وہ اس میں چڑھنے بھی لگیں۔
لَظَلُّوْا لام تاکید (فعل ماضی جمع مذکر غائب) تو وہ جاری رکھتے۔
وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحاً فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَظَلُّوْا مِنْ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ (۳۰:۵۱)
اور اگر ہم ایسی ہوائیں بھیجیں کہ وہ (اس کے سبب) کھیتی کو دیکھیں کہ زرد (ہو گئی ہے) تو اس کے بعد وہ ناشکری کرنے لگ جائیں۔
ظَلْتُمْ (فعل ماضی۔جمع مذکر حاضر)
فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ (۵۶:۶۵)
تو تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔
يَظْلَلْنَ (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ رہ جائیں۔
اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ (۴۲:۳۳)
اگر خدا چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے اور جہاز کھڑے رہ جائیں۔
نَظَلُّ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم قائم ہیں۔
فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ (۲۶:۷۱)
اور ہم ان (کی پوجا) پر قائم رہیں گے۔
ظَلَّلْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے سایہ کیا۔
ظَلَّلَ تَظْلِيْلاً باب تفعیل وَ اَظَلَّ إِظْلَالاً سایہ کرنا۔
ظِلٌّ ، اَلظِّلُّ مرفوع ظِلًّا منصوب (اسم) سایہ۔چھاؤں۔
أَظْلَالٌ ، ظِلَالٌ ، ظُلُوْلٌ (جمع)
ظِلَالٌ (اسم جمع) سایے۔
مفرد: ظِلٌّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ظُلَّة (اسم) وہ چیز جو سایہ کرے
الظُّلَّةُ ڈھکن۔ابروالا سایہ
ظُلَلٌ (اسم جمع) بادلوں والے
سائے۔مفرد: ظُلَّة
ظَلِيلاً منصوب ظَلِيلٌ (اسم فاعل)
سایہ دار

ظ ل م ☆

ظَلَمَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب)
(۱) اس نے زیادتی کی۔
ظَلَمَ يَظْلِمُ ظُلْماً وَ مَظْلَمَةً (ض)
زیادتی یا برائی کرنا' نقصان دینا۔ بے انصافی سے پیش آنا۔ بدسلوکی کرنا۔ ظلم کرنا۔نقصان دبانا۔سختی کرنا۔
وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ' (۲:۲۳۱)
جو ایسا کرے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا۔
یہ فعل قرآن میں بار بار آیا ہے۔قرآن مجید کو انگریزی میں ترجمہ کرنے والے تقریباً سب ہی مترجموں نے نقصان کرنا اور غلط کام کرنا کیا ہے۔
ظَلَمْتُ (فعل ماضی واحد متکلم)
میں نے نقصان کیا یا میں نے غلط کام کیا۔
ظَلَمُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے ظلم کیا۔
ظَلَمْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے ظلم کیا۔
ظَلَمْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے ظلم کیا۔
يَظْلِمُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ظلم کرتا ہے۔

لِيَظْلِمَ (لام تعلیل واحد مذکر غائب) تاکہ وہ ظلم کرے۔وہ ظلم کرنے ہی والا تھا۔
فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ (۹:۷۰)
خدا تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا......
لَمْ تَظْلِمْ ساکن' واحد مؤنث غائب) محاورۃ: اس عورت نے ظلم نہیں کیا
كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَ لَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا (۱۸:۳۳)
دونوں باغ کثرت سے پھل لاتے اور اس کی پیداوار میں کسی طرح کی کمی نہ ہوتی۔
يَظْلِمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ظلم کرتے ہیں۔
وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (۷:۱۶۰)
اور ان لوگوں نے ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا بلکہ (جو) نقصان (کیا) اپنا ہی کیا۔
يَظْلِمُوْنَ (بعض اوقات سیاق کلام کے پیش نظر يَظْلِمُوْنَ کا ترجمہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ" وہ ایمان نہیں لائے"
فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ (۷:۹)
تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا اس لئے وہ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لائے۔
تَظْلِمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم ظلم کرتے ہو۔
لَا تَظْلِمُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم ظلم نہ کرو۔
ظُلِمَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اس کے ساتھ ظلم ہوا۔
ظُلِمُوْا (فعل ماضی مجہول جمع

مذکر غائب) ان کے ساتھ ظلم ہوا۔
تُظْلَمُ (فعل مضارع مجہول جمع متکلم) ہمارے ساتھ ظلم ہوتا ہے۔
يُظْلَمُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) ان کے ساتھ ظلم ہوتا ہے۔
لَا يُظْلَمُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) ان کے ساتھ ظلم نہیں ہوگا۔
تُظْلَمُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر)۔تمہارے ساتھ ظلم ہوتا ہے۔
لَا تُظْلَمُوْنَ تمہارے ساتھ ظلم نہیں ہوگا
اَظْلَمُ (اسم تفضیل واحد مذکر) زیادہ ظلم کرنے والا۔
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ' (۲:۱۱۴)
اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا کی مسجدوں میں خدا کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے اور ان کی ویرانی میں مساعی ہو
اَظْلَمَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔تاریکی چھا گئی۔
اَظْلَمَ اِظْلَامًا (باب افعال)
اندھیرا ہونا۔اندھیرے میں داخل ہونا۔
طالب علموں کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اَظْلَمُ مضموم الآخر اسم تفضیل ہے اور اس کا ترجمہ زیادہ ظلم کرنے والا ہے جیسا کہ اَظْلَمَ مفتوح الآخر فعل ماضی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے جس کا مطلب ہے اندھیرا ہوا۔
ظُلْمٌ مرفوع ظُلْماً منصوب۔
غلط کام کرنا
ظَالِمٌ' اَلظَّالِمُ (اسم فاعل واحد مذکر)
غلط کام کرنے والا۔
ظَالِمَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غلط کام کرنے والی۔
قرآن کریم میں تانیث کا صیغہ یا تو عبادت کے لئے استعمال ہوا ہے یا قبیلوں کے لئے یعنی جمع کی صفت کے لئے۔

ظَالِمُوْنَ ' الظَّالِمُوْنَ مرفوع
ظَالِمِيْنَ ' الظَّالِمِيْنَ منصوب
(اسم جمع) ظلم کرنے والے۔

ظَالِمِىْ (اسم جمع 'ن محذوف) ظلم کرنے والے۔

ظَالِمِىْٓ اَنْفُسِهِمْ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے۔

ظَلُوْمٌ مرفوع ظَلُوْمًا منصوب
(اسم مبالغہ) بہت بڑا ظلم کرنے والا۔

ظَلَّامٌ اسم مبالغہ۔ بطور عادت ظلم کرنے والا یعنی عادی ظالم یا دوسروں کو اذیت دے کر خوش ہونے والا۔

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (۴۱:۴۶)
اور تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

مَظْلُوْمًا (اسم مفعول واحد مذکر) منصوب۔ جس پر ظلم ہوا ہو۔

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا (۱۷:۳۳)
اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے۔

ظُلُمٰتٌ الظُّلُمٰتُ
(اسم جمع) تاریکیاں
ظُلْمَةٌ مفرد: تاریکی

مُظْلِمًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) تاریک۔ لفظی ترجمہ: جو تاریک ہو جائے۔

اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا (۱۰:۲۷)
گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے ٹکڑے اوڑھا دیئے گئے ہیں۔

مُظْلِمُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) تاریک۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ (۳۶:۳۷)
اور ایک نشانی ان کے لئے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اس وقت ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے۔

ظ م أ ☆

تَظْمَؤُا مہموز (فعل مضارع واحد مذکر حاضر)۔ تو پیاسا ہوتا ہے یا تجھے پیاس لگے گی۔

ظَمِئَ يَظْمَأُ ظَمْأً وَ ظَمَاءً (س) پیاس لگنا

ظَمَأٌ (اسم) پیاس۔ تشنگی

الظَّمْاٰنُ (اسم فاعل) پیاسا۔ تشنہ

ظ ن ن ☆

ظَنَّ (مضاعف) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) (۱) اُس نے گمان کیا۔ خیال کیا۔ سوچا

ظَنَّ يَظُنُّ ظَنًّا (ن) (۱) سوچنا۔ تصور کرنا خیال کرنا۔ (۲) گمان/اندیشہ کرنا۔ فرض کرنا (۳) یقین کرنا۔ جاننا (۴) قیاس کرنا۔

راغب اصفہانی کے قول کے مطابق ظَنّ سے مراد قیاس کرنا ہے۔ اور ایک آدمی کا اپنے مشاہدے کی بناء پر کسی بات کا یقین کرتا ہے عام قاعدے کے مطابق وہ بتاتا ہے کہ ظَنّ کے بعد اَنّ یا اَنْ آتا ہے جس کا مطلب یقین ہوتا ہے اور بعض مقامات پر اس کا مطلب تصور کرنا ہے مثلاً

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (۲۱:۸۷)
اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہوکر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پا سکیں گے۔

(۲) یقین کیا جانا۔ سمجھا۔

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ (۳۸:۲۴)
اور داؤد نے سمجھا کہ (اس واقعے سے) ہم نے ان کو آزمایا ہے۔

وَظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ (۷۵:۲۸)
اور اس (جان بلب) نے یقین کر لیا کہ اب سب جدائی ہے۔

(۳) خیال کیا۔

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ (۸۴:۱۴)
اور وہ خیال کرتا تھا کہ پھر کر نہ جائے گا

ظَنَنْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) مجھے یقین ہے۔

اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ (۶۹:۲۰)
مجھے یقین تھا کہ مجھ کو میرا حساب ضرور ملے گا۔

ظَنَّا (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب) دونوں نے خیال کیا۔

ظَنُّوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) (۱) انہوں نے خیال کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌ بِهِمْ (۷:۱۷۱)
اور انہوں نے خیال کیا کہ وہ ان پر گرتا ہے۔
(۲) انہوں نے محسوس کیا/ جان لیا۔
وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ (۹:۱۱۸)
اور انہوں نے جان لیا کہ خدا (کے ہاتھ) سے خود کو اس کے سوا کوئی پناہ نہیں
(۳) انہوں نے شک کیا/ اندیشہ کیا۔ (انہیں شک تھا)
وَاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا (۷۲:۷)
اور یہ کہ ان کا بھی یہی اعتقاد تھا جس طرح تمہارا تھا کہ خدا کسی کو نہیں جلائے گا۔

ظَنَنْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر)
(۱) تم نے خیال کیا۔
وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ (۴۱:۲۳)
اور اسی خیال نے جو تم اپنے پروردگار کے بارے میں رکھتے تھے۔
(۲) تم نے یہ سمجھا
بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا (۴۸:۱۲)
بلکہ تم لوگ یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ پیغمبر اور مومن اپنے اہل وعیال میں کبھی لوٹ کر آنے کے ہی نہیں۔

ظَنَنَّا (فعل ماضی جمع متکلم)
(۱) ہم نے خیال کیا۔
وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (۷۲:۵)۔
اور ہمارا یہ خیال تھا کہ انسان اور جن خدا کی نسبت جھوٹ نہیں بولتے۔

(۲) ہم جانتے تھے۔ ہم نے یقین کرلیا۔
وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ (۷۲:۱۲)
اور یہ کہ ہم نے یقین کرلیا ہے کہ ہم زمین میں (خواہ کہیں ہوں) خدا کو ہرا نہیں سکتے۔

يَظُنُّ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ خیال کرتا ہے۔

تَظُنُّ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ خیال کرتی ہے۔

اَظُنُّ (فعل مضارع واحد متکلم) میں خیال کرتا ہوں۔

يَظُنُّوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جانتے ہیں۔ (۱) وہ یقین کرتے ہیں۔
اَلَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ (۲:۴۶)
جو یقین کئے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں۔
وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ (۲:۷۸)
اور بعض ان میں ان پڑھ ہیں کہ اپنے خیالات باطل کے سوا (خدا کی) کتاب سے واقف ہی نہیں، وہ صرف ظن سے کام لیتے ہیں۔
(۳) انہوں نے غلط خیالات قبول کرلئے۔ گمان کرتے تھے۔
وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ (۳:۱۵۴)
اور کچھ لوگ جن کو اپنی جان کے لالے پڑے تھے خدا کے بارے میں ناحق (ایام) کفر سے گمان کرتے تھے۔
جَاهِلِيَّة کے لئے دیکھئے مادہ ج ھ ل،

تَظُنُّوْنَ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم غلط گمان کرتے ہو۔

نَظُنُّ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم سوچتے ہیں۔

ظَنٌّ مرفوع ظَنًّا، الظَّنَّ منصوب (اسم) سوچ
وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ (۱۰:۶۰)
اور جو لوگ خدا پر افتراء کرتے ہیں، وہ قیامت کے دن کی نسبت کیا خیال رکھتے ہیں۔
وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا (۱۰:۳۶)
اور ان میں سے اکثر ظن کی پیروی کرتے ہیں اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ کارآمد نہیں ہوسکتا۔

الظُّنُوْنَ (اسم جمع) طرح طرح کے خیالات

الظَّآنِّيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) باطل خیالات پالنے والے۔

ظ ھ ر ☆

ظَهَرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) ظاہر ہوا۔ ضد: پوشیدہ ہوا۔
ظَهَرَ يَظْهَرُ ظُهُوْرًا (ف)
ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا، واضح ہونا، کھل جانا، باہر آنا۔ چڑھنا۔
مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ (۶:۱۵۱)
ظاہر ہوں یا پوشیدہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَظْهَرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب)
(۱) وہ ظاہر ہوتے ہیں- چڑھتے ہیں-
وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ
(۳۳:۴۳)
اور سیڑھیاں بھی جن پر وہ چڑھتے-
فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ
(۱۸:۹۷)
پھر ان میں یہ قدرت نہ رہی کہ اس پر چڑھ سکیں-
يَظْهَرُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب)- انہیں غلبہ حاصل ہوتا ہے-
كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً (۹:۸)
بھلا ان سے عہد کیونکر (پورا کیا جائے) جب ان کا حال یہ ہے کہ اگر تم پر غلبہ پالیں تو نہ قرابت کا لحاظ کریں اور نہ عہد کا-
(۲) وہ جانتے ہیں-
اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ (۱۸:۲۰)
اگر وہ تم پر دسترس پالیں گے تو تمہیں سنگسار کردیں گے-
لَمْ يَظْهَرُوْا (ساکن، جمع مذکر غائب) وہ نہیں جانتے تھے-
اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ (۲۴:۳۱)
یا ایسے بچوں سے جو عورتوں کے پردے کی چیزوں سے واقف نہ ہوں-
ظَاهَرُوْا باب مفاعلہ (فعل ماضی جمع مذکر غائب)- انہوں نے مدد کی-
ظَاهَرَ مُظَاهَرَةً مدد کرنا- دوسروں کو سہارا دینا- (باہمی تعاون کے طور پر پشت پناہی کرنا- یا دشمنوں کی مدد کرنا-
وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ
(۹:۶۰)
اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی-
لَمْ يُظَاهِرُوْا (ساکن، جمع مذکر غائب) انہوں نے کسی کے خلاف مدد نہ کی-
اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا (۹:۴)
البتہ جن مشرکوں کے ساتھ تم نے عہد کیا ہو اور انہوں نے تمہارا کسی طرح کا قصور نہ کیا ہو اور نہ تمہارے مقابلے میں کسی کی مدد کی ہو-
يُظَاهِرُوْنَ باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں-
اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ (۲:۵۸)
اور تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ دیتے ہیں، وہ ان کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)-
(ظہار: عورتوں کو طلاق دینے کی ایک قدیم شکل، اس میں خاوند بیوی سے کہہ دیتا ہے کہ "تو میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے" لفظ ظہار، ظہر سے مشتق ہے جس کا مطلب پیٹھ ہے، قرآن نے اس شکل کو طلاق تسلیم نہ کرتے ہوئے خاوند کے لئے ضروری قرار دیا کہ ایسی صورت میں وہ بیوی سے تعلقات بحال کرنے سے پہلے کفارہ ادا کرے-
تُظَاهِرُوْنَ باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر)- تم ظہار کرتے ہو-
وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ (۳۳:۴۰)
اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری حقیقی ماں بنایا-
اَظْهَرَ باب افعال، ظاہر کردیا آگاہ کردیا-
وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ (۶۶:۳)
خدا نے اس حال کے پیغمبر کو آگاہ کردیا-
يُظْهِرُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) (۱) افشا کرتا ہے- آگاہ کرتا ہے- اَظْهَرَ اِظْهَارًا باب افعال (۱) افشاء کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) غلبہ دلانا (۴) وقت پر پہنچنا/ داخل ہونا-
عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا (۷۲:۲۶)
(وہی) غیب کی بات جاننے والا ہے تو وہ کسی پر اپنے غیب کو ظاہر نہیں کرتا-
(۲) ظاہر ہونے کا سبب بنے-
اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِى الْاَرْضِ الْفَسَادَ
(۲۶:۴۰)
مجھے ڈر ہے کہ وہ کہیں تمہارے دین کو نہ بدل دے یا ملک میں فساد پیدا نہ کرے-
لِيُظْهِرَ باب افعال (لام تعلیل واحد مذکر غائب) تاکہ غالب کردے-
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ (۹:۶۱)
وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت دے کر بھیجا تاکہ اسے اور سب دینوں پر غالب کرے-
تُظْهِرُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جمع مذکر حاضر) تم دوپہر کرتے ہو۔
وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ (۳۰:۱۸)
اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے اور تیسرے پہر بھی اور جب دوپہر ہو۔
تَظَاهَرَا باب تفاعل (فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب) دونوں نے ایک دوسرے کی مدد کی۔
تَظَاهَرَ تَظَاهُرًا باب تفاعل کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا (۲۸:۴۸)
کہنے لگے دونوں جادوگر ہیں ایک دوسرے کے موافق۔
تَظَاهَرُوْنَ باب تفاعل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو۔ تَتَظَاهَرُوْنَ میں سے ایک ت گر گئی۔
وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (۲:۸۵)
اور اپنے میں سے بعض لوگوں پر گناہ اور ظلم سے چڑھائی کر کے انہیں وطن سے نکال بھی دیتے ہو۔
ظَهْرٌ (اسم) پیٹھ
ظُهُوْرٌ (اسم جمع) پیٹھیں
الظَّاهِرُ (اسم) مفرد: ظَهْرٌ
ظاہری/بیرونی حصہ ضد: اَلْبَاطِنُ یعنی اندرونی حصہ۔ اسمائے حسنٰی میں سے ایک نام۔
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ (۵۷:۳)
وہ اول ہے آخر ہے ظاہر ہے اور باطن ہے۔
ظَاهِرٌ مرفوع ظَاهِرًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) باہر کی طرف
اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ (۱۳:۳۳)
کیا تم اسے ایسی چیز بتاتے ہو جس کو وہ زمین میں کہیں بھی معلوم نہیں کرتا یا محض ظاہری (باطل اور جھوٹی) بات کی تقلید کرتے ہو۔
(۲) صاف گو کھلا۔
وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ (۶:۱۲۰)
کھلے اور پوشیدہ گناہوں سے پرہیز کرو۔
(۳) ظاہر ہونا۔
يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (۳۰:۷)
یہ تو دنیا کی ظاہری زندگی ہی کو جانتے ہیں۔
(۴) بیرونی حصہ۔
بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ (۵۷:۱۳)
جو اس کی جانب اندرونی ہے اس میں تو رحمت ہے۔ اور جو جانب بیرونی ہے اس طرف عذاب واذیت
ظَاهِرِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) آقا۔ اوپر کی سطح کے لوگ۔
يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ (۴۰:۲۹)
اے قوم! آج تمہاری ہی بادشاہت ہے اور تم ہی ملک میں غالب ہو۔
ظَاهِرَةً منصوب (اسم فاعل واحد مؤنث) (۲) باہر سے۔
وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (۳۱:۲۰)
اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دیں۔
(۲) ظاہر یا آسانی نظر آنے والا۔
وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً (۳۴:۱۸)
اور ہم نے ان کے اور (شام کی) ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت دی تھی ایک دوسرے کے متصل دیہات بنائے تھے جو باآسانی نظر آ سکتے تھے۔
ظَهِيْرٌ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر) معاون، حوصلہ دینے والا/حمایت کرنے والا/علیٰ۔ کسی کے خلاف مدد دینے والا۔
وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا (۲۵:۵۵)
اور کافر اپنے پروردگار کی مخالفت میں بڑا زور مارتا ہے۔
الظَّهِيْرَةُ (اسم) دوپہر کی گرمی
وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ (۲۴:۵۸)
اور جب تم دوپہر کی گرمی کی وجہ سے اپنے کپڑے اتار دیتے ہو۔
ظِهْرِيًّا پس پشت۔ پیٹھ پیچھے
وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا (۱۱:۹۲)
اور اس کو تم نے پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے۔ آیت کا مطلب ہے کہ تم نے اسے نظر انداز کر دیا ہے جس طرح کوئی چیز پیٹھ پیچھے پھینک دی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

☆ ☆ ☆ ☆

عَاذ اسم معرفہ (علم)
دیکھئے ع د و
عَاذ دیکھئے ع و د
عَامّ دیکھئے ع و م

ع ب أ ☆

یَعْبَأ (مہموز) مضارع واحد مذکر غائب)۔
عَبَأ یَعْبَأ عَبأً (ف)
خیال رکھنا فکر مند ہونا۔
قُلْ مَا یَعْبَؤُا بِکُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُکُمْ (۲۵:۷۷)
کہہ دو اگر تم خدا کو نہیں پکارتے تو میرا پروردگار بھی تمہاری کچھ پرواہ نہیں کرتا۔

ع ب ث ☆

تَعْبَثُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم کھیل کرتے ہو۔
عَبِثَ یَعْبَثُ عَبَثًا (س) بیکار کھیلنا
اَتَبْنُوْنَ بِکُلِّ رِیْعٍ اٰیَۃً تَعْبَثُوْنَ (۲۶:۱۲۸)
تم جو ہر اونچی جگہ پر عمارتیں [illegible]تے ہو تم (صرف) ایک عبث کام کر[illegible]ہو (یعنی عظمت اور کارناموں کی یادگاریں)

نوٹ:- یہاں فعل تَعْبَثُوْنَ حال واقع ہوا ہے جو منصوب ہے گویا تم یہ کام فضول اور بیکار کرتے ہو۔

عَبَثًا منصوب (اسم مصدر)
بے کار۔ کھیل تماشے۔ تمسخر۔
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا (۲۳:۱۱۵)
کیا تم سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں یونہی بیکار پیدا کیا ہے۔

ع ب د ☆

عَبَدَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب)
اس نے عبادت کی۔
عَبَدَ یَعْبُدُ عِبَادَۃً وَ عُبُوْدَۃً وَ عُبُوْدِیَّۃً (ن)
خدمت کرنا، عبادت کرنا، تعریف کرنا، بزرگی بیان کرنا، محاورۃً: اطاعت کرنا۔
اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْکُمْ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطٰنَ (۳۶:۶۰)
اے آدم کی اولاد! ہم نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا یعنی شیطان کے احکام کی تعمیل نہ کرنا۔
وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَۃَ وَالْخَنَازِیْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ (۵:۶۰)
اور اس نے ان میں سے کچھ کو بندر، سور بنادیا اور جنہوں نے شیطان کی پرستش کی۔
نوٹ:- لفظ عَبَدَ اکثر مفسرین کے قول کے مطابق اسم جمع ہے یعنی عابد کی جمع لہذا آیت کا ترجمہ یہ ہوگا۔
اس نے ان میں سے کچھ کو بندر، سور اور شیطان کے پرستار بنادیا۔

عَبَدْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے عبادت کی۔
وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ (۴۳:۲۰)
اور کہتے ہیں اگر خدا چاہتا تو ہم ان کو نہ پوجتے

یَعْبُدُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)
وہ عبادت کرتا ہے۔

یَعْبُدُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ عبادت کرتے ہیں۔

لِیَعْبُدُوْا لام تعلیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تاکہ وہ عبادت کریں

اَنْ یَّعْبُدُوْهَا (ن محذوف) کہ وہ اس کی عبادت کریں۔

لِیَعْبُدُوْنِ (لام تعلیل) تاکہ وہ میری عبادت کریں۔
نوٹ:- آخری "ن" دراصل اِنّی کی مخفف صورت ہے نہ کہ ن
وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (۵۱:۵۶)
اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔

تَعْبُدُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو عبادت کرتا ہے۔

تَعْبُدُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر)۔ تم عبادت کرتے ہو۔

لَا تَعْبُدُوْنَ تمہیں عبادت نہیں کرنا چاہئے۔ (یعنی نفی لا فعل سے پہلے آیا ہے۔

اَعْبُدُ (فعل مضارع واحد متکلم) میں عبادت کرتا ہوں۔

اَنْ اَعْبُدَ کہ میں عبادت کروں

www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نَعْبُدُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم عبادت کرتے ہیں۔
اُعْبُدْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو عبادت کر۔
اُعْبُدُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم عبادت کرو۔
اُعْبُدُوْنِیْ (مرکب) تم میری عبادت کرو
لَا تَعْبُدْ (فعل نہی۔واحد مذکر حاضر) تو مت عبادت کر۔
لَاتَعْبُدُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم مت عبادت کرو۔
یُعْبَدُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) ان کی عبادت کی جاتی ہے
اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً یُّعْبَدُوْنَ (۴۳:۴۵)
کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے سوا اور معبود بنائے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے۔
عَبَّدْتَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے غلام بنایا۔
عَبَّدَ یُعَبِّدُ تَعْبِیْدًا (باب تفعیل) غلام بنانا۔ قیدی بنانا۔ چلنے کو راستہ بنانا۔ کارآمد بنانا۔ گروہ بنانا۔
عَبْدٌ، عَبْدُ، اَلْعَبْدُ (اسم مرفوع) عَبْدًا (منصوب) عَبْدِ (مجرور) (۱) غلام یا شرط بندھا آدمی یعنی بندہ (ضد: آزاد آدمی)۔یعنی کسی انسان کی تحویل میں ہو۔
وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ (۲:۲۲۱)
مشرک آزاد مرد سے مؤمن غلام بہتر ہے۔
(۲) ایک نوکر، ایک غلام یا قیدی جو خدا کی تحویل اور نگرانی میں ہو۔یوں تمام مخلوق اللہ کے بندے اور بندیاں ہیں۔

اس طرح جہاں یہ لفظ قرآن کریم میں اللہ کی نسبت سے آتا ہے تو اس سے مراد وہ لوگ ہوتے ہیں جو اپنے کو اپنی خواہش اور خوشی سے اللہ کی تحویل میں دیتے ہیں اور ان احکام الٰہی کی تعمیل کرتے ہیں جو انبیاء کے ذریعے ان تک پہنچتے ہیں۔
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ (۲:۱۷۸)
مؤمنو! تم کو مقتولوں کے بارے میں قصاص یعنی خون بہا کے بدلے (خون) کا حکم دیا جاتا ہے (اس طرح ہر کہ) آزاد کے بدلے آزاد (مارا جائے) اور غلام کے بدلے غلام۔
لَنْ یَّسْتَنْكِفَ الْمَسِیْحُ اَنْ یَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ (۴:۱۷۲)
حضرت مسیحؑ اس بات سے عار نہیں رکھتے کہ خدا کے بندے ہوں۔
عَبْدَیْنِ منصوب (اسم مثنی) (خدا کے) دو بندے
عِبَادٌ، عِبَادًا، اَلْعِبَادُ، اَلْعَبِیْدُ منصوب (اسم جمع) اللہ کے بندے۔
اَلْعٰبِدِیْنَ منصوب اَلْعٰبِدُوْنَ مرفوع (اسم فاعل جمع مذکر) عبادت کرنے والے
عٰبِدٰتٌ (اسم فاعل جمع مؤنث) عبادت کرنے والیاں۔
عِبَادَةٌ (اسم مصدر) عبادت۔پرستش

ع ب ر ☆

تَعْبُرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم تعبیر بتاتے ہو۔
عَبَرَ یَعْبُرُ عَبْرًا وَ عِبَارَةً (ن) وضاحت سے بیان کرنا۔ترجمانی کرنا۔
اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ (۱۲:۴۳)
اگر تم خواب کی تعبیر دے سکتے ہو۔
عَابِرِیْ عَابِرِیْنَ منصوب بحذف ن (اسم فاعل جمع مذکر) عبور کرنے والے۔
عَبَرَ یَعْبُرُ عُبُوْرًا (ن) (پل، راستہ یا دریا) عبور کرنا۔
اِلَّا عَابِرِیْ سَبِیْلٍ (۴:۴۳)
سوائے اس کے کہ بحالت سفر رستے چلے جا رہے ہو۔
عِبْرَةٌ (اسم) عبرت، نصیحت
ایسا سبق جس سے انسان کو تنبیہ ہو یا ایک مثال۔
لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (۱۲:۱۱۱)
ان کے قصے میں عقل مندوں کے لئے عبرت ہے۔
اِعْتَبِرُوْا باب افتعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم عبرت پکڑو۔
اِعْتَبَرَ اِعْتِبَارًا (باب افتعال)۔ اعتبار کرنا۔شمار کرنا۔احتیاط سے مشاہدہ کرنا۔لحاظ رکھنا۔
فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ (۵۹:۲)
اے (بصیرت کی) آنکھیں رکھنے والو! عبرت پکڑو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع ب س ☆

عَبَسَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تیوری چڑھائی - تُرش رو ہوا-

عَبَسَ یَعْبِسُ عُبُوساً (ض) گھورنا، تیکھی نظروں سے دیکھنا- سخت نظروں سے دیکھنا-

عَبَسَ وَ تَوَلّٰی (۸۰:۱)

